(B) یہ وہی مقدس فرشتہ ہے جو موسیٰ کی طرف بھیجا گیا
(C) یہ وہی مقدس فرشتہ ہے جو عیسیٰؑ کی طرف بھیجا گیا
(D) کوئی نہیں

13. ورقہ بن نوفل عیسائی تھا وہ کس آسمانی کتاب کا بڑا عالم تھا؟
(A) انجیل (B) توریت
(C) وید (D) انجیل اور توریت

AWAZEINQILAB.COM

14. ''کاش میں اس وقت تک زندہ وتندرست رہ سکتا جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی قوم نکال دے گی تو میں ضرور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کرتا۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟

(A) عبدالمطلب (B) حضرت عباس
(C) ورقہ بن نوفل (D) حارث بن عبدالمطلب

15. ''اے لباس نبوت اوڑھنے والے اٹھو اور خبردار کرو۔ اپنے رب کی عظمت بیان کرو۔ اپنے آپ کو صاف رکھو۔ گندگی سے دور رہو۔ کوئی چیز اس لیے نہ دو کہ اس کے بدلے میں زیادہ چیز حاصل کرو۔ اپنے رب کی خاطر ہر چیز صبر سے برداشت کرو۔'' یہ کس وحی کے الفاظ ہیں؟

(A) پہلی (B) دوسری
(C) تیسری (D) چوتھی

16. نبوت کے بعد پہلی عبادت جو لازمی فرض قرار دی گئی کیا تھی؟

(A) نماز (B) روزہ
(C) زکوٰۃ (D) حج

17. پہلی وحی کے بعد لوگوں کو جس بنیادی برائی سے دور رہنے کا حکم دیا گیا۔

(A) منافقت (B) قتل
(C) شراب (D) شرک

18. پہلی اور دوسری وحی کے نزول وقفہ کتنا تھا؟

(A) دو ماہ (B) تین ماہ
(C) چار ماہ (D) چھ ماہ

19. وحی کے درمیان طویل وقفہ جس میں وحی کا نزول رک گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) فترۃ الوحی (B) عقرۃ الوحی
(C) عشرۃ الوحی (D) ان میں سے کوئی نہیں

20. یہ الفاظ کس کے ہیں ''اللہ تعالیٰ نے مجھے میرے باپ سے مشورہ لئے بغیر تخلیق کیا۔ اب میں اللہ کی عبادت کیلئے اپنے باپ سے مشورہ کیوں لوں''؟

(A) حضرت ابوبکرؓ صدیق (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت زبیرؓ (D) حضرت علیؓ

21. حضرت ابوبکرؓ کی تبلیغ سے کن اہم شخصیات نے اسلام قبول کیا؟

(A) حضرت عثمان ابن عفان اور زبیر ابن عوام
(B) عبدالرحمٰن ابن عوف اور طلحہ ابن عبداللہ
(C) سعد ابن ابی وقاص (D) تمام

22. اسلام کی تبلیغ کی ابتداء پر غریب لوگوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

(A) صہیب رومیؓ (B) بلال حبشیؓ
(C) یاسرؓ اپنے بیٹے عمار اور بیوی سمیہ کے ہمراہ
(D) تمام

23. اس صحابی کا نام بتائیں جن کا گھر مسلمانوں کیلئے سب سے پہلے اسلام کی تبلیغ کا مرکز بنایا؟

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت ارقم مخزومیؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

24. نبوت کے کتنے سالوں بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھلے عام تبلیغ کا حکم دیا گیا؟

(A) ایک سال (B) دو سال
(C) تین سال (D) چار سال

25. اسلام کی کھلے عام تبلیغ کے حکم کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خاندان کیلئے دعوت کا اہتمام کیا اور ان کو اسلام قبول کرنے کیلئے کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کے کتنے لوگ اس دعوت میں شریک ہوئے؟

(A) 10 (B) 20
(C) 30 (D) 40

26. سورہ حجرات کی کس آیت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھلے عام تبلیغ کا حکم دیا گیا؟

(A) 90 (B) 92
(C) 94 (D) 96

27. دوسری اور تیسری وحی کے درمیان کتنا وقفہ تھا؟

AWAZ E NOILAR.COM

(A) ایک سال (B) 2 سال
(C) 3 سال (D) 4 سال

28. کون سی سورہ تیسری وحی بن کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی؟
(A) دخان (B) حشر
(C) ناس (D) علق

29. ''قبیلہ قریش اگر میں تم سے کہوں کہ میں پہاڑ کی دوسری طرف ایک لشکر دیکھ رہا ہوں۔ تو کیا تم میرا یقین کرلو گے۔'' یہ الفاظ آپؐ نے کس پہاڑ پر کھڑے ہو کر کہے؟
(A) الصفا (B) المروہ
(C) حرا (D) قبیس

30. الصفاء کی پہاڑی پر آپ کی تقریر سننے کے بعد کس نے کہا کہ تجھ پر ہلاکت ہو کیا تم نے ہمیں اس مقصد کیلئے اکٹھا کیا تھا؟
(A) ابوجہل (B) ابوعباس
(C) ابوحمزہ (D) ابولہب

31. کس نے کہا کہ ''بھتیجے آگے بڑھو اور جو تم کہنا چاہتے ہو کہو۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں تمہیں تمہارے دشمنوں کے ساتھ مل کر کبھی دھوکہ نہیں دوں گا؟
(A) ابولہب (B) حضرت عباسؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) ابوطالب

32. ابولہب کے سوا کس قبیلے نے ابوطالب کے ساتھ مل کر آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قریش کے خلاف دفاع کیا؟
(A) بنوہاشم (B) بنوالمطلب
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

33. نبوت کے پہلے تین سالوں میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خفیہ تبلیغ سے کتنے لوگوں نے اسلام قبول کیا تھا؟
(A) 10 (B) 20
(C) 30 (D) 40

34. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) حضرت خدیجہؓ وہ پہلی ہستی تھیں جنہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خانہ کعبہ میں نماز ادا کی
(B) حضرت علیؓ وہ پہلی شخصیت تھے جنہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خانہ کعبہ میں نماز ادا کی
(C) حضرت ابوبکرؓ وہ پہلی شخصیت تھے جنہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خانہ کعبہ میں نماز ادا کی۔
(D) ان میں سے کوئی نہیں

35. حضرت طلحہؓ نے نبوت کے کس سال اسلام قبول کیا؟
(A) پہلے سال (B) دوسرے سال
(C) تیسرے سال (D) چوتھے سال

36. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت طلحہؓ کو کیا خطاب دیا؟
(A) صدیق (B) طیب
(C) فاروق (D) فیاض

37. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت طلحہؓ کو کس نام سے پکارتے تھے؟
(A) طلحہ خیر (B) طلحہ جود
(C) دونوں ناموں سے (D) ان میں سے کوئی نہیں

38. ''میرے ساتھ اپنی ذات کا تحفظ بھی کرو اور مجھ پر اتنا بوجھ مت ڈالو جسے میں برداشت نہ کرسکوں۔'' یہ الفاظ کس شخصیت نے کس سے کہے؟
(A) ابوطالب نے ابولہب سے
(B) ابولہب نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
(C) ابوطالب نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
(D) حضرت عباسؓ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہے

39. آپؐ نے کس سے کہا کہ ''وہ وقت قریب ہے جب تم کم ہنسو گے اور زیادہ روؤ گے۔
(A) ابوطالب (B) ابوجہل
(C) ابوتراب (D) کوئی نہیں

AWAZ E INQILAB.COM

40. کس شخص نے ابوجہل کے سر پر تیر مارا تھا؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت عباسؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

41. مکہ میں پہلے کاتب وحی کون تھے؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) شرجیل ابن حسنہ کندی (D) ان میں سے کوئی نہیں

42. ابوجہل کی بدبخت بیوی کا کیا نام تھا جو آپؐ پر کوڑا کرکٹ پھینکتی تھی۔
(A) ام ہندہ (B) ام حسانہ
(C) ام عقبہ (D) ام جمیل

43. کس نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس وقت اونٹ کی اوجھ مع نجاست پھینکی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں نماز ادا کر رہے تھے؟
(A) عقبہ ابن مخذوم (B) عقبہ ابن ابی معیط
(C) عقبہ ابن ابی رجانہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

44. یہ الفاظ کس کے ہیں ''یہ ضروری نہیں کہ اسے پیغمبر، دیوانہ یا شاعر کہا جائے لیکن اس کی آیات کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ باپ کو بیٹے سے بھائی کو بھائی سے، بھائی کو بہن سے، اور ایک شوہر کو اس کی بیوی سے جدا کر سکتی ہیں''؟
(A) ابوجہل (B) ابولہب
(C) ولید ابن مغیرہ (D) ابومعاویہ

45. ''محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تمہیں جھوٹا نہیں کہتا لیکن میں تمہارے کہے ہوئے الفاظ کو قبول نہیں کر سکتا۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟
(A) ابولہب (B) ابوجہل
(C) ابوطالب (D) ابوعباس

46. جب قریش کے مظالم حد سے زیادہ بڑھ گئے تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ سے کیا دعا کی؟
(A) تم بہتر جانتے ہو کہ کوئی بھی تمہارا دین قبول کرنے کو تیار نہیں
(B) اے خدا انہیں ختم کر دے
(C) اے خدا دشمنوں کیخلاف ہماری مدد کر
(D) ان میں سے کوئی نہیں

47. اے خدا ''اسلام کو ان لوگوں کے ذریعے طاقت دے'' یہ دعا آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے حق میں فرمائی؟
(A) عمر اور ابومعاویہ (B) عمر اور مغیرہ
(C) عمر اور ابوجہل (D) عمر اور ابولید ابن مغیرہ

48. ابوجہل کا اصلی نام کیا تھا؟
(A) حسن ابن مطلب (B) عمرو ابن ہشام
(C) علی ابن عبداللہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

49. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کرنے کیلئے قریش نے کیا ترغیب دی جسے سن کر حضرت عمرؓ آپؐ کو قتل کرنے کے ارادے سے بڑھے؟
(A) 100 اونٹ (B) 100 گھوڑے
(C) تنظیم میں اعلیٰ مقام (D) تمام

50. جب حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کرنے کیلئے دار ارقم کا دروازہ کھٹکھٹایا تو کس نے دروازہ کھولا تھا؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت عثمانؓ
(D) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

51. حضرت عمرؓ فاروق نے کب اسلام قبول کیا؟
(A) 600 عیسوی (B) 608 عیسوی
(C) 612 عیسوی (D) 616 عیسوی

52. حضرت ابوبکرؓ نے کن شخصیات کو خرید کر آزاد کیا تھا؟
(A) بلالؓ حبشی اور لبینہؓ (B) زہرہؓ اور نہدیہؓ
(C) تمام (D) ان میں سے کوئی نہیں

53. قریش کے کس عظیم پہلوان نے تین دفعہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکست کھائی تھی؟
(A) عقبہ (B) حکم
(C) رکانہ (D) دشد

AWAZ-E-HAQ LAB.COM

54. قریش کے اس مشہور پہلوان کا نام بتائیں جنہوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لڑائی کی اور اسلام قبول نہیں کیا؟

(A) عبداللہ جمعی (B) ابولہب
(C) عبداللہ حسن (D) ابوجہل

55. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خانہ کعبہ میں نماز ادا کر رہے تھے تو وہ کون شخص تھا جو پتھر لے کر آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کرنے کے ارادے سے بڑھا لیکن جب وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بڑھا تو اسے ایک بہت بڑا اونٹ منہ کھولے اپنی طرف بڑھتا ہوا دکھائی دیا۔ جس کے خوف سے پتھر اس کے ہاتھ سے گر گیا؟

(A) ابوجہل (B) ابوسفیان
(C) ابومغیرہ (D) ابوامیہ

56. کون سے صحابی نبوت کے ابتدائی دنوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حبیب کہلاتے تھے؟

(A) حضرت زیدؓ ابن حارثہ (B) حضرت ابوبکرؓ صدیق
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت زبیرؓ ابن العوام

57. حضرت زبیرؓ ابن العوام کون تھے؟

(A) اسلام کے پہلے شہید
(B) اسلام کی راہ میں پہلے زخمی شخص
(C) پہلے شخص جنہوں نے اسلام کی خاطر تلوار اٹھائی
(D) پہلے شخص جنہوں نے اسلام کی خاطر ایک کافر کو قتل کیا

58. ''کس نے آپؐ سے کہا کہ اگر تم شادی کرنا چاہتے ہو تو ہم تمہیں قبیلہ قریش کی خوبصورت ترین عورت پیش کریں گے۔ اگر تم مرتبہ اور شہرت چاہتے ہو تو ہم تمہیں مہیا کریں گے۔''

(A) ابوسفیان (B) عتبہ ابن ربیعہ
(C) ابوجہل (D) ولید ابن مغیرہ

59. کس نے اپنی عبا آپؐ کی گردن مبارک میں عبا ڈال کر گھسیٹا؟

(A) عقبہ ابن ابی معیط (B) عقبہ ابن مغیرہ
(C) عقبہ ابن عتیق (D) عقبہ ابن عتبہ

60. گلے میں عبا ڈال کر گھسیٹنے والے شخص کو کس نے روکا؟

(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

61. وہ کون سے صحابی تھے جن کے گلے میں پھندا ڈال کر گرم ریت پر گھسیٹا جاتا تھا وہ ''احد احد'' کے علاوہ کچھ نہیں پکارتے تھے؟

(A) حضرت بلالؓ (B) حضرت خبابؓ
(C) حضرت ابوبکرؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

62. اسلام کے ابتدائی دنوں میں جن صحابہ کرام نے اسلام قبول کیا' ان کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) السابقون الاولون (B) الاولون
(C) عظیم صحابہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

63. 5 نبوی' میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کو کہاں ہجرت کرنے کو کہا؟

(A) مدینہ (B) حبشہ
(C) کوفہ (D) بصرہ

64. حبشہ کی پہلی ہجرت میں کتنی عورتیں شامل تھیں؟

(A) ایک (B) دو
(C) تین (D) چار

65. حبشہ کی پہلی ہجرت میں کتنے مرد شامل تھے؟

10 (A) 12 (B)
14 (C) 16 (D)

66. مسلمان حبشہ میں کتنے عرصہ رہے؟

(A) ایک ماہ (B) دو ماہ
(C) تین ماہ (D) چار ماہ

67. قریش نے حبشہ کی مسلمانوں کی مدینہ واپسی کیلئے اپنا نمائندہ کس شخص کو بنا کر بھیجا تھا؟

(A) عبداللہ ابن ربیعہ (B) عمرو ابن العاص
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

AWAZ E INQILAB.COM

68. پہلی ہجرت حبشہ کے بعد مسلمان کس خبر کو سن کر مکہ لوٹ آئے؟
(A) بنو ہاشم کا قبول اسلام (B) بنو تمیم کا قبول اسلام
(C) بنو امیہ کا قبول اسلام (D) بنو قریش کا قبول اسلام

69. دوسری ہجرت حبشہ 615 عیسوی میں ہوئی وہ کون سا سال نبوت تھا؟
(A) پانچویں نبوی (B) چھٹی نبوی
(C) ساتویں نبوی (D) آٹھویں نبوی

70. دوسری ہجرت حبشہ میں شامل تھے.....
(A) 83 آدمی اور 18 عورتیں
(B) 80 آدمی اور 20 عورتیں
(C) 70 آدمی اور 25 عورتیں
(D) 60 آدمی اور 30 عورتیں

71. کب قریش کے وفود دوسری دفعہ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کو واپس لینے گئے لیکن ناکام لوٹے؟
(A) چھ نبوی (B) سات نبوی
(C) آٹھ نبوی (D) نو نبوی

72. حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے کب اسلام قبول کیا؟
(A) پانچویں نبوی (B) چھٹی نبوی
(C) ساتویں نبوی (D) آٹھویں نبوی

73. بنو ہاشم کا معاشرتی بائیکاٹ کب واقع ہوا؟
(A) 8 نبوی (B) 5 نبوی
(C) 6 نبوی (D) 7 نبوی

74. شعب ابی طالب مکہ سے تین میل کے فاصلے پر کہاں واقع ہے؟
(A) جبل نور (B) جبل حرا
(C) جبل خزامہ (D) جبل طالب

75. شعب کا کیا مطلب ہے؟
(A) میدان (B) غار
(C) گھاٹی (D) دریا

76. شعب ابی طالب کا مالک کون تھا؟
(A) حضرت عباسؓ (B) حضرت ابو طالبؓ
(C) حضرت عبدالمطلبؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

77. کس واقعہ کے بعد قریش کے مظالم مسلمانوں پر بڑھ گئے؟
(A) حبشہ میں وفد کی ناکامی کے بعد
(B) شعب ابی طالب
(C) ہجرت مدینہ کے بعد (D) ان میں سے کوئی نہیں

78. قریش نے مسلمانوں کا کتنے سال معاشرتی بائیکاٹ کیا اور مسلمان شعب ابی طالب میں محصور رہے؟
(A) دو سال (B) تین سال
(C) 4 سال (D) ایک سال

79. قریش کے تمام قبائل نے مسلمانوں کا معاشرتی بائیکاٹ کرنے کی غرض سے ایک معاہدے پر دستخط کیے وہ معاہدہ کہاں پر لٹکایا گیا؟
(A) کعبہ کی مشرقی دیوار پر (B) کعبہ کی مغربی دیوار پر
(C) کعبہ کی شمالی دیوار پر (D) کعبہ کی جنوبی دیوار پر

80. قریش کے معاشرتی بائیکاٹ کے دوران وہ کون سی شخصیت تھی جو اپنے اونٹ پر اشیائے خورد و نوش کا سامان لاد کر رات کی تاریکی میں مسلمانوں تک پہنچاتی تھی؟
(A) ہشام ابن عمرو (B) ہاشم ابن ہاشم
(C) ہاشم ابن علی (D) ہاشم ابن عبداللہ

81. شعب ابی طالب میں رہنے والے مسلمانوں کے مصائب دیکھ کر سب سے پہلے کس نے آواز اٹھائی؟
(A) زھیر ابن امیہ (B) زبیر ابن علی
(C) زبیر ابن عبداللہ (D) زبیر ابن مطلب

82. زھیر ابن امیہ کا ابو طالب سے کیا رشتہ تھا؟
(A) ابو طالب کے بیٹے تھے (B) ابو طالب کے چچازاد
(C) ابو طالب کے بھانجے (D) ان میں سے کوئی نہیں

83. زھیر ابن امیہ کی والدہ عاتکہ بنتی تھیں۔
(A) عبدالمطلب کی (B) ابولہب کی
(C) ابو طالب کی (D) کوئی نہیں

AWAZE-INQILAB.COM

84. کس نے زہیر ابن امیہ کی مخالفت کی لیکن بعد میں براہ راست مخالفت سے بچنے کیلئے ہاں میں ہاں ملائی؟
(A) ابوسفیان (B) ابوطالب
(C) ابوجہل (D) ابوعباس

85. اس شخص کا کیا نام تھا جو معاہدہ شعب ابی طالب کو پھاڑنا چاہتا تھا لیکن وہ معاہدہ پہلے ہی دیمک کھا چکی تھی سوائے ''بسم اللہ'' کے الفاظ کے؟
(A) زمعہ (B) الوالبختری
(C) زہیر (D) مطعم

86. شق القمر (چاند کا دو حصوں میں تقسیم ہونا) کا واقعہ کب پیش آیا؟
(A) پانچویں نبوی (B) چھٹی نبوی
(C) ساتویں نبوی (D) آٹھویں نبوی

87. وہ کون اہم شخص تھے جو دسویں نبوی ماہ رمضان میں وفات پا گئے؟
(A) ابوطالب (B) ابوعباس
(C) ابوحمزہ (D) ابوطالب

88. ابوطالب کی وفات کے کتنے دن بعد حضرت خدیجہؓ کا بھی انتقال ہوگیا؟
(A) ایک دن (B) دو دن
(C) تین دن (D) چار دن

89. آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قریش نے مجھے کبھی اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا..... کی وفات کے بعد پہنچایا.....
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت سمیہؓ
(C) حضرت ابوطالب (D) ان میں سے کوئی نہیں

90. قریش کے مصائب سے تنگ آ کر کب آپؐ نے طائف جانے کا ارادہ کیا؟
(A) 9 نبوی (B) 10 نبوی
(C) 11 نبوی (D) 12 نبوی

91. طائف مکہ سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟
(A) 90 کلومیٹر (B) 92 کلومیٹر
(C) 93 کلومیٹر (D) 94 کلومیٹر

92. سفر طائف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ کون تھے؟
(A) حضرت بلالؓ ابن رباح (B) حضرت زیدؓ ابن حارث
(C) حضرت خبابؓ ابن ارت (D) حضرت عبداللہؓ ابن مسعود

93. طائف میں کون سے قبیلہ آباد تھا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پتھر برسوائے؟
(A) قریش (B) اوس
(C) خزرج (D) ثقیف

94. طائف میں جب آپؐ پر پتھر پھینکے گئے تو آپؐ نے کس کی دیوار کے سائے میں پناہ لی؟
(A) عتبہ (B) شیبہ
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

95. عتبہ اور شیبہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟
(A) تمیم (B) عدی
(C) اسد (D) قریش

96. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کب کہا کہ ''اے اللہ! اپنی کمزوری اور طاقت کی کمی اور لوگوں کی نظروں میں ہیچ ہونے کی تیری طرف شکایت کرتا ہوں۔ اے رحم کرنے والے اے رب تو ہی کمزوروں کا رب ہے اور تو ہی میرا رب ہے؟
(A) طائف سے واپسی پر (B) مکہ سے واپسی پر
(C) ہجرت کے موقع پر (D) ہجرت حبشہ کے وقت

97. سفر طائف سے واپسی پر عتبہ اور شیبہ نے اپنے کس عیسائی غلام کے ہاتھ کچھ انگور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجے؟
(A) عدی (B) اسد
(C) جان (D) عداس

98. عداس نینوا کا رہائشی تھا نینوا میں کس نبی کو بھیجا گیا؟
(A) حضرت یوسفؑ (B) حضرت یونسؑ
(C) حضرت موسیٰؑ (D) حضرت عیسیٰؑ

99. جب آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگور چکھنے سے پہلے بسم اللہ پڑھی تو عداس نے کیا کہا؟

AWAZ E NOILAB.COM

(A) یہ اس دنیا کے الفاظ نہیں ہیں
(B) تم جھوٹے ہو
(C) یہ وہ الفاظ نہیں جو یہاں کے باشندے عام طور پر بولتے ہیں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

100. طائف کے لوگ کس بت کی پوجا کرتے تھے؟
(A) لات (B) منات
(C) ہبل (D) عزیٰ۔

101. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بدترین دشمن ابوجہل کا لقب کیا تھا؟
(A) ابوالحکم (B) ابوالعقبہ
(C) ابوالعتبہ (D) ابوالمغیرہ

102. 27 رجب 10 نبوی کو کون سا اہم واقعہ پیش آیا؟
(A) ابوطالب کا قبول اسلام (B) معراج
(C) ہجرت مدینہ (D) دوسری ہجرت حبشہ

103. معراج کی رات آپ کا قیام اپنی کس چچازاد بہن کے گھر تھا؟
(A) ام ہانی (B) ام علی
(C) ام طلحہ (D) کوئی نہیں

104. ام ہانی کس کی بیٹی تھیں؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) حضرت ابوطالب
(C) حضرت عباسؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

105. معراج کے سفر میں آپ کی پہلی منزل
(A) پہلا آسمان تھا (B) مسجد اقصیٰ تھی
(C) دوسرا آسمان تھا (D) کوئی نہیں

106. وہ کون سی شخصیت تھیں جن کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معراج کا واقعہ سنایا تو انہوں نے کہا کہ لوگوں کو مت بتائیں وہ یقین نہ کریں گے؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت خدیجہؓ
(C) حضرت ام ہانیؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

107. کون سی شخصیت نے صرف سن کر واقعہ معراج کی تصدیق کی؟
(A) ام ہانیؓ (B) حضرت خدیجہؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت ابوبکر صدیقؓ

108. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس جانور کے ذریعے سفر معراج طے کیا؟
(A) اونٹ (B) گھوڑا
(C) براق (D) ان میں سے کوئی نہیں

109. معراج میں آپؐ کی پہلی منزل تھی۔
(A) پہلا آسمان (B) مسجد اقصیٰ
(C) جنت (D) کوئی نہیں

110. معراج کے سفر میں مسجد اقصیٰ کی طرف جاتے ہوئے آپؐ کے ہمراہ کون تھا؟
(A) حضرت جبرائیلؑ (B) حضرت میکائیلؑ
(C) حضرت اسرافیلؑ (D) کوئی نہیں

111. معراج کے سفر میں وہ کون سی جگہ تھی جہاں پر حضرت جبرائیلؑ نے آگے جانے سے انکار کر دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اکیلے آگے گئے؟
(A) سدرۃ المنتہیٰ (B) جنت معلیٰ
(C) وقوف اسریٰ (D) ان میں سے کوئی نہیں

112. سدرۃ المنتہیٰ کا مطلب کیا ہے؟
(A) نور کا درخت (B) نور کا گھر
(C) نور کی جگہ (D) مقام نور

113. ساتویں آسمان پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کس ہستی سے ہوئی؟
(A) حضرت ابراہیمؑ (B) حضرت نوحؑ
(C) حضرت اسماعیلؑ (D) حضرت یوسفؑ

114. اس شخصیت کا نام بتائیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھٹے آسمان پر ملے؟
(A) حضرت اسماعیلؑ (B) حضرت آدمؑ
(C) حضرت موسیٰؑ (D) حضرت عیسیٰؑ

AWAZ E IQILAB.COM

115. پہلے آسمان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کس سے ہوئی؟

(A) حضرت عیسیٰؑ (B) حضرت ادریسؑ
(C) حضرت شیثؑ (D) حضرت آدمؑ

116. واقعہ معراج کے دوران آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات دوسرے، تیسرے، چوتھے اور پانچویں آسمان پر کن انبیاءؑ سے ہوئی تھی؟

(A) حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ
(B) حضرت ادریسؑ اور حضرت یحییٰؑ
(C) حضرت عیسیٰؑ اور حضرت سلیمانؑ
(D) تمام

117. معراج کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کس فرشتے سے ہوئی جو صور سے منہ لگائے ہوئے تھے؟

(A) حضرت جبرائیلؑ (B) حضرت اسرافیلؑ
(C) حضرت میکائیلؑ (D) حضرت عزرائیلؑ

118. معراج کی رات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس چیز کا تحفہ عطا کیا گیا؟

(A) 10 صلوٰۃ (B) 20 صلوٰۃ
(C) 40 صلوٰۃ (D) 50 صلوٰۃ

119. حضرت موسیٰ کے کہنے پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازوں کی تعداد کم کروانے کیلئے خدا تعالیٰ کے پاس کتنی مرتبہ گئے یہاں تک کہ نمازوں کی تعداد صرف پانچ رہ گئی؟

(A) 5 مرتبہ (B) 6 مرتبہ
(C) 7 مرتبہ (D) 9 مرتبہ

120. واقعہ معراج کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے فرشتوں کو بیت المعمور کا طواف کرتے دیکھا؟

(A) 50,000 (B) 60,000
(C) 70,000 (D) 80,000

121. واقعہ معراج کو _____ بھی کہتے ہیں۔

(A) واقعہ سدرۃ المنتہیٰ (B) واقعہ اسریٰ
(C) واقعہ معمور (D) کوئی نہیں

122. اسریٰ کے کیا معانی ہیں؟

(A) نبوت (B) سفر
(C) اوپر جانا (D) ہجرت

123. معراج کے دوران کس مقام پر تمام انبیائے کرام نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت میں نماز ادا کی تھی؟

(A) مسجد اقصیٰ (B) مسجد نبوی
(C) مسجد حرام (D) مسجد قبا

124. مدینہ میں اسلام کس سال پھیلنا شروع ہوا؟

(A) 10 نبوی (B) 11 نبوی
(C) 12 نبوی (D) 13 نبوی

125. 11 نبوی میں مدینہ کے پہلے 6 انصار نے اسلام قبول کیا، وہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

(A) بنواسد (B) بنوتمیم
(C) بنوخزرج (D) بنواوس

126. یثرب کے کچھ لوگوں کا گروہ مکہ قبول اسلام کے ارادے سے آیا اور آپؐ کو العقبہ کے مقام پر ملا اور کون سا معاہدہ کیا؟

(A) بیعت عقبہ اولیٰ (B) بیعت عقبہ ثانیہ
(C) بیعت عقبہ اول (D) بیعت عقبہ آخر

127. بیعت عقبہ اولیٰ کس سال ہوئی؟

(A) 11 نبوی (B) 12 نبوی
(C) 13 نبوی (D) 14 نبوی

128. بیعت عقبہ اولی کے 12 اسلام قبول کرنے والوں میں ہے۔

(A) 6 کا تعلق قبیلہ خزاج سے تھا
(B) 6 کا تعلق قبیلہ روس سے تھا
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

129. بیعت عقبہ اولیٰ کے بعد، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوس اور خزرج کے مسلمانوں کے ہمراہ اسلام کی تعلیمات کیلئے کس کو معلم بنا کر بھیجا؟

AWAZE-INQILAB.COM

(A) مصعب بن عمیرؓ (B) عبداللہؓ ابن ام کلثوم
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

130. بیعت عقبہ اولیٰ میں کتنے لوگوں نے اسلام قبول کیا؟
(A) 10 (B) 11
(C) 12 (D) 13

131. مدینہ میں پہلی صلوٰۃ جمعہ کے امام کون تھے؟
(A) اسد ابن رضا (B) مالک ابن رضا
(C) طلحہ ابن رضا (D) عبداللہ ابن رضا

132. مدینہ میں صلوٰۃ جمعہ کا آغاز کب ہوا؟
(A) 11 نبوی کے اختتام پر (B) 11 نبوی کے آغاز پر
(C) 12 نبوی کے اختتام پر (D) 12 نبوی کے آغاز پر

133. کب حضرت مصعب بن عمیرؓ کے ہمراہ لوگوں کا ایک گروہ حج کے لیے مدینہ سے مکہ آیا؟
(A) 11 نبوی (B) 12 نبوی
(C) 13 نبوی (D) 14 نبوی

134. حضرت مصعب بن عمیرؓ کے ہمراہ لوگوں کے اس گروہ میں دو خواتین اور _____ ؟
(A) 50 مرد تھے (B) 60 مرد تھے
(C) 73 مرد تھے (D) 83 مرد تھے

135. بیعت عقبہ ثانیہ کا واقعہ کب پیش آیا؟
(A) نبوت کے 11 ویں سال
(B) نبوت کے 12 ویں سال
(C) نبوت کے 13 ویں سال
(D) نبوت کے 14 ویں سال

136. بیعت عقبہ ثانیہ میں کتنے افراد شامل تھے؟
(A) 70 (B) 71
(C) 72 (D) 73

137. رافع ابنؓ مالک کون تھے؟
(A) وہ انصاری جنہوں نے بیعت عقبہ اولیٰ میں حصہ لیا
(B) وہ انصاری جنہوں نے بیعت عقبہ ثانیہ میں حصہ لیا
(C) وہ انصاری جنہوں نے ان دونوں معاہدوں میں حصہ لیا
(D) وہ انصاری جنہوں نے کسی معاہدے میں حصہ نہیں لیا

138. عقبہ کس جگہ کے قریب واقع ہے؟
(A) مدینہ (B) مکہ
(C) کوفہ (D) یثرب

139. براءؓ ابن معرور کون تھے؟
(A) قبیلہ خزرج کے سردار (B) قبیلہ اوس کے سردار
(C) قبیلہ تمیم کے سردار (D) قبیلہ قریش کے سردار

140. بیعت عقبہ ثانیہ پر کس نے خدشہ ظاہر کیا کہ آپؐ انہیں چھوڑ کر واپس اپنے لوگوں میں تو نہ چلے جائیں گے؟
(A) ابوالہاشم (B) ابوطیہان
(C) ابوالہاشم ابن طیہان (D) ان میں سے کوئی نہیں

141. عقبہ کے دوسرے معاہدے کے وقت قبیلہ اوس کے سردار کون تھے؟
(A) سعدؓ ابن معاذ (B) سعد ابن عبیدہ
(C) سعد ابن حسن (D) سعد ابن ولید

142. ابوجہل نے عقبہ کے معاہدے سے پریشان ہو کر قریش کے تمام سرکردہ افراد کو کہاں اکٹھا کیا لیکن اس معاہدے کا کوئی حل نہ نکال سکا؟
(A) خانہ کعبہ (B) دارالندوہ
(C) عقبہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

143. ابوقتادہؓ کون تھے؟
(A) پہلے صحابی جنہوں نے مدینہ ہجرت کی
(B) آخری صحابی جنہوں نے مدینہ ہجرت کی
(C) وہ صحابی جنہوں نے مدینہ ہجرت نہیں کی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

144. نبوت کے کس سال سب سے زیادہ مسلمانوں نے ہجرت کی؟
(A) 11 (B) 12
(C) 13 (D) 14

AWAZ E INQILAB.COM

145. نبوت کے کون سے سال حضرت عمرؓ نے کھلے عام مدینہ ہجرت کی لیکن کوئی آپ کو روک نہ سکا؟

(A) 11 (B) 12
(C) 13 (D) 14

146. ہجرت مدینہ میں حضرت عمرؓ کے ساتھ کتنے لوگ شامل تھے؟

(A) 10 (B) 12
(C) 15 (D) 20

147. اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہجرت کا حکم سننے کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس شخصیت کو یہ حکم سنایا اور ہجرت مدینہ میں انہیں اپنا ساتھی بنایا؟

(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) حضرت ابوبکر صدیقؓ
(C) حضرت علی المرتضیٰؓ (D) حضرت عثمان غنیؓ

148. ہجرت مدینہ کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس شخصیت کو اپنی عبا پہنانے اور اپنے بستر پر سونے کیلئے کہا؟

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

149. مکہ کو چھوڑتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خانہ کعبہ کے متعلق کون سے الفاظ کہے؟

(A) میری مدد کرو
(B) میں واپس آؤں گا
(C) تم مجھے ہر چیز سے زیادہ عزیز ہو لیکن تمہارے بیٹے مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے
(D) تمہارے بیٹوں نے مجھے نکالا ہے

150. مدینہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس اونٹنی پر سفر کیا اس کا نام کیا تھا؟

(A) دلدل (B) عنزہ
(C) قصویٰ (D) ذوالفقار

151. مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کہاں پناہ لی تھی؟

(A) غار حرا (B) غار ثور
(C) وادی شعب (D) صفا کی پہاڑی

152. مکہ سے مدینہ ہجرت کے دوران نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی جائے پناہ سے کون واقف تھے؟

(A) حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے عبداللہ
(B) عائشہؓ اور اسماءؓ حضرت ابوبکر کی بیٹیاں
(C) عامر بن فہیرہ حضرت ابوبکرؓ کے غلام
(D) تمام

153. غار ثور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک خوراک پہنچانا کس کی ذمہ داری تھی؟

(A) اسماءؓ بنت ابی بکرؓ (B) عائشہؓ بنت ابی بکرؓ
(C) عبداللہؓ بن ابی بکرؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

154. کون حضرت ابوبکرؓ کی بکریاں چرایا کرتے تھے اور غار ثور کے قریب سے گزرتے ہوئے انہیں گوشت اور دودھ فراہم کرتے تھے؟

(A) عبداللہ ابن ابی بکر (B) عامر بن فہیرہ
(C) عمر ابن ابی بکر (D) ان میں سے کوئی نہیں

155. غار ثور سے متعلق وہ کون سے معجزات تھے جس کی وجہ سے قریش حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کو تلاش نہ کر سکے؟

(A) مکڑی جس نے جالا بن کر غار کا دروازہ بند کر دیا
(B) دو کبوتر جنہوں نے اپنے گھونسلے بنا کر ان میں انڈے دیئے
(C) درخت جس نے غار ثور کے دروازے پر اپنی شاخیں اس طرح پھیلائیں کہ کوئی اس میں داخل نہ ہو سکے
(D) تمام

156. جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غار ثور میں چھپے ہوئے تھے تو قریش نے نوجوان کو کس لالچ کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تلاش اور ختم کرنے کیلئے بھیجا؟

(A) 50 سرخ اونٹ (B) 100 سرخ اونٹ
(C) 150 سرخ اونٹ (D) 200 سرخ اونٹ

AWAZE-INQILAB.COM

157. قریش کے اس نوجوان کا نام بتائیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کو تلاش کرنے میں کامیاب ہو گیا لیکن جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچا تو اس کا گھوڑا اس سمیت گر گیا۔ یہ واقعہ چار دفعہ رونما ہوا۔ اس پر اس نوجوان نے محسوس کیا کہ اس منصوبہ میں خدا کی مرضی شامل نہیں ہے؟

(A) سراقہ ابن جعشم (B) سراقہ ابن عتبہ
(C) سراقہ بن ولید (D) سراقہ ابن حکام

158. سراقہ کو سونے کے کنگن پہنانے کی آپ کی پیش گوئی کس کے دور خلافت میں پوری ہوئی؟

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر ابن خطابؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علی المرتضیٰؓ

159. عبداللہ ابن اریقط کون تھا؟ (PCS Judicial 2001)

(A) ہجرت مدینہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھی
(B) ہجرت مدینہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رہنما
(C) ہجرت مدینہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معاون و مددگار
(D) ان میں سے کوئی نہیں

160. نبوت کے کس سال حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حمزہؓ جو سید الشہداء بھی کہلاتے تھے نے اسلام قبول کیا؟

(A) 4 نبوی (B) 5 نبوی
(C) 6 نبوی (D) 7 نبوی

161. جنت معلیٰ کہاں پر واقع ہے؟

(A) مدینہ (B) مکہ
(C) طائف (D) کوفہ

162. قرآن پاک کا نزول کس رات کو ہوا تھا؟

(A) شب معراج (B) لیلۃ القدر
(C) لیلۃ العروس (D) شب برات

163. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ کون سا ہے؟

(A) معراج (B) شق القمر
(C) قرآن پاک (D) تمام

164. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے عظیم معجزہ قرآن پاک ہے یہ کس ماہ نازل ہوا؟

(A) محرم (B) صفر
(C) ذی الحج (D) رمضان

165. باغ فدک نبی پاکؐ کو بطور _____ عطا کیا گیا۔

(A) فے (B) مال غنیمت
(C) قرض (D) تحفہ

166. نبی پاکؐ کے مطابق اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ ترین جگہ ہے۔

(A) عیدگاہ (B) بازار
(C) مسجد (D) گھر

167. حضور ﷺ کے بارے میں یہ کس کے الفاظ ہے۔

''رسول اللہ اس طرح ٹھہر ٹھہر کر گفتگو کرتے تھے کہ اگر کوئی آپ کے الفاظ گننا چاہتا تو گن سکتا تھا''۔

(A) حضرت ابوہریرہ (B) حضرت عبداللہ بن مسعود
(C) حضرت عائشہ (D) حضرت ام سلمیٰ

168. آپ ﷺ کے ہجرت مدینہ کے وقت مدینہ پہنچنے پر مدینے کے بچے خوشی سے باہر نکل کر یہ گیت گا رہے تھے۔

طلع البدر علینا مِن ثنیات الوَداع
وَجَبَ الشُکر علینا مادعا اللہ داع

169. یہ بتائیں یہی گیت دوبارہ کس موقع پر گایا گیا۔

(A) غزوہ بدر سے واپسی پر
(B) فتح مکہ سے واپسی پر
(C) صلح حدیبیہ سے واپسی پر
(D) جنگ تبوک سے واپسی پر

AWAZ E INQILAB.COM

جوابات

1. (D) 2. (B) 3. (B) 4. (A) 5. (D) 6. (A) 7. (B) 8. (B)
9. (D) 10. (B) 11. (A) 12. (B) 13. (D) 14. (C) 15. (B) 16. (A)
17. (D) 18. (D) 19. (A) 20. (D) 21. (B) 22. (D) 23. (C) 24. (C)
25. (D) 26. (C) 27. (C) 28. (A) 29. (A) 30. (D) 31. (D) 32. (C)
33. (D) 34. (A) 35. (A) 36. (D) 37. (C) 38. (C) 39. (B) 40. (C)
41. (C) 42. (D) 43. (B) 44. (C) 45. (B) 46. (A) 47. (C) 48. (B)
49. (A) 50. (D) 51. (D) 52. (C) 53. (C) 54. (A) 55. (A) 56. (B)
57. (C) 58. (B) 59. (A) 60. (A) 61. (A) 62. (A) 63. (B) 64. (D)
65. (B) 66. (C) 67. (C) 68. (A) 69. (B) 70. (A) 71. (A) 72. (C)
73. (D) 74. (C) 75. (C) 76. (A) 77. (A) 78. (B) 79. (B) 80. (A)
81. (A) 82. (C) 83. (A) 84. (C) 85. (D) 86 (A) 87. (A) 88. (C)
89. (C) 90. (B) 91. (D) 92. (B) 93. (D) 94. (C) 95. (D) 96. (A)
97. (D) 98. (B) 99. (C) 100. (A) 101. (A) 102. (B) 103. (A) 104. (B)
105. (B) 106. (C) 107. (D) 108. (C) 109. (B) 110. (A) 111. (A) 112. (A)
113. (A) 114. (C) 115. (D) 116. (D) 117. (B) 118. (D) 119. (D) 120. (C)
121. (B) 122. (C) 123. (A) 124. (B) 125. (C) 126. (A) 127. (B) 128. (C)
129. (C) 130. (C) 131. (A) 132. (B) 133. (C) 134. (C) 135. (C) 136. (D)
137. (C) 138. (B) 139. (A) 140. (C) 141. (A) 142. (B) 143. (A) 144. (C)
145. (C) 146. (D) 147. (B) 148. (B) 149. (C) 150. (C) 151. (B) 152. (D)
153. (A) 154. (B) 155. (D) 156. (B) 157. (A) 158. (B) 159. (B) 160. (C)
161. (B) 162. (B) 163. (D) 164. (D) 165. (A) 166. (C) 167. (C) 168. (A)
169. (A)

AWAZE INQILAB.COM

پہلی اسلامی سلطنت کا قیام تا وفات حضرت محمد ﷺ

1. ہجرت کے سال کا آغاز کب ہوا؟
(A) محرم 11 نبوی (B) صفر 12 نبوی
(C) محرم 13 نبوی (D) صفر 14 نبوی

2. حضرت محمدؐ مدینہ کب پہنچے؟
(A) 620 عیسوی (B) 621 عیسوی
(C) 622 عیسوی (D) 623 عیسوی

3. مدینہ کا پرانا نام کیا تھا؟
(A) بعثہ (B) میسوپوٹیما
(C) یثرب (D) کوفہ

4. کس وادی کو "فاران" کا نام دیا گیا ہے؟
(A) مکہ (B) حجاز
(C) طائف (D) یثرب

5 مدینہ منورہ مکہ مکرمہ سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟
(A) 388 کلومیٹر (B) 390 کلومیٹر
(C) 440 کلومیٹر (D) 448 کلومیٹر

6. مدینہ کے قریب واقع اس وادی کا نام بتائیں جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ دنوں کے سفر کے بعد پہنچے؟
(A) کوفہ (B) قباء
(C) بصرہ (D) یثرب

7. قبا مدینہ سے کتنے میل کے فاصلے پر واقع ہے؟
(A) 1 میل (B) 2 میل
(C) 3 میل (D) 4 میل

8. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قباء کب پہنچے؟
(A) 12 ربیع الاول 13 نبوی A.H,1
(B) 13 ربیع الاول 13 نبوی A.H,1
(C) 14 ربیع الاول 13 نبوی A.H,1
(D) 15 ربیع الاول 13 نبوی A.H,1

9. قباء میں آنحضورؐ نے کس کے گھر قیام کیا تھا؟
(A) کلثوم ابن الھدم (B) ابوایوبؓ انصاری
(C) سعدؓ ابن معاذ (D) سعدؓ ابن عبادہ

10. اسلام کی پہلی مسجد کون سی ہے؟
(A) مسجد نبوی (B) مسجد حرام
(C) مسجد قبلیتین (D) مسجد قباء

11. آنحضورؐ کے قباء داخل ہونے پر جن 500 لوگوں نے آپؐ کا استقبال کیا ان میں سے اکثریت کس قبیلے کی تھی؟
(A) قبیلہ خزرج (B) قبیلہ اوس
(C) مہاجرین (D) تمام

12. قباء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام کتنے دنوں پر مشتمل تھا؟
(A) 10 دن (B) 12 دن
(C) 13 دن (D) 14 دن

13. پہلی صلوٰۃ جمعہ مع خطبہ کہاں ادا کی گئی؟
(A) یثرب (B) مدینہ
(C) قباء (D) ان میں سے کوئی نہیں

14. کس روز آپ قبا سے یثرب کی طرف روانہ ہوئے؟
(A) پیر (B) بدھ
(C) ہفتہ (D) جمعہ

15. یثرب میں آپ کی اونٹنی کس کے گھر کے پاس رکی؟
(A) حضرت ابوایوب انصاریؓ
(B) حضرت عبداللہ انصاریؓ

AWAZ E INQILAB.COM

(C) عبدالرحمٰن بن عوفؓ
(D) کوئی نہیں

16. قباء سے یثرب کی طرف جاتے ہوئے آپؐ نے بنوسلیم کے محلے میں کتنے لوگوں نے اس صلوٰۃ میں حصہ لیا؟
(A) 100 (B) 110
(C) 120 (D) 130

17. حضرت ابوایوبؓ انصاری کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟
(A) بنوخزرج (B) بنواوس
(C) بنوتمیم (D) بنونجار

18. آنحضورؐ کے متعلق کون سا بیان درست ہے؟
(A) آپؐ نے ابوایوب انصاریؓ کے گھر آٹھ ماہ قیام کیا۔
(B) آپؐ نے ابوایوب انصاریؓ کے گھر نو ماہ تک قیام کیا۔
(C) آپؐ نے ابوایوب انصاریؓ کے گھر دس ماہ تک قیام کیا۔
(D) آپؐ نے ابوایوب انصاریؓ کے گھر 11 ماہ تک قیام کیا۔

19. ابوایوب انصاریؓ کے گھر کے سامنے آنحضورؐ کی اونٹنی جس زمین پر بیٹھی وہاں پر آنحضورؐ نے مسجد تعمیر کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ وہ زمین کس کی ملکیت تھی؟
(A) سہل نامی یتیم بچہ (B) سہیل نامی یتیم بچہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

20. مدینہ میں پہلا مدرسہ کہاں قائم کیا گیا؟
(A) مسجد قباء (B) مسجد نبوی
(C) مسجد قبلتین (D) ان میں سے کوئی نہیں

21. مدینہ میں یہودیوں کا کون سا قبیلہ آباد تھا؟
(A) بنوقریظہ (B) بنوقینقاع
(C) بنونضیر (D) تمام

22. میثاق مدینہ کب ہوا؟
(A) ہجرت کے پہلے سال
(B) ہجرت کے دوسرے سال
(C) ہجرت کے تیسرے سال
(D) ہجرت کے چوتھے سال

23. میثاق مدینہ ہجرت مدینہ کے کتنے ماہ بعد ہوا؟
(A) 3 ماہ (B) 5 ماہ
(C) 7 ماہ (D) 9 ماہ

24. میثاق مدینہ کتنے نکات پر مشتمل تھا؟
(A) 6 (B) 7
(C) 9 (D) 10

25. آپؐ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟
(A) 20 (B) 25
(C) 27 (D) 30

26. آپؐ کی زندگی کے 27 غزوات میں سے کتنے میں لڑائی ہوئی؟
(A) 7 (B) 9
(C) 11 (D) 15

27. آپؐ کی زندگی کے جن 9 غزوات میں لڑائی ہوئی ان میں غزوہ احد، احزاب، بنوقریظہ، بنومصطلق، خیبر، حنین کے علاوہ اور کون سا شامل ہے؟
(A) طائف (B) فتح مکہ
(C) ذات الرقاع (D) ان میں سے کوئی نہیں

28. میثاق مدینہ کن کے درمیان طے پایا؟
(A) مسلمان اور یہودی (B) مسلمان اور غیر عرب
(C) مسلمان، یہودی اور دوسرے غیر مسلم
(D) ان میں سے کوئی نہیں

29. آنحضورؐ نے کس شخصیت کو حضرت فاطمہؓ حضرت سودہؓ حضرت عائشہؓ حضرت ام کلثومؓ حضرت اسماءؓ اور حضرت ام ایمنؓ کو مدینہ لینے کیلئے بھیجا؟
(A) حضرت عبداللہؓ ابن ابی بکر (B) حضرت زیدؓ ابن حارثہ
(C) حضرت ابورافعؓ (D) تمام

30. پہلی ہجری کا وہ مہینہ بتائیں جب حضرت عائشہؓ آنحضورؐ کے نکاح میں آئیں؟
(A) رمضان (B) شوال
(C) محرم (D) ذی الحج

AWAZ-E-NOOR.COM

31. کہاں پر آپؐ نے ہجری سال کا اعلان کیا؟
(A) مکہ (B) مدینہ
(C) مسجد نبوی (D) طائف

32. کس کے دور خلافت میں ہجری سال منظم طریقے سے وجود میں آیا؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت عثمان غنیؓ (D) حضرت علیؓ

33. رشتہ مواخات کا مطلب بھائی چارہ ہے یہ رشتہ کن کے درمیان استوار کیا گیا تھا؟
(A) مسلمان اور یہودی (B) مہاجرین اور مشرک
(C) مہاجرین اور انصاری (D) یہودی اور مشرک

34. رشتہ مواخات جن کے درمیان استوار کیا گیا تھا ان میں شامل تھے.....
(A) 41 مہاجر اور 41 انصار (B) 43 مہاجر اور 43 انصار
(C) 44 مہاجر اور 44 انصار (D) 45 مہاجر اور 45 انصار

35. رشتہ مواخات میں آنحضورؐ نے کسے اپنا بھائی بنایا (جس کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا تم اس دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت عثمان غنیؓ (D) حضرت علیؓ

36. رشتہ مواخات میں حضرت مصعب بن عمیرؓ کے بھائی کون سے انصاری صحابی تھے؟
(A) حضرت ابوایوب انصاریؓ (B) حضرت حذیفہ انصاریؓ
(C) حضرت عبداللہ انصاریؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

37. آنحضورؐ نے کسے امین الامت کا خطاب دیا تھا؟ (PCS.J.2002)
(A) حضرت انسؓ ابن مالک
(B) حضرت کلثومؓ ابن الہدام
(C) حضرت زبیرؓ ابن عوام
(D) حضرت ابوعبیدہؓ ابن الجراح

38. اذان کا باقاعدہ آغاز کس ہجری سال میں ہوا؟
(A) پہلے (B) دوسرے
(C) تیسرے (D) چوتھے

39. کس شخصیت نے حضرت جبرائیلؑ سے اذان سیکھ کر حضرت بلالؓ کو یہ الفاظ سکھائے؟
(A) حضرت انسؓ ابن مالک (B) حضرت زبیرؓ ابن عوام
(C) حضرت عبداللہؓ ابن زید (D) حضرت محمدؐ

40. ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟
(A) آنحضورؐ اسلام کے پہلے موذن تھے۔
(B) حضرت ابوبکر صدیقؓ اسلام کے پہلے موذن تھے۔
(C) حضرت بلالؓ اسلام کے پہلے موذن تھے۔
(D) حضرت عمر فاروقؓ اسلام کے پہلے موذن تھے۔

41. ''الصلوٰۃ خیر من النوم'' کس خلیفہ نے نماز فجر کی اذان میں ان الفاظ کا اضافہ کیا؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت عثمان غنیؓ (D) حضرت علیؓ

42. اس غیر عرب کا نام بتائیں جس نے ہجرت کے پانچ دنوں بعد اسلام قبول کیا اور آنحضورؐ نے اس صحابی کو اہل بیت میں شامل کر لیا؟
(A) حضرت انسؓ ابن مالک (B) حضرت زبیرؓ ابن عوام
(C) حضرت عبداللہؓ ابن اشرف (D) حضرت سلمان فارسیؓ

43. حضرت سلمان فارسیؓ کو آزاد کروانے کیلئے آنحضور ﷺ نے ان کے مالک کو کتنی ادائیگی کی؟
(A) 40 اوقیہ کے برابر رقم
(B) آپؐ نے 300 پودے اپنے ہاتھوں سے باغ میں لگائے
(C) دونوں
(D) سو درہم دیئے

44. آنحضورؐ نے اپنی فوجی مہمات کیلئے کس قبیلے کے ساتھ ہجرت کے پہلے سال معاہدہ کیا؟
(A) سعد (B) کنانہ
(C) اسد (D) تمیم

AWAZE-INQILAB.COM

45. آنحضورؐ نے ہجرت کے پہلے سال کے دوران کتنے سرایا بھیجے؟
(A) 1 (B) 2
(C) 3 (D) 4

46. اسلام کے پہلے سریہ سیف البحر کو کس اور نام سے پکارا جاتا ہے؟
(A) سریا علیؓ (B) سریا حمزہؓ
(C) سریا عمرؓ (D) سریا انسؓ

47. حضرت حمزہؓ کو جو پہلا اسلامی جھنڈا دیا گیا تھا وہ کس رنگ کا تھا؟
(A) سفید (B) کالا
(C) سرخ (D) سبز

48. اس جگہ کا کیا نام ہے جہاں آپؐ مدینہ آنے کے بعد پہلی دفعہ تشریف لے گئے؟
(A) ویدان (B) وداع
(C) کوفہ (D) بصرہ

49. یہودیوں کے مذہبی رہنما عبداللہؓ ابن سلام نے کب اسلام قبول کیا؟
(A) 4 ہجری (B) 3 ہجری
(C) 2 ہجری (D) 1 ہجری

50. کون سے غزوات کے بعد یہودیوں کو جلاوطن کیا گیا تھا؟
(A) غزوہ خندق اور غزوہ خیبر
(B) غزوہ احد اور غزوہ خیبر
(C) غزوہ احد اور غزوہ خندق
(D) غزوہ خندق اور غزوہ طائف

51. کس کو آنحضورؐ نے ''مددگار رسول اللہ'' کا خطاب دیا تھا؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت زبیرؓ ابن عوام (D) ان میں سے کوئی نہیں

52. نبی کریمؐ کی دعا کے بعد حضرت انسؓ بن مالک کا کھجوروں کا باغ سال میں کتنی مرتبہ پھل دیتا تھا؟
(A) دو دفعہ (B) تین دفعہ
(C) چار دفعہ (D) ایک دفعہ

53. کس کو آنحضورؐ نے اسے ''رئیس المنافقین'' کا خطاب دیا؟
(A) عبداللہ ابن حسن (B) عبداللہ ابن ابی عتبہ
(C) عبداللہ ابن ابی سلول (D) ان میں سے کوئی نہیں

54. دوسری ہجری میں کس چیز کو فرض قرار دیا گیا؟
(A) روزہ (B) زکوٰۃ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

55. ہجرت مدینہ کے کتنا عرصہ بعد ''تبدیلی قبلہ'' کا حکم موصول ہوا؟
(A) 15 ماہ (B) 17 ماہ
(C) 19 ماہ (D) 20 ماہ

56. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) مسجد مسلمہ میں تبدیلی قبلہ کا حکم موصول ہوا
(B) مسجد مسلمہ بعد میں قبلتین کہلائی
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

57. مسجد مسلمہ میں تبدیلی قبلہ کا حکم دو ہجری کے کس ماہ دیا گیا؟
(A) رمضان (B) شعبان
(C) محرم (D) صفر

58. قبلہ کی تبدیلی کے کتنا عرصہ بعد روزہ فرض قرار دیا گیا؟
(A) ایک ماہ (B) دو ماہ
(C) تین ماہ (D) چار ماہ

59. عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر قربانی کو کب واجب قرار دیا گیا؟
(A) پہلی ہجری (B) دوسری ہجری
(C) تیسری ہجری (D) چوتھی ہجری

60. عید سے کتنے دن پہلے ''فطرانہ'' کا حکم موصول ہوا؟
(A) پانچ دن (B) دس دن
(C) پندرہ دن (D) بیس دن

61. فطرانہ کا حکم کب دیا گیا؟
(A) پہلی ہجری (B) دوسری ہجری
(C) تیسری ہجری (D) چوتھی ہجری

AWAZ E TNQILAB.COM

62. درج ذیل میں سے کون سا حکم دو ہجری کو نازل ہوا؟
(A) جہاد
(B) آنحضورؐ پر درود پاک بھیجنا
(C) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

63. دو ہجری کو کون سا واقعہ ظہور پذیر ہوا؟
(A) حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ ماہ شوال میں پیدا ہوئے۔
(B) ذی الحج میں حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کا نکاح ہوا۔
(C) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

64. دو ہجری کے بارے میں ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) حضرت رقیہؓ کی وفات (B) حضرت خدیجہؓ کی وفات
(C) حضرت ابو طالب کی وفات (D) حضرت عباسؓ کی وفات

65. کس مشرک نے اپنی چھوٹی سی فوج کے ساتھ مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کیا اور کچھ جانوروں کو چوری کر کے اپنے ساتھ لے گیا؟
(A) کرز ابن جابر فہری (B) ابوسفیان
(C) ولید ابن مغیرہ (D) حیئ ابن اخطب

66. مکی سردار کرز ابن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کر کے آنحضورؐ کے کچھ جانور چوری کر لئے' اس واقعہ کے نتیجہ میں کون سا غزوہ لڑا گیا؟
(A) غزوہ بدر اول (B) غزوہ خندق
(C) غزوہ بنی مصطلق (D) غزوہ بدر ثانی

67. 2 ہجری ماہ رمضان کو کون سا غزوہ لڑا گیا؟
(A) بدر (B) حنین
(C) موتہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

68. 3 ہجری کو کس قانون کا نفاذ ہوا؟
(A) قانون وراثت
(B) مشرک عورت کے ساتھ نکاح کی ممانعت
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

69. 3 ہجری کو کون سا واقعہ پیش آیا؟
(A) حضرت ام کلثومؓ کی حضرت عثمانؓ سے شادی
(B) آنحضورؐ کی حضرت حفصہؓ سے شادی
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

70. حضرت حسنؓ کب پیدا ہوئے؟
(A) 1 ہجری (B) 2 ہجری
(C) 3 ہجری (D) 4 ہجری

71. 3 ہجری کو کون سا غزوہ پیش آیا؟
(A) غزوہ غطفان (B) غزوہ احد
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

72. اس یہودی شاعر کا کیا نام تھا جو اپنی شاعری کے ذریعے لوگوں کو آنحضورؐ کے خلاف مشتعل کرتا تھا؟
(A) کعب ابن اشرف (B) کعب ابن حسن
(C) کعب ابن عتبہ (D) کعب ابن عقبہ

73. یہودی کعب ابن عقبہ کو کس نے قتل کیا؟
(A) عبداللہ ابن عتیق (B) عبداللہ ابن سائل
(C) عبداللہ ابن عبداللہ (D) کوئی نہیں

74. شراب کو کب حرام قرار دیا گیا؟
(A) پہلی ہجری (B) دوسری ہجری
(C) تیسری ہجری (D) چوتھی ہجری

75. چوتھی ہجری کو کون سا غزوہ پیش آیا؟
(A) غزوہ نجد (B) غزوہ بنی نضیر
(C) غزوہ بدر ثانی (D) تمام

76. چوتھی ہجری میں کون سا واقعہ پیش آیا؟
(A) حضرت امام حسینؓ ماہ شعبان میں پیدا ہوئے
(B) حضرت محمدؐ نے ماہ رمضان میں حضرت زینبؓ سے عقد نکاح کیا
(C) آنحضورؐ نے ماہ شوال میں حضرت ام سلمہؓ سے نکاح کیا
(D) تمام

77. چوتھی ہجری میں کتنے سرایا لڑے گئے؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) پانچ (B) چھ
(C) سات (D) آٹھ

78. چوتھی ہجری کا وہ مہینہ بتائیں جب پردہ کے متعلق احکام نازل ہوئے؟
(A) یکم ذی قعدہ (B) یکم رمضان
(C) یکم محرم (D) یکم ذی الحج

79. پانچویں ہجری میں کتنے غزوات پیش آئے؟
(A) غزوہ خندق اور بنی قریظہ
(B) غزوہ بنی مصطلق اور دومۃ الجندل
(C) تمام (D) ان میں سے کوئی نہیں

80. پانچویں ہجری میں کتنے سرایا پیش آئے؟
(A) ایک (B) دو
(C) تین (D) چار

81. ذیل میں کون سے احکام/حکم پانچویں ہجری کو پیش آئے؟
(A) زناء کی سزا (B) قذف
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

82. ''نبی کی بیویاں تمہاری مائیں ہیں'' قرآن کی کس سورۃ میں اس کا ذکر ہے (اسی سورۃ میں پردہ اور قذف کے متعلق احکام ہیں)؟
(A) سورہ بقرہ (B) سورہ آل عمران
(C) سورہ احزاب (D) سورہ علق

83. چھٹی ہجری کا سب سے اہم واقعہ جو ماہ رمضان کو وقوع پذیر ہوا کون سا تھا؟
(A) بیعت العقبہ (B) صلح حدیبیہ
(C) جنگ خندق (D) ان میں سے کوئی نہیں

84. خطوں پر مہر لگانے کیلئے کس صحابی نے آنحضورؐ کی نبوت سے متعلق تین لائنوں میں لکھی ہوئی انگوٹھی تیار کی؟
(A) لیلیٰ ابن امیہؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت حذیفہؓ (D) حضرت علیؓ

85. صلح حدیبیہ کے بعد کس حکمران کو اللہ کا پیغام بھیجا گیا؟
(A) ہرقل (B) کسریٰ
(C) نجاشی (D) ان میں سے کوئی نہیں

86. ہرقل کس ملک کا بادشاہ تھا؟
(A) ایران (B) مصر
(C) شام (D) روم

87. ہرقل کو آنحضورؐ کا خط کس نے پہنچایا؟
(A) دحیہ کلبیؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) عبداللہ ابن حذافہؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

88. آنحضورؐ کا پیغام شہنشاہ فارس تک کس نے پہنچایا؟
(A) حضرت عبداللہ ابن حذافہؓ
(B) حضرت دحیہ کلبیؓ
(C) حضرت خطیبؓ ابن بلاقہ
(D) حضرت عمرؓ ابن امیہ

89. شہنشاہ فارس کا کیا نام تھا؟
(A) قیصر (B) خسرو پرویز
(C) ہرقل (D) ان میں سے کوئی نہیں

90. کس بادشاہ نے آنحضورؐ کا خط ٹکڑے ٹکڑے کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''خدا نے اس کی بادشاہت ٹکڑے ٹکڑے کر دی ہے۔'' اور کچھ عرصہ کے بعد اس کی بادشاہت ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی؟
(A) خسرو پرویز (B) مقوقس
(C) ہرقل (D) قیصر

91. خسرو پرویز کے اس بیٹے کا نام بتائیں جس نے خسرو کو تخت سے اتارا؟
(A) شیرویہ (B) مقوقس
(C) ہرمز (D) کوئی نہیں

92. خسرو پرویز نے باذان کو لکھا ''ریاست عرب تمہارے زیر حکومت ہے اس لئے تم نبوت کا دعویٰ کرنے والے کو گرفتار کر کے میرے حوالے کر دو''۔ باذان کون تھا؟
(A) شام کا گورنر (B) مصر کا گورنر
(C) اردن کا گورنر (D) یمن کا گورنر

AWAZE INQILAB.COM

93. مصر کے بادشاہ تک آنحضورؐ کا پیغام کس نے پہنچایا؟
(A) حضرت ابی ابن کعبؓ (B) حضرت عمرو ابن عاصؓ
(C) حضرت عمروؓ ابن امیہ
(D) حضرت حاطب بن ابی بلتعہ

94. مقوقس نے آنحضورؐ کے وفد کی تعظیم کی اور کہا کہ میں جانتا ہوں کہ ایک نبی نے آنا ہے لیکن میں سوچتا ہوں کہ وہ.....
(A) مصر میں ظاہر ہوگا (B) اردن میں ظاہر ہوگا
(C) فلسطین میں ظاہر ہوگا (D) شام میں ظاہر ہوگا

95. مقوقس بادشاہ تھا۔
(A) شام کا (B) مصر کا
(C) فلسطین کا (D) فارس کا

96. مقوقس نے آنحضورؐ کو.....
(A) لونڈی ماریہ قبطیہ تحفہ کے طور پر بھیجی
(B) لونڈی سیرین قبطی تحفہ کے طور پر بھیجی
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

97. شہنشاہ مصر کا اصلی نام کیا تھا؟
(A) جریج ابن مطیع (B) جریج ابن مقوقس
(C) جریج بن جراح (D) جریج ابن حینوا

98. بحرین کے کس بادشاہ کے پاس علاء ابن حضرمی اللہ کا پیغام لے کر پہنچے؟
(A) منذر ابن علیق (B) منذر ابن سواء
(C) منذر ابن خلد (D) منذر ابن ہشام

99. جب منذر ابن سواء نے آنحضورؐ کا پیغام وصول کیا تو اس کا ردعمل کیا تھا؟
(A) اس نے خط کو پرزے پرزے کر دیا
(B) اس نے نبی کریمؐ کے نمائندہ کو قتل کر دیا
(C) اس نے اسلام قبول کر لیا (D) ان میں سے کوئی نہیں

100. عمان کا حکمران کون تھا؟
(A) جعفر ابن جلندہ (B) عبد ابن جلندہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

101. جعفر ابن جلندہ اور عبد ابن جلندہ دونوں حقیقی بھائی تھے انہوں نے آنحضورؐ کے بھیجے گئے پیغام پر کس شخصیت کے ہاتھ اسلام قبول کیا؟
(A) حضرت ابی بن کعبؓ (B) حضرت عمروؓ ابن امیہ
(C) حضرت عمروؓ بن عاص (D) حضرت دحیہؓ ابن کلبی

102. یمامہ کا بادشاہ کون تھا؟
(A) ہزہ ابن عمرو (B) ہزہ ابن علی
(C) ہزہ ابن حسن (D) ہزہ ابن عتبہ

103. کس نے آنحضورؐ کا پیغام ہزہ ابن علی تک پہنچایا؟
(A) حضرت سلیطؓ (B) حضرت عمروؓ ابن عاص
(C) حضرت سلیط ابن عمرو ابن عبد الشمس
(D) ان میں سے کوئی نہیں

104. ہزہ ابن علی نے اسلام قبول کرنے کے لیے کیا طلب کیا؟
(A) 4 لونڈیاں
(B) حکومت میں آدھا حصہ
(C) 100 اونٹ
(D) مکہ میں زمین

105. ''زمین کا ایک ٹکڑا بھی نہیں دیا جائے گا جلد ہی اس کی بادشاہت ختم ہو جائے گی''۔ آنحضور نے یہ الفاظ کس کے بارے میں کہے؟
(A) ھزہ ابن امر (B) ھزہ ابن عاص
(C) ھزہ ابن علی (D) ھزہ ابن عتبہ

106. حضرت حارثؓ ابن عمیر آنحضورؐ کا پیغام لے کر کس کے پاس گئے؟
(A) شاہ مصر (B) شاہ اردن
(C) شاہ فلسطین (D) شاہ شام

107. بصرہ کے اس بادشاہ کا نام بتائیں جس نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آنحضورؐ کے بھیجے گئے نمائندہ کو قتل کر دیا؟
(A) ابن عمر غسانی (B) ابن عمر حکام

ANWAZ E INQILAB.COM

(C) عمر ابن عتبہ (D) عمر ابن تخلیق

108. بصرہ کے بادشاہ عمر غسانی تک آنحضورﷺ کا پیغام کس نے پہنچایا تھا؟
(A) حضرت حارثؓ ابن علی
(B) حضرت حارثؓ ابن عبداللہؓ
(C) حضرت حارثؓ ابن عمیر
(D) حضرت حارثؓ ابن کلبیؓ

109. ایتھوپیا کے بادشاہ تک آنحضورؐ کا پیغام کس نے پہنچایا؟
(A) حضرت عمروؓ ابن امیہ (B) حضرت خالدؓ ابن ولید
(C) حضرت شجاعؓ ابن وہاب
(D) حضرت عبداللہؓ ابن حذیفہ

110. ایتھوپیا کے بادشاہ کا نام کیا تھا؟
(A) عاصم بن ابجار (B) عاصم ابن کہانہ
(C) عاصم ابن جہن (D) عاصم ابن حسین

111. جب آنحضورؐ کا خط حبشہ کے بادشاہ تک پہنچا تو اس نے کس کے ہاتھ اسلام قبول کیا؟
(A) حضرت عبداللہؓ ابن علی (B) حضرت حذیفہؓ بن حسن
(C) حضرت جعفرؓ ابن طیار (D) ان میں سے کوئی نہیں

112. حضرت جعفرؓ ابن طیار مدینہ کب واپس پہنچے؟
(A) پانچویں ہجری (B) 6 ہجری
(C) 7 ہجری (D) 8 ہجری

113. حضرت جعفرؓ ابن طیار کی مدینہ واپسی پر نجاشی نے آنحضورؐ کی خدمت میں کیا بھیجا تھا؟
(A) ایک خط (B) اپنا بیٹا ارحہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

114. ساتویں ہجری میں کتنے غزوات پیش آئے؟
(A) ایک (B) دو
(C) تین (D) چار

115. ساتویں ہجری میں غزوہ خیبر اور غزوہ وادیٔ القریٰ کے علاوہ کون سا غزوہ وقوع پذیر ہوا تھا؟
(A) غزوہ موتہ (B) غزوہ ذات الرقاع
(C) غزوہ خندق (D) غزوہ حنین

116. ساتویں ہجری میں کتنے سرایا وقوع پذیر ہوئے؟
(A) دو (B) چار
(C) سات (D) نو

117. ساتویں ہجری کے کون سے ماہ آنحضورؐ نے عمرۃ القضاء ادا فرمایا؟
(A) شعبان (B) رمضان
(C) ذی قعدہ (D) محرم

118. آنحضورؐ نے ساتویں ہجری میں کس ام المومنینؓ سے شادی کی اور بعد ازاں عمرۃ القضاء ادا کیا؟
(A) حضرت جویریہؓ (B) حضرت میمونہؓ
(C) حضرت ام حبیبہؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

119. آٹھویں ہجری میں چار غزوات پیش آئے جن میں غزوہ فتح مکہ و غزوہ حنین اور غزوہ طائف کے علاوہ چوتھا کون سا تھا؟
(A) غزوہ خندق (B) غزوہ خیبر
(C) غزوہ موتہ (D) غزوہ بدر ثانی

120. آٹھویں ہجری میں آٹھ سرایا ہوئے ان میں سے ایک سریہ کو غزوہ بھی کہا جاتا ہے اس کا نام کیا تھا؟
(A) سریہ ذات الرقاع (B) سریہ اوطاس
(C) سریہ ذات عریق (D) سریہ موتہ

121. آٹھویں ہجری میں کون سا سریا پیش آیا؟
(A) سریہ ذات الرقاع (B) سریہ موتہ
(C) سریہ تبوک (D) سریہ ذات السلاسل

122. ہجرت کے کس سال اسلام کا غلبہ تمام عرب پر ہو گیا؟
(A) 5 ہجری (B) 6 ہجری
(C) 7 ہجری (D) 8 ہجری

123. 9 ہجری میں کتنے سرایا رونما ہوئے؟
(A) دو (B) تین
(C) پانچ (D) چھ

124. کس ہجری سال میں صرف ایک ہی غزوہ (غزوہ تبوک) پیش آیا؟
(A) 7 ہجری (B) 8 ہجری

AWAZE-HAQ-LAB.COM

(C) 9ہجری (D) 10ہجری

125. 9ہجری کو عام الوفود کہتے ہیں اس ہجری سال میں آنحضورؐ کے پاس کتنے وفود آئے؟

(A) 30 (B) 32
(C) 33 (D) 34

126. ہجرت کے کس سال سریہ علیؓ پیش آیا؟

(A) 7ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 10ہجری

127. حج کب فرض ہوا؟

(A) 7ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 10ہجری

128. آنحضورؐ نے کتنے صحابہ پہلے امیر حج ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ بھیجے؟

(A) 100 (B) 200
(C) 300 (D) 400

129. 9ہجری میں حج کے پہلے قافلے کی روانگی کے بعد کون سی سورۃ کی چالیس آیات نازل ہوئیں۔

(A) آل عمران (B) الواقعہ
(C) البقرہ (D) براۃ/توبہ

130. آپؐ نے کس مکہ بھیجا تاکہ وہ پہلے حج کے دوران نازل ہونے والی سورۃ کو لوگوں کو سنائیں۔

(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

131. 9ہجری کو کس بادشاہ کی وفات ہوئی؟

(A) ہرقل (B) خسرو
(C) نجاشی (D) کوئی نہیں

132. نجاشی کی نماز جنازہ میں آنحضورؐ نے کتنی دفعہ تکبیر ادا کی؟

(A) 4 (B) 6
(C) 8 (D) 10

133. ہجرت کے کس سال مسلیمہ کذاب نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا؟

(A) 7ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 10ہجری

134. آنحضورؐ نے کس شخصیت کو بنو ثقیف کے ''لات'' نامی بت کو توڑنے کیلئے بھیجا؟

(A) ابوسفیان (B) صفیرہ ابن شعبہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

135. ہجرت کے کس سال ''فزیرہ'' نامی خاتون کو رجم کی سزا دی گئی؟

(A) 7ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 10ہجری

136. سود کے بارے میں احکام کب نازل ہوئے؟

(A) 10ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 5ہجری

137. ایلاء کا کیا مطلب ہے؟

(A) میاں بیوی میں علیحدگی
(B) بیوی سے عارضی طور پر علیحدگی
(C) طلاق (D) خلع

138. ایلاء کا واقعہ کب پیش آیا۔

(A) 7ہجری (B) 8ہجری
(C) 9ہجری (D) 10ہجری

139. ایلاء کا واقعہ بیویوں کی باہمی رقابت کا مظہر تھا۔ آنحضورؐ اپنی بیویوں سے کتنا عرصہ الگ رہے؟

(A) 20دن (B) 25دن
(C) 29دن (D) ایک ماہ

140. آپؐ نے 9ہجری میں کس کی جنازہ ادا کرنی چاہی تو حضرت عمرؓ نے آپ کو روکنے کی کوشش کی؟

(A) رئیس المنافقین عبداللہ ابن حکم
(B) رئیس المنافقین عبداللہ ابن سلول

AWAZ E INQILAB.COM

(C) رئیس المنافقین عبداللہ ابن حشر
(D) رئیس المنافقین عبداللہ ابن حشیث

141. 9ہجری میں یہ کس نے کہا تھا ''اس سال کے بعد کسی مشرک کو حج بیت اللہ کی اجازت نہیں ہوگی''؟
(A) حضرت محمدؐ (B) حضرت ابوبکرؓ
(C) حضرت عمرؓ (D) حضرت علیؓ

142. کس واقعہ کے بعد کوئی آیت نازل نہ ہوئی؟
(A) خطبہ حجۃ الوداع (B) ہجرت مدینہ
(C) واقعہ کربلا (D) واقعہ قرطاس

143. آنحضورؐ نے اپنا آخری حج تقریباً ایک لاکھ مسلمانوں کے ہمراہ کب ادا کیا تھا؟
(A) 8ہجری (B) 9ہجری
(C) 10ہجری (D) 5ہجری

144. خطبہ حجۃ الوداع میں آپؐ نے کتنے خطبے دیئے؟
1 (A) 2 (B)
3 (C) 4 (D)

145. حجۃ الوداع کو کس اور نام سے یاد کیا جاتا ہے؟
(A) حجۃ البلاغ اور حجۃ الاسلام (B) حجۃ الکمال اور حجۃ التمام
(C) تمام (D) ان میں سے کوئی نہیں

146. حجۃ الوداع کے موقع پر ہدی کے کتنے اونٹ آنحضورؐ کے ہمراہ تھے؟
70 (A) 85 (B)
90 (C) 100 (D)

147. جب حضرت علیؓ نے حجۃ الوداع کی خبر سنی تو وہ کس جگہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے؟
(A) حجاز (B) حبشہ
(C) یمن (D) مصر

148. حجۃ الوداع میں خطبہ کی ادائیگی کے دوران ہر فقرے کی ادائیگی کے بعد آنحضورؐ وقفہ اختیار کرتے تھے اس وقت کون سے صحابی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فقرہ باآواز بلند دہراتے تھے؟
(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت ربیعہ ابن امیہ (D) کوئی نہیں

149. احرام کھولنے کے بعد آنحضورؐ نے ہدی کے کتنے اونٹ ذبح کیے جبکہ باقی حضرت علیؓ نے ذبح کئے تھے؟
60 (A) 61 (B)
62 (C) 63 (D)

150. جب آنحضورؐ نے لوگوں سے پوچھا کہ ''اے لوگو کیا میں نے تم تک اللہ کے پیغام پہنچا دیا ہے'' لوگوں نے کہا ''آپ نے پہنچا دیا ہے''۔ آنحضورﷺ نے آسمان کی طرف دیکھا اور درج ذیل فقرہ تین دفعہ دہرایا۔ ''اے خدا تو گواہ رہنا'' یہ آپؐ نے کس موقع پر کہا؟
(A) فتح مکہ کے موقع پر (B) حجۃ الوداع کے موقع پر
(C) وفات کے موقع پر (D) ان میں سے کوئی نہیں

151. حجۃ الوداع کے موقع پر سورہ مائدہ کی کون سی آیت نازل ہوئی؟
(A) آیت نمبر1 (B) آیت نمبر2
(C) آیت نمبر3 (D) آیت نمبر4

152. جب آنحضورؐ عرفات کے میدان میں اپنا خطبہ بیان کر رہے تھے تو اس وقت صحابہ کرام کی تعداد کیا تھی؟
1,00,00 (A) 1,24,000 (B)
1,44,000 (C) 1,50,00 (D)

153. 10ہجری میں آنحضورؐ کی زندگی میں کونسا المناک واقعہ رونما ہوا؟
(A) آپؐ کی بیوی حضرت عائشہؓ کی وفات
(B) آپؐ کے بیٹے حضرت قاسم کی وفات
(C) آپؐ کی بیوی حضرت میمونہؓ کی وفات
(D) آپؐ کے بیٹے حضرت ابراہیمؓ کی وفات

154. 11ہجری کی کس تاریخ کو آنحضورؐ نے ایک نماز جنازہ پڑھائی اور واپسی کے دوران آپﷺ نے درد اور بخار محسوس کیا؟
(A) 29محرم (B) 29صفر
(C) 29ربیع الاول (D) 29ربیع الثانی

AWAZ E INQILAB.COM

155. 29 صفر، 11 ہجری کو آپؐ اپنے غلام کے ساتھ کہاں گئے؟

(A) جنت البقیع (B) کوفہ

(C) مکہ (D) مسجد نبوی

156. 29 صفر 11 ہجری کو آنحضورؐ کا جو غلام آپ کے ساتھ جنت البقیع گیا تھا اس کا کیا نام تھا؟

(A) ابوموسیٰ (B) ابوعباس

(C) ابومویسع (D) ابوطاہر

157. جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیماری بڑھ گئی تو آپؐ نے ازواج مطہرات کی باہمی رضامندی کے بعد کس کے حجرہ میں قیام کیا؟

(A) حضرت ماریہؓ (B) حضرت جویریہؓ

(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت سودہؓ

158. آپؐ نے جس آخری نماز کی امامت کروائی؟

(A) فجر (B) عصر

(C) مغرب (D) عشاء

159. آنحضورؐ نے عشاء کی نماز کی امامت کرانے کی کوشش کی لیکن اپنی بیماری کے باعث ایسا نہ کر سکے تب انہوں نے کس سے نماز کی امامت کرانے کو کہا؟

(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ

(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

160. آنحضورؐ کی زندگی میں حضرت ابوبکرؓ نے کتنی نمازوں کی امامت کروائی؟

(A) 10 (B) 13

(C) 15 (D) 17

161. جنگ موتہ کے شہیدوں کا بدلہ لینے کیلئے جانے والی فوج کا سربراہ آپؐ نے کسے مقرر کیا؟

(A) حضرت اسامہ ابن زیدؓ (B) حضرت خالد ابن ولیدؓ

(C) حضرت جعفر ابن طیارؓ (D) حضرت حذیفہؓ

162. نبی کریمؐ کی زندگی میں مالیات کا ریکارڈ کس کے پاس تھا؟

(A) حضرت زبیر ابن عوامؓ (B) حضرت زبیر ابن زبیرؓ

(C) حضرت طلحہ ابن زبیرؓ (D) حضرت حمزہ ابن زبیرؓ

163. آنحضورؐ کی زندگی میں کس شخص کے پاس مہر نبوی تھی جو آنحضورؐ کے معاون کے طور پر بھی کام کرتے تھے؟

(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) حضرت علی مرتضیٰؓ

(C) حضرت زبیر ابن عوام (D) حضرت حنظلہ ابن ربیعؓ

164. اگرچہ نبی پاکؐ کی زندگی میں باقاعدہ محکمہ پولیس قائم نہیں ہوا تھا لیکن اس کے باوجود پولیس کے فرائض کس شخصیت کے ذمہ تھے؟

(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) حضرت علیؓ

(C) حضرت سعد ابن قیسؓ (D) حضرت زبیرؓ

165. آپؐ نے کس جنگ کے شہیدوں کا بدلہ لینے کے لیے اپنے آخری ایام میں فوج روانہ کی؟

(A) تبوک (B) موتہ

(C) یرموک (D) کوئی نہیں

166. جنگ موتہ کا بدلہ لینے کے لیے روانہ فوج ابھی کہاں تھی کہ آپؐ کی بیماری کا سن کر رگ گئی؟

(A) جحفہ (B) جراف

(C) ذالحلیفہ (D) کوئی نہیں

167. نبی پاکؐ نے اپنی زندگی میں قاضی کی ذمہ داری کس کو سونپی تھی؟

(A) حضرت علی مرتضیٰؓ (B) حضرت معاذ ابن جبلؓ

(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

168. آنحضورؐ نے ایک عہدہ ''صاحب السوق'' کے نام سے شروع کیا۔ اس کی ذمہ داری کیا تھی؟

(A) بازاروں کا معائنہ کرنا (B) بیت المال کا معائنہ کرنا

(C) فوج کا معائنہ کرنا (D) ان میں سے کوئی نہیں

169. آنحضورؐ کی وفات سے چار دن پہلے کون سا واقعہ پیش آیا؟

(A) قرطاس (B) قران

(C) قرآن (D) قرأت

170. ''کوئی بھی مشرک عرب میں نہیں رہ سکتا'' آنحضورؐ نے یہ الفاظ کب کہے؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) واقعہ قرطاس کے دن (B) صلح حدیبیہ
(C) فتح مکہ کے موقع پر (D) غزوہ حنین کے موقع پر

171. قرطاس کا مطلب کیا ہے؟
(A) کاغذ (B) قلم
(C) معاہدہ (D) غیر متفق ہونا

172. آپؐ نے اپنی وفات سے کتنے دن قبل قلم، سیاہی اور کاغذ لانے کا حکم دیا اور کہا کہ جو میں لکھواؤں وہ لکھ لو تو کبھی نہ بھٹکو گے؟
(A) 1 دن (B) 2 دن
(C) 3 دن (D) 4 دن

173. آپؐ کے قلم سیاہی اور کاغذ منگوانے پر اردگرد لوگوں میں سے کچھ آپس میں غیر متفق ہو گئے کچھ نے آمادگی ظاہر کی اور کچھ نے کہا کہ قرآن کریم کے نزول کے بعد باقی ہر چیز بے معنی ہے۔ آنحضورؐ نے ان سے کہا کہ میری موجودگی میں تم لوگ مت لڑو۔ یہ واقعہ کیا کہلاتا ہے؟
(A) قرطاس (B) قلم
(C) وصال (D) کوئی نہیں

174. آپؐ نے اپنے وصال سے ایک دن قبل کون سا کام کیا تھا؟
(A) اپنے تمام غلاموں کو آزاد کیا۔
(B) آپؐ نے اپنے سات دینار غرباء میں تقسیم کر دیئے
(C) دونوں کام کئے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

175. آنحضورؐ نے کسے ''نساء العلمین'' کا خطاب دیا؟
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت فاطمہؓ
(C) حضرت سودہؓ (D) حضرت حفصہؓ

176. آنحضورؐ نے یہ الفاظ کب ادا کئے ''اللھم بالرفیق الاعلیٰ''؟
(A) واقعہ قرطاس کے وقت (B) فتح مکہ کے موقع پر
(C) صلح حدیبیہ کے وقت (D) اپنے وصال کے وقت

177. آنحضورؐ نے کس تاریخ کو چاشت کے وقت رحلت فرمائی؟
(A) 10 ربیع الاول (B) 11 ربیع الاول
(C) 12 ربیع الاول (D) 18 ربیع الاول

178. آپؐ نے ہجرت کے کون سے سال رحلت فرمائی؟
(A) 9 (B) 10
(C) 11 (D) 12

179. آپؐ کس کے حجرہ میں مدفون ہیں؟
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت ماریہؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت سودہؓ

180. آنحضورؐ کی قبر مبارک کس نے کھودی؟
(A) حضرت ابوزبیرؓ (B) حضرت ابوطلحہ انصاریؓ
(C) حضرت اوسؓ (D) حضرت ابوصالحؓ

181. آنحضورؐ کی نماز جنازہ کی امامت کس نے کروائی؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت علی مرتضیٰؓ (D) کسی نے بھی نہیں

182. آنحضورؐ کا کفن تین سفید رنگ کے سوتی کپڑوں پر مشتمل تھا' آنحضورؐ کو غسل کس نے دیا تھا؟
(A) حضرت علیؓ حضرت اسامہؓ اور حضرت صالحؓ
(B) حضرت عباسؓ اور ان کے دو بیٹے فضلؓ اور قثمؓ
(C) حضرت اوس بن خولیؓ انصاری صحابی
(D) تمام

183. آنحضورؐ کو لحد میں کس نے اتارا؟
(A) حضرت علیؓ اور حضرت فضل ابن عباسؓ
(B) حضرت اسامہ ابن زیدؓ حضرت عبداللہ ابن عوفؓ
(C) تمام
(D) ان میں سے کوئی نہیں

184. آنحضورؐ کو لحد میں اتارنے کے بعد سب سے آخر میں لحد مبارک میں سے کون سے صحابی باہر نکلے؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت فضل ابن عباسؓ
(C) حضرت عبدالرحمٰن ابن عوفؓ
(D) حضرت اسامہؓ

AWAZE-INQILAB.COM

185. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) 7 ہجری میں حضرت عمرو ابن العاصؓ نے اسلام قبول کیا۔
(B) 7 ہجری میں حضرت خالدؓ بن ولید نے اسلام قبول کیا۔
(C) دونوں بیان درست ہیں۔
(D) کوئی درست نہیں ہے۔

186. وصال کے وقت آنحضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 73 سال (B) 53 سال
(C) 63 سال (D) 43 سال

187. آنحضورؐ نے پہلی مرتبہ ''قنوت نازلہ'' کی تلاوت کب کی؟
(A) 2 ہجری (B) 3 ہجری
(C) 4 ہجری (D) 5 ہجری

188. ''جواء'' پر پابندی کب عائد ہوئی؟
(A) 1 ہجری (B) 2 ہجری
(C) 3 ہجری (D) 4 ہجری

189. اسلام کا پہلا ''ادارہ'' کون سا تھا؟
(A) صفہ (B) مسجد نبوی
(C) مسجد قباء (D) ان میں سے کوئی نہیں

190. اصحاب صفہ کون لوگ تھے؟
(A) انصار جو مسجد نبوی کے قریب رہائش پذیر تھے۔
(B) مہاجر اور انصار میں سے جو مسجد نبوی کے قریب رہائش پذیر تھے۔
(C) انصار جو مسجد قباء کے قریب رہائش پذیر تھے۔
(D) مہاجر جو مسجد قباء کے قریب رہائش پذیر تھے۔

191. حضرت حمزہؓ ابن عبدالمطلب کو کب اسلامی فوج کا سپہ سالار بنایا گیا؟
(A) 6 ہجری (B) 7 ہجری
(C) 8 ہجری (D) 9 ہجری

192. عام الوفود کا سال کون سا تھا؟
(A) 7 ہجری (B) 8 ہجری
(C) 9 ہجری (D) 10 ہجری

193. آنحضورؐ نے کتنے عمرے ادا کئے؟
(A) 4 (B) 5
(C) 6 (D) 7

194. روضہ رسول کس مسجد میں ہے؟
(A) مسجد نبوی (B) مسجد قباء
(C) مسجد عمر (D) مسجد ضرار

195. مہر نبوی پر کون سے الفاظ کندہ ہیں؟
(A) محمد اللہ رسول (B) محمد رسول اللہ
(C) اللہ محمد رسول (D) اللہ رسول محمد

196. دنیا کا پہلا تحریری آئین کون سا ہے؟
(A) صلح حدیبیہ (B) میثاق مدینہ
(C) خطبہ حجۃ الوداع (D) ان میں سے کوئی نہیں

197. تیمم کی اجازت کس سال دی گئی؟
(A) 2 ہجری (B) 3 ہجری
(C) 4 ہجری (D) 5 ہجری

198. مدینہ ہجرت کرنے والے سب سے آخری صحابی کون تھے؟
(A) حضرت عباسؓ (B) حضرت حمزہؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت عثمانؓ

199. یہ آخری الفاظ کس شخصیت نے ادا کئے ''اب اللہ ہی سب سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے جو سب سے عظیم ساتھی ہے''؟
(A) آنحضورؐ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت حسینؓ (D) حضرت عثمان

200. قرآن پاک میں اسم مبارک محمد ﷺ کتنی دفعہ آیا ہے؟
(A) دوبار (B) چار بار
(C) چھ بار (D) سات بار

201. نبی پاکؐ کس دن سفر کرنا پسند کرتے تھے؟
(A) سوموار (B) بدھ
(C) جمعرات (D) جمعہ

202. حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے؟

AWAZE INQILAB.COM

(A) 1 ہجری (B) 2 ہجری (C) 3 ہجری (D) 4 ہجری

203. آپؐ کے انتقال کے وقت حضرت امام حسنؓ کی عمر کیا تھی؟

(A) 6 سال (B) 7 سال (C) 8 سال (D) 9 سال

204. حضرت حسنؓ کب شہید ہوئے؟

(A) 50 ہجری (B) 51 ہجری (C) 52 ہجری (D) 53 ہجری

جوابات

1. (C)	2. (C)	3. (C)	4. (A)	5. (D)	6. (B)	7. (D)	8. (A)
9. (A)	10. (A)	11. (D)	12. (D)	13. (A)	14. (D)	15. (A)	16. (A)
17. (D)	18. (B)	19. (C)	20. (B)	21. (D)	22. (A)	23. (C)	24. (B)
25. (C)	26. (B)	27. (B)	28. (C)	29. (D)	30. (B)	31. (C)	32. (B)
33. (C)	34. (D)	35. (D)	36. (A)	37. (D)	38. (A)	39. (C)	40. (C)
41. (B)	42. (D)	43. (C)	44. (B)	45. (C)	46. (B)	47. (A)	48. (A)
49. (D)	50. (A)	51. (C)	52. (A)	53. (C)	54. (C)	55. (B)	56. (C)
57. (B)	58. (A)	59. (B)	60. (A)	61. (B)	62. (C)	63. (C)	64. (A)
65. (A)	66. (A)	67. (A)	68. (C)	69. (C)	70. (C)	71. (C)	72. (C)
73. (A)	74. (C)	75. (D)	76. (D)	77. (A)	78. (A)	79. (C)	80. (A)
81. (C)	82. (C)	83. (B)	84. (A)	85. (A)	86 (D)	87. (A)	88. (A)
89. (B)	90. (A)	91. (A)	92. (D)	93. (D)	94. (D)	95. (B)	96. (C)
97. (A)	98. (B)	99. (C)	100. (C)	101. (C)	102. (B)	103. (C)	104. (B)
105. (C)	106. (D)	107. (D)	108. (C)	109. (A)	110. (B)	111. (C)	112. (C)
113. (C)	114. (C)	115. (B)	116. (D)	117. (C)	118. (B)	119. (C)	120. (D)
121. (D)	122. (D)	123. (D)	124. (C)	125. (D)	126. (C)	127. (C)	128. (C)
129. (D)	130. (D)	131. (C)	132. (A)	133. (C)	134. (C)	135. (C)	136. (C)
137. (B)	138. (C)	139. (C)	140. (B)	141. (D)	142. (A)	143. (C)	144. (C)
145. (C)	146. (D)	147. (C)	148. (C)	149. (D)	150. (B)	151. (C)	152. (B)
153. (D)	154. (B)	155. (A)	156. (C)	157. (C)	158. (C)	159. (A)	160. (D)
161. (A)	162. (A)	163. (D)	164. (C)	165. (B)	166. (B)	167. (C)	168. (A)
169. (A)	170. (A)	171. ()	172. (D)	173. (A)	174. (C)	175. (B)	176. (D)
177. (C)	178. (C)	179. (C)	180. (B)	181. (B)	182. (D)	183. (C)	184. (A)
185. (C)	186. (C)	187. (A)	188. (A)	189. (A)	190. (B)	191. (B)	192. (C)
193. (A)	194. (A)	195. (B)	196. (B)	197. (D)	198. (A)	199. (A)	200. (A)
201. (A)	202. (C)	203. (C)	204. (B)				

AWAZE INQILAB.COM

نبی کریمؐ کے آباؤاجداد

1. آپؐ کس نبی کی نسل سے تعلق رکھتے تھے؟
(A) حضرت داؤدؑ (B) حضرت شیثؑ
(C) حضرت ابراہیمؑ (D) کوئی نہیں

2. درج ذیل میں سے حضرت ابراہیمؑ کے اس بیٹے کا نام بتائیں جس سے آنحضورؐ کا تعلق تھا؟
(A) حضرت یعقوبؑ (B) حضرت اسحاق
(C) حضرت یوسفؑ (D) حضرت اسماعیلؑ

3. حضرت اسماعیلؑ کے کتنے بیٹے تھے؟
11 (A) 9 (B)
8 (C) 12 (D)

4. حضرت اسماعیلؑ کے اس بیٹے کا نام بتائیں جس کا بیٹا عدنان تھا؟
(A) قیدار (B) الیاس
(C) لوئی (D) قراب

5. عدنان کے بیٹے کا نام بتائیں؟
(A) مائد (B) زہرہ
(C) وہاب (D) عبدمناف

6. مائد کے اس بیٹے کا نام بتائیں جس سے خاندان قریش کا تعلق تھا؟
(A) غالب ابن مالک (B) فہر ابن مالک
(C) خزیمہ ابن مالک (D) الیاس ابن مالک

7. قصیٰ کے اس بیٹے کا نام کیا تھا جو ہاشم کا باپ تھا۔ ہاشم عبدالمطلب کے باپ تھے۔ عبدالمطلب عبداللہ کے باپ تھے اور آنحضورؐ حضرت عبداللہ کے بیٹے تھے؟
(A) زہرہ (B) وہاب
(C) فہر (D) عبدمناف

8. حضرت محمد ﷺ کی والدہ کا کیا نام تھا جو وہب کی بیٹی تھیں جبکہ وہب عبدمناف کے بیٹے تھے؟
(A) ایمن (B) آمنہ
(C) فہر (D) حلیمہ

9. حضرت آمنہ بیٹی تھیں۔
(A) قصیٰ کی (B) وہاب کی
(C) وہب کی (D) مائد کی

10. وہب بیٹے تھے۔
(A) عبدالمطلب کے (B) عبدمناف کے
(C) زہرہ کے (D) وہاب کے

11. حضرت آمنہؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟
(A) بنواسد (B) بنوامیہ
(C) بنوزہرہ (D) بنوعباس

12. حضرت عبدالمطلب کے بیٹوں کی تعداد کیا تھی؟
8 (A) 9 (B)
10(C) 11 (D)

13. حضرت عبدالمطلب کی کتنی بیویاں تھیں؟
2 (A) 3 (B)
4 (C) 5 (D)

14. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) حضرت حمزہؓ حضرت عبدالمطلب کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے
(B) حضرت حمزہؓ اور آنحضورؐ کا سال پیدائش ایک ہی تھا۔

AWAZ E INQILAB.COM

(C) دونوں بیان درست ہیں
(D) ان میں سے کوئی درست نہیں

15. حضرت عبداللہ حضرت ابوطالب اور حضرت زبیر جو کہ سگے بھائی تھے ان کی والدہ کا کیا نام تھا؟
(A) فاطمہ بنت عمرو مخزومیہ
(B) ایمن بنت عمرو مخزومیہ
(C) حلیمہ بنت عمرو مخزومیہ
(D) کلثوم بنت عمرو مخزومیہ

16. حضرت عبدالمطلب کے کس بیٹے کی پیدائش پر 100 اونٹ ذبح کیے گئے تھے؟
(A) زبیر (B) عباسؓ
(C) ابوطالب (D) عبداللہؓ

17. حضرت آمنہ کی عمران کی شادی کے وقت کتنی تھی؟
(A) 20 سال (B) 21 سال
(C) 24 سال (D) 25 سال

18. حضرت آمنہ کا انتقال کس عمر میں ہوا؟
(A) 25 سال (B) 30 سال
(C) 35 سال (D) 40 سال

19. آپؐ کے والد آپؐ کی پیدائش سے کتنے عرصہ قبل وفات پا گئے؟
(A) ایک ماہ (B) دو ماہ
(C) تین ماہ (D) چار ماہ

20. آپؐ کے والد حضرت عبداللہ کی عمر وفات کے وقت کیا تھی؟
(A) 24 سال (B) 34 سال
(C) 44 سال (D) 54 سال

21. حضرت عبداللہ اپنی شادی کے چھ ماہ بعد تجارت کی غرض سے کس ملک گئے تھے اور شدید بیمار ہو کر راستے میں وفات پا گئے؟
(A) مصر (B) شام
(C) فلسطین (D) اسرائیل

22. آنحضرتؐ کو اللہ تعالیٰ نے کس موقع پر ان کی والدہ کی قبر پر جانے کی اجازت دی؟
(A) صلح حدیبیہ (B) فتح مکہ
(C) غزوۂ موتہ (D) غزوہ حنین

23. غزوۂ بدر کے ایک ہفتہ بعد آنحضورؐ کے کون سے چچا کا انتقال ہوا؟
(A) ابوطالب (B) حضرت عباسؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) ابولہب

24. احد کی پہاڑیوں میں کون دفن ہے؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) عبداللہ ابن جحش
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

25. حضرت حمزہؓ کے متعلق کون سا بیان درست ہے؟
(A) وہ آنحضورؐ کے رضاعی بھائی تھے۔
(B) انہوں نے اکتیس کافروں کو قتل کیا
(C) وہ حضرت جبرائیل کو دیکھنا چاہتے تھے لیکن حضرت جبرائیل کے پاؤں دیکھ کر بے ہوش ہو گئے۔
(D) سارے بیان درست ہیں۔

26. کس جنگ میں حضور اکرمؐ کے چچا عباس اسلام قبول کرنے سے پہلے گرفتار ہوئے اور مسلمانوں نے انہیں ایک منافق عبداللہ ابن ابی کی قمیض پہنا دی؟
(A) بدر (B) احد
(C) احزاب (D) حسنین

27. بعثت سے پہلے آنحضورؐ نے حضرت ابوطالب کے ساتھ کہاں کا سفر کیا تھا؟
(A) مصر (B) شام
(C) فلسطین (D) اسرائیل

28. حضرت محمد ﷺ کی کون سی پھوپھی اور آپؐ کے والد حضرت عبداللہ جڑواں بہن بھائی تھے؟
(A) ام حکیم (B) ام سلمیٰ
(C) ام سلیم (D) ام خولہ

AWAZE INQILAB.COM

29. حضرت محمد ﷺ کے کون سے چچا زاد بھائی مفسر قرآن کہلاتے تھے؟

(A) حمزہؓ ابن عباس (B) عبداللہ ابن عباسؓ
(C) طلحہ ابن عباس (D) زبیر ابن عباس

30. ''آپ کا چہرہ اور کردار دونوں حضرت میکائیل علیہ السلام سے ملتے ہیں'' کس کے بارے میں حضور اکرمؐ نے یہ الفاظ کہے تھے؟۔

(A) اپنے چچا حضرت حمزہؓ
(B) اپنے چچازاد بھائی جعفر طیار
(C) اپنے چچازاد بھائی حضرت عبداللہؓ
(D) اپنے چچا حضرت عباسؓ

31. درج ذیل میں سے کون قبیلہ قریش کی شاخوں میں شامل تھے؟

(A) بنوہاشم، بنوتمیم، بنوعدی (B) بنومخدوم، بنوزہرہ
(C) بنواسد، بنوامیہ (D) تمام

32. بنومخذوم سے کس کا تعلق تھا؟

(A) خالدؓ بن ولید (B) ابوجہل
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

33. بنوزہرہ سے کس کا تعلق تھا؟

(A) حضرت خدیجہؓ
(B) حضرت زبیر ابن العوام
(C) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

جوابات

1. (C)	2. (D)	3. (C)	4. (A)	5. (A)	6. (B)	7. (D)	8. (B)
9. (C)	10. (B)	11. (C)	12. (C)	13. (D)	14. (C)	15. (A)	16. (D)
17. (C)	18. (B)	19. (B)	20. (A)	21. (B)	22. (A)	23. (D)	24. (C)
25. (D)	26. (A)	27. (B)	28. (A)	29. (B)	30. (B)	31. (D)	32. (C)
33. (C)							

AMAZE INQILAB.COM

ازواج مطہرات

1. نبی پاکؐ کی بیویاں جن سے کوئی شادی نہیں کرسکتا کیا کہلاتی ہیں؟
(A) امہات المومنین (B) ازواج مطہرات
(C) aاورb دونوں
(D) aاورb میں سے کوئی بھی نہیں

2. ام المومنین کے لغوی معنی ہیں۔ ''مومنین کی ماں'' ازواج مطہرات کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(A) پاکیزہ بیویاں (B) نیک بیویاں
(C) عظیم بیویاں (D) بارحمت بیویاں

3. نبی پاکؐ نے اپنی زندگی میں کتنی عورتوں سے شادی کی؟
(A) 4 (B) 7
(C) 9 (D) 11

4. آپؐ کی پہلی زوجہ تھیں۔
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت خدیجہؓ (D) حضرت جویریہؓ

5. حضرت خدیجہؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟
(A) بنواسد (B) بنوامیہ
(C) بنوعاد (D) بنوہاشم

6. حضرت خدیجہؓ کے والد کا کیا نام تھا جو کہ اپنے قبیلے کے سردار بھی تھے؟
(A) خویلد (B) قیدار
(C) قصیٰ (D) کوئی نہیں

7. حضرت خدیجہؓ کی والدہ ماجدہ کا نام بتائیں؟
(A) فاطمہ بنت زائدہ (B) فاطمہ بنت عبداللہ
(C) فاطمہ بنت عبدالرحمٰن (D) فاطمہ بنت علی

8. حضرت خدیجہؓ کے پہلے خاوند کا نام کیا تھا؟
(A) ابوہالہ ابن ذراعہ تمیمی (B) ابوہالہ ابن عبداللہ
(C) ایصالہ ابن علی (D) کوئی نہیں

9. ابوہالہ ابن ذراعہ تمیمی کی وفات کے بعد حضرت خدیجہؓ نے کس سے دوسری شادی کی؟
(A) عبدالرحمٰن ابن عبداللہ (B) ابوہالہ ابن عبداللہ
(C) عتیق ابن عائذ مخزومی (D) ابوخالد ابن عبداللہ

10. حضرت خدیجہؓ کے بیٹے ہالہ جو جنگ میں شہید ہوئے ان کے کس خاوند کے بیٹے تھے؟ (P.C.S.J -2001)
(A) ابوہالہ ابن ذراعہ تمیمی (B) عتیق ابن عائذ مخزومی
(C) ذراعہ ابن ابوہالہ (D) عتیق ابن ابوہالہ

11. حضرت خدیجہؓ کے ابوہالہ ابن ذراعہ تمیمی سے پیدا ہونے والے دوسرے بیٹے کا نام بتائیں؟
(A) ہند (B) ہالہ
(C) قاسم (D) حالس

12. حضرت خدیجہؓ کی عتیق ابن عائذ مخزومی سے پیدا ہونے والی بیٹی کا نام بتائیں؟
(A) ہندہ (B) فاطمہ
(C) رملہ (D) کبریٰ

13. خدیجہؓ کا لقب کیا تھا؟
(A) صدیقہ (B) طاہرہ
(C) عابدہ (D) زاہدہ

14. ''طاہرہ'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(A) پاکیزہ (B) کامیاب
(C) عزت دار (D) وفادار

AWAZE-INQILAB.COM

15. حضرت خدیجہؓ کی پہلی اولاد میں سے کون مشرف بہ اسلام ہوا؟
(A) ایک بیٹی ہندہ (B) ایک بیٹا ہالہ
(C) بیٹا حارث (D) a,b اور c تینوں

16. 11 رمضان کو حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا سال بتائیں؟
(A) 7 نبوی (B) 8 نبوی
(C) 9 نبوی (D) 10 نبوی

17. نبی پاکؐ کی حیات مبارکہ میں ان کی کس زوجہ مطہرہ کا انتقال ہوا؟
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت میمونہؓ
(C) حضرت زینبؓ (D) حضرت عائشہؓ

18. کس زوجہ مطہرہ کی حیات میں آپؐ نے کس اور عورت سے شادی نہیں کی؟
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت خدیجہؓ
(C) حضرت ماریہ قبطیہؓ (D) حضرت میمونہؓ

19. حضرت خدیجہؓ کہاں دفن ہیں؟
(A) جنت معلیٰ (B) جنت البقیع
(C) مدینہ (D) عراق

20. کیوں آپؐ نے حضرت خدیجہؓ کا جنازہ نہیں پڑھایا؟
(A) آپؐ گھر نہیں تھے
(B) حضرت خدیجہؓ کی چاہت پر ورقہ بن نوفل نے پڑھایا
(C) ابھی تک جنازہ کا حکم نازل نہیں ہوا تھا
(D) کوئی نہیں

21. کس شخصیت کے ذریعے سے نبی پاکؐ اور حضرت خدیجہؓ کی شادی ہوئی؟
(A) ورقہ ابن نوفل (B) اسد ابن ولید
(C) خالد ابن اسد (D) عبداللہ ابن اوس

22. ''مجھے جتنا رشک حضرت خدیجہؓ پر محسوس ہوتا ہے کسی اور زوجہ پر نہیں ہوتا۔'' یہ کس ام المومنین کے الفاظ ہیں؟
(A) حضرت زینبؓ (B) حضرت سودہؓ
(C) حضرت میمونہؓ (D) حضرت عائشہؓ

23. ''اس نے مجھ پر اس وقت یقین کیا جب کسی اور نے نہ کیا۔ اس نے اس وقت اسلام قبول کیا جب لوگوں نے مجھے جھٹلایا اور اس نے میری اس وقت مدد کی اور مجھے راحت پہنچائی جب کسی دوسرے نے میری طرف مدد کا ہاتھ نہ بڑھایا تھا۔'' یہ جواب ہے اس سوال کا کہ کیا حضرت خدیجہؓ ہی اکیلی حضرت محمدؐ کی محبت کے لائق ہیں۔ یہ سوال نبی اکرمؐ سے کس ام المومنین نے کیا؟
(A) حضرت ماریہ قبطیہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت میمونہؓ

24. ایک موقع پر جب حضرت خدیجہؓ بھی زندہ تھیں جبرائیلؑ حضرت محمدؐ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ ''اے اللہ کے نبی خدیجہؓ آپ کے پاس یخنی کے پیالہ کے ساتھ آ رہی ہیں۔ جب وہ آپؐ کے پاس آئیں تو ان کو ان کے رب اور میری طرف سے سلامتی کا پیغام دیجئے گا اور جنت میں موتیوں کے ایک ایسے محل کی بشارت دیجئے گا جس میں نہ تو شور ہوگا اور نہ ہی کوئی تھکاوٹ۔'' اس حدیث مبارکہ کے راوی کون ہیں؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت ابوہریرہؓ (D) حضرت طلحہؓ

25. حضرت فاطمہ بنت محمد حضرت خدیجہؓ اور .....
(A) حضرت مریم بنت عمرانؑ کو نبی پاکؐ نے دنیا کی افضل ترین خواتین قرار دیا۔
(B) فرعون کی بیوی حضرت آسیہؑ کو نبی پاکؐ نے دنیا کی افضل ترین خواتین قرار دیا۔
(C) a اور b دونوں
(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

26. شادی کے وقت حضرت محمدؐ کی عمر 25 سال اور حضرت خدیجہؓ کی عمر۔
(A) 30 سال تھی (B) 35 سال تھی
(C) 40 سال تھی (D) 45 سال تھی

AWAZ E INQILAB.COM

27. وصال کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

(A) 66 سال (B) 65 سال

(C) 64 سال (D) 63 سال

28. نبی پاکؐ نے کس سال کو عام الحزن (غم کا سال) قرار دیا ہے؟

(A) جس میں حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا

(B) جس میں حضرت ابو طالب کا انتقال ہوا

(C) جس میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہؓ دونوں کا انتقال ہوا

(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

29. کس ام المومنین نے حضرت محمدؐ کے بچوں کو دودھ پلایا؟

(A) حضرت میمونہؓ (B) حضرت سودہؓ

(C) حضرت جویریہؓ (D) حضرت حفصہؓ

30. کس ام المومنین نے حضرت عائشہؓ کے بارے میں کہا تھا کہ ''کاش میری روح ان میں ہوتی؟''

(A) حضرت سودہؓ (B) حضرت زینبؓ

(C) حضرت صفیہؓ (D) حضرت حفصہؓ

31. آپ کی دوسری زوجہ تھیں۔

(A) حضرت میمونہؓ (B) حضرت جویریہؓ

(C) حضرت ریحانہؓ (D) حضرت سودہؓ

32. حضرت عثمان ابن مخزون کی اس زوجہ کا نام بتائیں جنہوں نے حضرت سودہؓ کا نام نبی اکرمؐ کیلئے تجویز کیا تھا؟

(A) حضرت خولہ بنت حکیم

(B) حضرت خولہ بنت عبداللہ

(C) حضرت خولہ بنت عبدالرحمٰن

(D) حضرت خولہ بنت عثمان

33. حضرت سودہؓ کب مشرف بہ اسلام ہوئیں؟

(A) 1 نبوی (B) 2 نبوی

(C) 3 نبوی (D) 4 نبوی

34. حضرت سودہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتائیں؟

(A) سکران ابن ہشام (B) سکران ان علی

(C) سکران ابن ہاشم (D) سکران ابن عمرو

35. اس جنگ کا نام بتائیں جس میں سکران ابن عمرو نے جامِ شہادت نوش کیا؟

(A) جنگ جمل (B) جنگ فجار

(C) جنگ حنین (D) جنگ بدر

36. نبی پاکؐ سے شادی کے وقت حضرت سودہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

(A) 30 سال (B) 40 سال

(C) 50 سال (D) 60 سال

37. سکران ابن عمرو سے حضرت سودہؓ کے بیٹے کا نام بتائیں؟

(A) عبداللہ (B) عبدالرحمٰن

(C) عبیداللہ (D) عبیدالرحمٰن

38. سکران ابن عمروؓ سے حضرت سودہؓ کا بیٹا عبدالرحمٰن کس جنگ میں شہید ہوا؟

(A) موتہ (B) تبوک

(C) جلولہ (D) حمر

39. حضرت سودہؓ نے اپنے پہلے شوہر کے ساتھ کب حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

(A) 4 ہجری (B) 3 ہجری

(C) 2 ہجری (D) 1 ہجری

40. حضرت سودہؓ آپؐ کے ساتھ رہنے کی اپنے حصے کی باری کس ام المومنین کو دے دیتی تھیں؟

(A) حضرت میمونہؓ

(B) حضرت عائشہؓ

(C) حضرت ماریہ قبطیہؓ

(D) حضرت زینب بنت جحشؓ

41. نبی پاکؐ کی کس زوجہ کی رہائش گاہ سب سے پہلے ایک مسجد میں بنائی گئی؟

AWAZ E TNQILAB.COM

(A) حضرت سودہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) اے اور بی دونوں
(D) اے اور بی میں سے کوئی بھی نہیں

42. کس ام المومنین کے کہنے پر پردے کے احکامات سے متعلق آیت نازل ہوئی تھیں؟
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت میمونہؓ (D) حضرت سودہؓ

43. حضرت سودہؓ کب فوت ہوئیں اور انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا؟
(A) 20 ہجری (B) 21 ہجری
(C) 22 ہجری (D) 23 ہجری

44. کس خلیفہ کے دورِ خلافت میں حضرت سودہؓ کا انتقال ہوا؟
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت عثمان غنیؓ (D) حضرت علیؓ

45. نبی اکرمؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ تمام ازواج مطہرات میں سے بلند قامت تھیں؟
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت جویریہؓ (D) حضرت سودہؓ

46. کتنی احادیث کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کی راوی حضرت سودہؓ تھیں؟
(A) 10 (B) 8
(C) 5 (D) 3

47. نبی اکرمؐ کی تیسری زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں؟
(A) حضرت زینبؓ (B) حضرت میمونہؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت جویریہؓ

48. حضرت عائشہؓ کی والدہ سے متعلق کون سا بیان درست ہے؟
(A) ان کی والدہ کا نام زینت تھا
(B) ان کی والدہ کی کنیت ام رمان تھی
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

49. حضرت عائشہؓ کب پیدا ہوئیں؟
(A) 1 نبوی (B) 2 نبوی
(C) 3 نبوی (D) 4 نبوی

50. نبی اکرمؐ کے نام سے منسوب ہونے سے پہلے حضرت عائشہؓ کس سے منسوب تھیں اور یہ رشتہ ٹوٹنے کی وجہ یہ خوف تھا کہ وہ لڑکا دین اسلام چھوڑ دے گا؟
(A) جبیر ابن علی (B) جبیر ابن حسن
(C) جبیر ابن مطعم (D) جبیر معطل

51. آپؐ سے نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر _____
(A) 6 سال تھی (B) 8 سال تھی
(C) 10 سال تھی (D) 12 سال تھی

52. آپؐ کے گھر رخصتی کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر تھی۔
(A) 9 سال (B) 10 سال
(C) 11 سال (D) 12 سال

53. حضرت عائشہؓ سے نکاح کے وقت حضرت محمدؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 50 سال (B) 51 سال
(C) 52 سال (D) 54 سال

54. حضرت عائشہؓ نے آپؐ کے ساتھ کتنے سال بحیثیت بیوی کے گزارے؟
(A) 5 سال (B) 7 سال
(C) 9 سال (D) 11 سال

55. کس نے حضرت عائشہؓ کے بارے میں یہ کہا تھا کہ ''میں نے عائشہؓ سے زیادہ فصیح و بلیغ عورت نہیں دیکھی۔''
(A) موسیٰ ابن طلحہؓ (B) طلحہ ابن زبیرؓ
(C) عبداللہ ابن عمر (D) حضرت عثمانؓ

56. حضرت عائشہؓ اور نبی پاکؐ کی کس زوجہ مطہرہ کے درمیان بہت گہری محبت تھی؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حضرت میمونہؓ (B) حضرت صفیہؓ
(C) حضرت جویریہؓ (D) حضرت سودہؓ

57. حضرت محمدؐ اور حضرت عائشہؓ کی شادی کے دوران کون سا اہم واقعہ پیش آیا؟
(A) قبلہ کا رخ تبدیل ہو کر بیت المقدس سے خانہ کعبہ کی طرف منتقل ہوا
(B) واقعہ معراج پیش آیا
(C) aاور bدونوں
(D) aاور bمیں سے کوئی بھی نہیں

58. کس جنگ میں حضرت عائشہؓ نے زخمی مجاہدین کو پانی پلایا اور ان کے زخموں کی مرہم پٹی کی؟
(A) غزوۂ بدر (B) غزوۂ خندق
(C) غزوۂ احد (D) غزوۂ موتہ

59. کس غزوہ سے واپسی پر حضرت عائشہؓ کے گلے کا ہار گم گیا؟
(A) غزوہ بنو المصطلیق (B) غزوہ مرہ
(C) غزوہ خندق (D) غزوہ بدر

60. غزوہ بنو المصطلیق سے واپسی پر حضرت عائشہؓ کو کیوں قافلے والے پیچھے چھوڑ گئے؟
(A) کیونکہ آپ کسی کو بتائے بغیر اپنی پالکی سے اتر گئی تھیں
(B) آپ کو کچھ وقت لگا اپنا کھویا ہوا ہار تلاش کرنے میں
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

61. گلے کا ہار گمنے اور قافلے سے بچھڑنے کے واقعہ کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 12 سال (B) 13 سال
(C) 14 سال (D) 15 سال

62. اپنے قافلے سے بچھڑنے کے بعد کون سے صحابی حضرت عائشہؓ کو اپنے ہمراہ لے کر آئے تھے؟
(A) صفوان ابن المعطل (B) احمد ابن المعطل
(C) عبداللہ ابن المعطل (D) جابر ابن المعطل

63. کس ام المومنین اور صفوان ابن [illegible] کے بارے میں [illegible] نے افواہیں پھیلا دیں اور آپؐ پریشان ہو گئے؟
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت جویریاؓ
(C) حضرت سودہؓ (D) حضرت عائشہؓ

64. حضرت عائشہؓ کی اس ملازمہ کا نام بتائیں جب اس سے نبی پاکؐ نے حضرت عائشہؓ کے کردار سے متعلق دریافت کیا تو اس نے ان کو پاکیزہ قرار دیا؟
(A) حصہ (B) فاطمہ
(C) بریرہ (D) رملہ

65. کس ام المومنین سے حضرت محمدؐ نے حضرت عائشہؓ سے متعلق سوال کیا تو انہوں نے حضرت عائشہؓ سے تلخ تعلقات ہونے کے باوجود آپؓ کے کردار کی تعریف کی؟
(A) زینب بنت جحشؓ (B) حضرت جویریہؓ
(C) حضرت سودہؓ (D) حضرت صفیہؓ

66. حضرت عائشہؓ کے کردار کی پاکیزگی کے بارے میں کس کی گواہی نے ہر شخص کو مطمئن کر دیا تھا؟
(A) حضرت محمدؐ (B) حضرت عمرؓ
(C) اللہ تعالیٰ
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

67. قرآن مجید کی کس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت عائشہؓ کے کردار کی پاکیزگی کی گواہی دی ہے؟
(A) سورۃ الفلق (B) سورۃ النساء
(C) سورۃ النور (D) سورۃ الرحمٰن

68. قرآن مجید کی حضرت عائشہؓ کے کردار کی پاکیزگی پر گواہی کے بعد نبی پاکؐ نے ان لوگوں کو کیا سزا دی جنہوں نے حضرت عائشہؓ کے کردار کو داغ دار کرنے کی ناکام کوشش کی؟
(A) 80 کوڑے لگوائے (B) 70 کوڑے لگوائے
(C) 60 کوڑے لگوائے (D) 50 کوڑے لگوائے

69. کس ام المومنین اور حضرت علیؓ کے درمیان حضرت عثمانؓ کی شہادت کے مسئلے پر جنگ جمل ہوئی؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حضرت سودہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت حفصہؓ (D) حضرت جویریہؓ

70. حضرت عائشہؓ کا لقب ''صدیقہ'' تھا۔ حضرت عائشہؓ.....
(A) طیبہ بھی کہلاتی ہیں (B) حمیرہ بھی کہلاتی ہیں
(C) aاور b دونوں (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

71. حضرت عمرؓ نے ازواج المطہرات کیلئے دس ہزار درہم کا سالانہ الاؤنس مقرر کیا تھا لیکن حضرت عائشہؓ کیلئے اس رقم کی تعداد۔
(A) گیارہ ہزار درہم تھی (B) بارہ ہزار درہم تھی
(C) تیرہ ہزار درہم تھی (D) چودہ ہزار درہم تھی

72. حضرت عائشہؓ کب فوت ہوئیں؟
(A) 17 رمضان 58 ہجری (B) 17 رمضان 59 ہجری
(C) 17 رمضان 60 ہجری (D) 17 رمضان 61 ہجری

73. کس کی وصیت کے مطابق حضرت عائشہؓ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا؟
(A) ان کے والد حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت محمدؐ
(C) خود حضرت عائشہؓ (D) کوئی نہیں

74. یہ بتائیں انہوں نے کس کے دورِ خلافت میں وفات پائی؟
(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت امیر معاویہؓ

75. وفات کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر مبارک کی تھی؟
(A) 70 سال (B) 71 سال
(C) 72 سال (D) 74 سال

76. حضرت عائشہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
(A) حضرت حسنؓ (B) حضرت حسینؓ
(C) حضرت ابوہریرہؓ (D) حضرت امیر معاویہؓ

77. حضرت عائشہؓ کتنی احادیث کی راوی ہیں؟
(A) دو ہزار دو سو دس (B) تین ہزار دو سو دس
(C) چار ہزار دو سو دس (D) پانچ ہزار دو سو دس

78. حضرت محمدؐ کی چوتھی زوجہ محترمہ جو کہ حضرت عمرؓ کی بیٹی تھیں کا نام بتائیں؟
(A) حضرت حفصہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت صفیہؓ (D) حضرت میمونہؓ

79. حضرت حفصہؓ نبوت کے کتنے سال بعد پیدا ہوئیں؟
3 (A) 4 (B)
5 (C) 6 (D)

80. حضرت حفصہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتائیں جو کہ ان لوگوں میں شامل تھے جنہوں نے حبشہ ہجرت کی؟
(A) خنیس ابن عمرؓ (B) خنیس بن حذافہؓ
(C) خنیس ابن جبارؓ (D) خنیس ابن عمروؓ

81. حضرت حفصہؓ نے کے پہلے شوہر خنیس ابن حذافہ نے کس جنگ میں شرکت کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش فرمایا؟
(A) بدر (B) احد
(C) خندق (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

82. آپؐ سے حضرت حفصہؓ کی شادی کب ہوئی؟
(A) 1 ہجری (B) 2 ہجری
(C) 3 ہجری (D) 4 ہجری

83. حضرت محمدؐ سے شادی کے وقت حضرت حفصہؓ کی عمر کیا تھی؟
(A) 18 سال (B) 19 سال
(C) 20 سال (D) 21 سال

84. حضرت حفصہؓ نبی اکرمؐ کے ساتھ کتنا عرصہ مدینہ میں رہیں؟
(A) 7 سال (B) 8 سال
(C) 9 سال (D) 10 سال

85. حضرت عائشہؓ کے بعد مذہبی معاملات میں علم کے لحاظ سے کس زوجہ مطہرہ کا نام آتا ہے؟
(A) حضرت صفیہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت حفصہؓ (D) حضرت میمونہؓ

AWAZ E INQILAB.COM

86. اس خاتون کا نام بتائیں جنہیں نبی پاکؐ نے حضرت حفصہؓ کو پڑھانے کیلئے مقرر فرمایا تھا؟
(A) حضرت ماریہ بنت عبداللہ
(B) حضرت شفاء بنت عبداللہ
(C) حضرت مریم بنت عبداللہ
(D) حضرت فاطمہ بنت عبداللہ

87. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) حضرت زینبؓ حافظ قرآن تھیں
(B) حضرت صفیہؓ حافظ قرآن تھیں
(C) حضرت جویریہ حافظ قرآن تھیں
(D) حضرت حفصہ حافظ قرآن تھیں

88. قرآن مجید کے اصل مسودے کی محافظ کونسی ام المومنین تھیں؟
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت ماریہ قبطیہؓ (D) حضرت حفصہؓ

89. خلیفہ وقت حضرت ابوبکرؓ کے کہنے پر حضرت حفصہؓ کے پاس موجود قرآن کے مسودے کو کس نے تحریر کیا تھا؟
(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت زید ابن ثابتؓ (D) حضرت عائشہؓ

90. درج ذیل میں سے کون بیان درست ہے؟
(A) حضرت عائشہؓ کے بعد سب سے زیادہ احادیث حضرت زینب سے مروی ہیں۔
(B) حضرت عائشہؓ کے بعد سب سے زیادہ احادیث حضرت صفیہؓ سے مروی ہیں
(C) حضرت عائشہؓ کے بعد سب سے زیادہ احادیث حضرت میمونہؓ سے مروی ہیں۔
(D) حضرت عائشہؓ کے بعد سب سے زیادہ احادیث حضرت حفصہؓ سے مروی ہیں۔

91. حضرت حفصہؓ کا انتقال کب ہوا؟
(A) 40 ہجری (B) 45 ہجری
(C) 48 ہجری (D) 50 ہجری

92. حضرت حفصہؓ کا انتقال کس کے دور خلافت میں ہوا؟
(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت امیر معاویہؓ (D) حضرت ولیدؓ

93. حضرت حفصہؓ کی صلوٰۃ جنازہ کس نے پڑھائی؟
(A) مروان ابن حکم (B) عبداللہ ابن طلحہ
(C) عبدالرحمٰن ابن زبیرؓ (D) مروان ابن طلحہ

94. نبی اکرمؐ کی پانچویں زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں؟
(A) حضرت زینب بنت خذیمہؓ
(B) حضرت زینب بنت جحشؓ
(C) حضرت صفیہ بنت خذیمہؓ
(D) حضرت ماریہ قبطیہؓ

95. حضرت زینب بنت خزیمہؓ کا لقب کیا تھا؟
(A) ام الفقراء (B) ام المساکین
(C) ام وراء (D) کوئی نہیں

96. ام المساکین سے کیا مراد ہے؟
(A) لاوارثوں کی ماں (B) معذوروں کی ماں
(C) غریبوں کی ماں (D) نیکوکاروں کی ماں

97. حضرت زینبؓ بنت خذیمہؓ کی پہلی شادی نبی اکرمؐ کے کس پھوپھی زاد سے ہوئی تھی؟
(A) عبدالرحمٰن ابن جحش (B) عبداللہ ابن جحش
(C) خزیمہ ابن جحش (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

98. آپؐ کی شادی حضرت زینب بنت حدیمہؓ سے کب ہوئی؟
(A) 1 ہجری (B) 2 ہجری
(C) 3 ہجری (D) 4 ہجری

99. شادی کے وقت حضرت زینب بنت خذیمہؓ کی عمر تیس سال اور حضرت محمدؐ کی عمر مبارک.....
(A) 40 سال تھی (B) 45 سال تھی
(C) 55 سال تھی (D) 60 سال تھی

100. نبی پاکؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ شہید کی بیوہ کہلاتی ہیں؟

AWAZ E TNQI LAB.COM

(A) حضرت زینب بنت خزیمہ
(B) حضرت زینب بنت جحشؓ
(C) حضرت میمونہؓ
(D) حضرت جویریہؓ

101. درج ذیل میں سے کون سا بیان حضرت زینب بنت خزیمہؓ سے متعلق درست ہے؟
(A) وہ ازواج مطہرات میں سب سے کم عمر پانے والی زوجہ مطہرہ تھیں
(B) دوسری ام المومنین کے مقابلے میں انہوں نے بہت کم عرصہ نبی اکرمؐ کی زوجہ مطہرہ کی حیثیت سے گزرا
(C) وہ ازواج مطہرات میں سب سے طبعی عمر پانے والی زوجہ تھیں
(D) aاور bدونوں

102. حضرت زینب بنت خزیمہؓ نے کتنا عرصہ نبی اکرمؐ کے ساتھ ایک بیوی کی حیثیت سے گزرا؟
(A) 8 مہینے (B) 4 مہینے
(C) 5 مہینے (D) 6 مہینے

103. حضرت زینب بنت خزیمہؓ۔
(A) جنت المعلی میں دفن ہیں
(B) جنت البقیع میں دفن ہیں
(C) حجاز میں دفن ہیں
(D) یمن میں دفن ہیں

104. حضرت ام سلمہؓ نبی اکرمؐ کی چھٹی زوجہ مطہرہ تھیں۔آپ کا اصل نام کیا تھا؟
(A) ہند بنت علی امیہ ابن علی
(B) ہند بنت علی امیہ ابن خزیمہ
(C) ہند بنت علی امیہ ابن مغیرہ
(D) ہند بنت علی امیہ ابن جحش

105. حضرت ام سلمہؓ کا تعلق قبیلہ قریش کی کس شاخ سے تھا؟
(A) عاد (B) تمیم
(C) مخزوم
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

106. حضرت ام سلمہؓ کے ان کے پہلے شوہر کا نام بتائیں؟
(A) حضرت عبداللہ ابن عمار
(B) حضرت عبداللہ ابن عقیلؓ
(C) حضرت عبداللہ ابن عبدالاسدؓ
(D) حضرت عبداللہ ابن عاصؓ

107. نبی پاکؐ کی درج ذیل میں کس بیوی کا انتقال آپؐ کی زندگی میں ہی ہو گیا تھا؟
(A) حضرت خدیجہؓ
(B) حضرت زینب بنت خزیمہؓ
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

108. کون سی ام المومنین مدینہ ہجرت کرنے والی خواتین میں سب سے پہلی خاتون تھیں؟
(A) حضرت حفصہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت ام سلمہؓ (D) حضرت صفیہؓ

109. کس غزوہ میں حضرت ام سلمہؓ کے پہلے شوہر کو شہادت نصیب ہوئی؟
(A) بدر (B) خندق
(C) احد (D) موتہ

110. حضرت ام سلمہؓ کی عدت ختم ہوئی تو حضرت محمدؐ نے ان کو شادی کا پیغام دیا۔اس پیغام کا حضرت ام سلمہؓ نے کیا جواب دیا؟
(A) میں ایک نہایت حاسد عورت ہوں مجھے ڈر ہے کہ میری اس عادت کی وجہ سے آپ مجھ میں کچھ ایسا پائیں گے جو آپ کو ناراض کرے گا اور وجہ بنے گا میرے لیے اللہ کی سزا کا۔
(B) میری عمر بہت زیادہ ہے
(C) میرے بچے زیادہ ہیں
(D) b,aاور cتینوں

111. کب حضرت محمدؐ اور حضرت ام سلمہؓ کی شادی ہوئی؟

AWAZE-INQILAB.COM

(A) شوال 4 ہجری (B) شوال 5 ہجری
(C) شوال 6 ہجری (D) شوال 7 ہجری

112. نبی اکرمؐ سے شادی کے وقت حضرت ام سلمہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 20 سال (B) 22 سال
(C) 29 سال (D) 30 سال

113. کون سی ام المومنین قرآن مجید کی نہایت خوبصورت انداز میں تلاوت کرتی تھیں اور ان کا اندازِ تلاوت نبی اکرمؐ کے اندازِ تلاوت سے مماثلت رکھتا تھا؟
(A) حضرت حفصہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت ام سلمہؓ (D) حضرت جویریہؓ

114. کس ام المومنین کے پہلے شوہر نے وفات سے پہلے اپنی بیوی کے لیے دعا کی کہ ''اے میرے رب میرے بعد میری بیوی کو مجھ سے بہتر شوہر عطا فرمانا؟''
(A) حضرت ام سلمہؓ (B) حضرت حفصہؓ
(C) حضرت جویریہؓ (D) حضرت زینبؓ

115. حضرت ام سلمہؓ سے نبی پاکؐ کے چار سوتیلے بچے تھے جن میں تین بیٹے سلمہ، عمر، ضرعہ اور ایک بیٹی شامل ہے۔ حضرت ام سلمہؓ کی بیٹی کا نام بتائیں جو کہ حضرت محمدؐ کے سائے میں پروان چڑھی اور اپنے دور کی قابل ترین عورت کی حیثیت میں ابھریں؟
(A) فاطمہؓ (B) زینبؓ
(C) عائشہؓ (D) ہالہؓ

116. حضرت ام سلمہؓ کے پہلے شوہر سے اس بیٹے کا نام بتائیں جنہوں نے حضرت امامہ سے شادی کی جو کہ آپؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کی بیٹی تھیں؟
(A) سلمہؓ (B) ضرعہ
(C) عمر (D) کوئی بھی نہیں

117. حضرت محمدؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ محاصرہ طائف کے دوران آپؐ کے ساتھ تھیں؟
(A) حضرت ام سلمہؓ
(B) حضرت زینبؓ
(C) a اور b دونوں
(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

118. حضرت ام سلمہؓ کے پاس.....
(A) نبی پاکؐ کی کچھ زلفیں تھیں
(B) نبی پاکؐ کے کپڑے تھے
(C) نبی پاکؐ کے جوتے کا جوڑا تھا
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

119. حضرت ام سلمہؓ کے پہلے شوہر کا نام کیا تھا؟
(A) عبیداللہ ابن الاسدؓ (B) عبداللہ ابن الاسدؓ
(C) عبدالرحمٰن ابن الاسدؓ (D) رشتے کے ماموں

120. حضرت ام سلمہؓ کے پہلے شوہر آپؐ کے کیا لگتے تھے؟
(A) چچا کے بیٹے (B) رضاعی بھائی
(C) رشتے کا چاچا (D) رشتے کے ماموں

121. سب سے طویل عمر پانے والی ام المومنین کونسی تھیں؟
(A) حضرت زینبؓ (B) حضرت جویریہؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت ام سلمہؓ

122. وفات کے وقت حضرت ام سلمہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 84 سال (B) 85 سال
(C) 86 سال (D) 87 سال

123. حضرت ام سلمہؓ جنت البقیع میں دفن ہیں۔ ان کی صلوٰۃ جنازہ کس نے پڑھائی؟
(A) حضرت اسامہؓ (B) حضرت ابو ہریرہؓ
(C) عبدالرحمٰن ابن عوفؓ (D) حضرت امام حسنؓ

124. نبی پاکؐ کی سب سے آخر میں وفات پانے والی زوجہ کا نام کیا تھا؟
(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت ماریہؓ (D) حضرت ام سلمہؓ

125. اسلامی تاریخ کا کون سا اہم واقعہ حضرت ام سلمہ کی زندگی میں پیش آیا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حضرت امام حسینؓ کی شہادت
(B) اموی سلطنت کا عباسی سلطنت کے ہاتھوں خاتمہ
(C) ابوعباس کے ہاتھوں بنوامیہ کا قتل عام
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

126. حضرت ام سلمہؓ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
(A) 378 (B) 400
(C) 478 (D) 500

127. حضرت زینب بنت جحشؓ آپؐ کی _____
(A) 5ویں زوجہ تھیں (B) 6ویں زوجہ تھیں
(C) 7ویں زوجہ تھیں (D) 8ویں زوجہ تھیں

128. حضرت زینب بنت جحشؓ کس کی بیٹی تھیں؟
(A) حضرت امیمہ بنت عبدالمطلب
(B) حضرت امیمہ بنت حمزہؓ
(C) حضرت امیمہ بنت عباسؓ
(D) حضرت امیمہ بنت ابوطالبؓ

129. حضرت زینب بنت جحشؓ رشتہ میں آپؐ کی۔
(A) ماموں زاد بہن تھیں (B) خالہ زاد بہن تھیں
(C) پھوپھی زاد بہن تھیں (D) کوئی نہیں

130. حضرت زینب بنت جحشؓ کا اصل نام کیا تھا؟
(A) درا (B) عتیقہ
(C) برہ (D) بریرہ

131. 3ہجری میں حضرت زینب بنت جحشؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت اسامہ بن زیدؓ
(C) حضرت زید بن حارثؓ (D) کوئی نہیں

132. حضرت زید ابن حارثؓ کون تھے؟
(A) نبی اکرمؐ کے آزاد کردہ غلام
(B) نبی اکرمؐ کے منہ بولے بیٹے
(C) aاور bدونوں
(D) aاور bمیں سے کوئی بھی نہیں

133. لے پالک بیٹے سے شادی پر جب ابہام پیدا ہوا تو نبی اکرمؐ پر درج ذیل وحی کا نزول ہوا کہ ''جب زید نے اس سے شادی ختم کی.....ہم نے اسے (زینب) تمہارے (نبی اکرمؐ) ساتھ شادی کے بندھن میں جوڑ دیا۔'' نکاح کب ہوا؟
(A) 2ہجری (B) 3ہجری
(C) 4ہجری (D) 5ہجری

134. نبی اکرمؐ سے شادی کے وقت حضرت زینب بنت جحشؓ کے عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 30سال (B) 32سال
(C) 33سال (D) 35سال

135. حضرت زینب بنت جحشؓ سے شادی کے وقت آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 50سال (B) 53سال
(C) 56سال (D) 58سال

136. حضرت زینب بنت جحشؓ کا انتقال کب ہوا؟
(A) 20ہجری (B) 21ہجری
(C) 22ہجری (D) 23ہجری

137. حضرت زینب بہت جحشؓ کا انتقال کس کے دور خلافت میں ہوا؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

138. حضرت زینب بنت جحشؓ کے انتقال کے وقت ان کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 53سال (B) 54سال
(C) 55سال (D) 56سال

139. حضرت زینب بنت جحشؓ جنت البقیع میں دفن ہیں۔ ان کی صلوٰۃ جنازہ کس نے ادا کی؟
(A) حضرت ابوہریرہؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

AWAZ E TINQILAB.COM

140. کس اموی خلیفہ نے 50,000 درہم کے عوض مسجد نبوی کی توسیع کیلئے حضرت زینب بنت جحشؓ کا وراثت میں چھوڑا ہوا گھر خرید لیا؟
(A) حضرت امیر معاویہؓ (B) ولید ابن عبدالملک
(C) ابوالمالک (D) ابوولید ابن عبدالملک

141. کس زوجہ سے متعلق آپؐ پہلے ہی کہہ چکے تھے کہ وہ اپنے لمبے ہاتھوں کی وجہ سے جنت میں ان سے سب سے پہلے ملیں گی؟
(A) حضرت سودہؓ
(B) حضرت میمونہؓ
(C) زینب بنت خزیمہؓ
(D) حضرت زینب بنت جحشؓ

142. لمبے ہاتھوں سے کیا مراد ہے؟
(A) مخیّر (B) فیاض
(C) خیرخواہ (D) a,b اور c تینوں

143. کس زوجہ کا نکاح آپؐ سے دو بار ہوا اور دونوں بار وحی سے ہوا؟
(A) حضرت زینب بنت جحشؓ
(B) حضرت سودہؓ
(C) حضرت عائشہؓ
(D) کوئی نہیں

144. نبی اکرمؐ کے وصال کے بعد انتقال پانے والی سب سے پہلی زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں؟
(A) حضرت زینب بنت جحشؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت حفصہؓ (D) حضرت میمونہؓ

145. حضرت جویریہ بنت حارثؓ آپؐ کی _____
(A) 5ویں زوجہ تھیں (B) چھٹی زوجہ تھیں
(C) 7ویں زوجہ تھیں (D) 8ویں زوجہ تھیں

146. کس جنگ میں ایک سردار کی بیٹی جویریہؓ بنت حارث جنگی قیدی بن کر آئیں؟
(A) بنومصطلق (B) بدر
(C) ~~احد~~ (D) خیبر

147. حضرت جویریہؓ کا اصل نام ..... تھا جسے آپؐ نے جویریہ سے تبدیل کر دیا۔
(A) بریرہ (B) برہ
(C) حوریہ (D) کوئی نہیں

148. حضرت جویریہ بنت حارثؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟
(A) بنوعدی (B) بنومصطلق
(C) بنوخزرج (D) بنوعاد

149. قبیلہ بنومصطلق کی شکست اور حضرت جویریہؓ کے قیدی ہو کر آنے کا واقعہ کب پیش آیا؟
(A) 4ہجری (B) 5ہجری
(C) 6ہجری (D) 7ہجری

150. غزوہ بنومصطلق کے مال غنیمت کی تقسیم میں حضرت جویریہؓ پہلے کس کے حصے میں آئیں؟
(A) حضرت عمرؓ
(B) حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ
(C) حضرت ابوبکرؓ
(D) حضرت ثابت ابن قیسؓ

151. حضرت جویریہؓ نے جزیہ کے عوض حضرت ثابت ابن قیسؓ سے آزادی کی درخواست کی اور جزیہ کے لیے کس سے رابطہ کیا جنہوں نے جزیہ ادا کر کے ان سے شادی کی پیش کش کی؟
(A) حضرت محمدؐ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

152. حضرت جویریہؓ کی درخواست پر حضرت محمدؐ نے غزوہ بنومصطلق کے کتنے جنگی قیدیوں کو رہا کیا تھا؟
(A) 500 (B) 600
(C) 700 (D) 800

153. حضرت جویریہؓ نبی اکرمؐ کے ساتھ کتنا عرصہ ان کی بیوی کی حیثیت سے رہیں؟
(A) 6سال (B) 7سال
(C) 8سال (D) 9سال

AWAZ E INQILAB.COM

154. حضرت محمدؐ کی وفات کے بعد حضرت جویریہؓ کتنا عرصہ حیات رہیں؟
(A) 35 سال (B) 36 سال
(C) 38 سال (D) 39 سال

155. وصال کے وقت حضرت جویریہؓ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
(A) 60 سال (B) 62 سال
(C) 65 سال (D) 68 سال

156. حضرت جویریاؓ کا انتقال کس خلیفہ کے دورِ خلافت میں ہوا؟
(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت امیر معاویہؓ

157. حضرت جویریاؓ کا انتقال کب ہوا؟
(A) 50 ہجری (B) 51 ہجری
(C) 52 ہجری (D) 53 ہجری

158. شادی کے وقت حضرت جویریہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 25 سال (B) 23 سال
(C) 20 سال (D) 19 سال

159. حضرت جویریاؓ سے شادی کے وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 50 سال (B) 53 سال
(C) 55 سال (D) 58 سال

160. نبی اکرمؐ کی نویں زوجہ مطہرہ کا نام بتائیں؟
(A) حضرت صفیہؓ (B) حضرت حفصہؓ
(C) حضرت ام حبیبہؓ (D) حضرت جویریہؓ

161. حضرت ام حبیبہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتائیں۔
(A) عبداللہ ابن جحش (B) عبدالرحمٰن ابن جحش
(C) عبیداللہ ابن جحش (D) سیف اللہ ابن جحش

162. کس ام المومنین کا پہلا شوہر ام المومنین حضرت زینب بنت جحشؓ کا بھائی تھا؟
(A) حضرت سودہؓ (B) حضرت جویریاؓ
(C) حضرت ام حبیبہؓ (D) کوئی نہیں

163. حضرت ام حبیبہؓ کے پہلے شوہر سے ایک بیٹی تھی جس کی وجہ سے وہ ام حبیبہؓ کہلاتی تھیں۔ ان کا اصل نام کیا تھا؟
(A) فاطمہ (B) کبریٰ
(C) کوثر (D) رملہ

164. حضرت ام حبیبہؓ کے والد کا نام بتائیں جو کہ اس وقت مسلمانوں کے بدترین دشمن تھے اور بدر، احد اور خندق کی جنگوں میں مسلمانوں کے خلاف لڑ چکے تھے؟
(A) ابوسفیان (B) امیر معاویہؓ
(C) اکرمہ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

165. حضرت ام حبیبہؓ حضرت عثمانؓ کی چچازاد اور.....
(A) حضرت امیر معاویہؓ کی حقیقی بہن تھیں
(B) حضرت عبدالرحمٰن ابن عوفؓ کی حقیقی بہن تھیں
(C) حضرت طلحہ ابن زبیرؓ کی حقیقی بہن تھیں
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

166. کس ہجرت کے بعد ام حبیبہؓ کا پہلا شوہر عیسائی ہوگیا اور آپؓ نے اسے چھوڑ دیا۔
(A) ہجرت مدینہ (B) ہجرت طائف
(C) ہجرت کوفہ (D) ہجرت حبشہ

167. حضور اکرمؐ نے ام حبیبہ کیلئے شادی کا پیغام دے کر کس کو نجاشی کے پاس بھیجا؟
(A) عمرو ابن امیہ (B) عمار ابن امیہ
(C) عامر ابن امیہ (D) عدی ابن امیہ

168. کس کے ذریعے ام حبیبہؓ کا نکاح آپؐ سے ہوا؟
(A) حبشہ کے بادشاہ نجاشی
(B) مصر کے بادشاہ مقوقس
(C) بنوالمصطلیق کے سردار حارث
(D) بنی ہاشم کے سردار عبداللہ

169. نجاشی نے جب اپنی ملازمہ ابرہہ کو حضرت ام حبیبہؓ کے پاس آپؐ سے نکاح کا پیغام دے کر بھیجا تو خوشی میں ام حبیبہؓ نے ابرہہ کو کیا انعام دیا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) دو چوڑیاں (B) دو انگوٹھیاں
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

170. حضرت ام حبیبہؓ کو نبی اکرمؐ کی طرف سے کتنا حق مہر ادا کیا گیا؟
(A) 400 دینار (B) 500 دینار
(C) 600 دینار (D) 700 دینار

171. حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح حضرت محمدؐ سے چھ ہجری میں ہوا لیکن وہ رخصت ہو کر نبی اکرمؐ کے گھر کب تشریف لائیں تھیں؟
(A) 2 ہجری (B) 4 ہجری
(C) 7 ہجری (D) 9 ہجری

172. 7 ہجری میں حضرت ام حبیبہؓ کس کے ساتھ حبشہ سے مدینہ تشریف لائیں؟
(A) عمرو ابن امیہ (B) شرحبیل ابن حسنہ
(C) عبداللہ ابن حسنہ (D) عمر ابن امیہ

173. حضرت ام حبیبہؓ کا وصال اپنے بھائی امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں ہوا۔ ہجری سال بتائیں؟
(A) 44 ہجری (B) 45 ہجری
(C) 46 ہجری (D) 47 ہجری

174. حضرت ام حبیبہؓ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
(A) 60 (B) 65
(C) 70 (D) 70

175. وصال کے وقت حضرت ام حبیبہؓ عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 72 سال (B) 75 سال
(C) 70 سال (D) 68 سال

176. حضرت ام حبیبہؓ نے نبی اکرمؐ کے ساتھ بیوی کی حیثیت سے کتنا عرصہ گزرا؟
(A) 5 سال (B) 4 سال
(C) 3 سال (D) 2 سال

177. حضرت ام حبیبہؓ آپؐ کے وصال کے بعد کتنا عرصہ حیات رہیں؟
(A) 30 سال (B) 31 سال
(C) 32 سال (D) 33 سال

178. نبی اکرمؐ کی دسویں زوجہ مطہرہ حضرت صفیہؓ کا تعلق کس یہودی قبیلے سے تھا؟
(A) بنونضیر (B) بنوعدی
(C) بنوخزیمہ (D) بنوقینقاع

179. حضرت صفیہ کا اصل نام کیا تھا؟
(A) فاطمہ (B) برہ
(C) زینب (D) بریرہ

180. کس فتح کے بعد حضرت صفیہؓ مال غنیمت کے طور پر حضور اکرمؐ کے سامنے پیش کی گئیں تو نبی اکرمؐ نے ان پر اپنی چادر ڈال دی جو کہ اس بات کا اشارہ تھی کہ آپؐ ان سے شادی کا فیصلہ کر چکے ہیں؟
(A) فتح مکہ (B) فتح خیبر
(C) فتح موتہ (D) فتح جلولہ

181. حضرت صفیہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتائیں جس نے ان کو طلاق دے دی تھی؟
(A) سلام ابن مستکم (B) سلام ابن اوس
(C) سلام ابن اسد (D) سلام ابن مسکین

182. حضرت صفیہؓ کے دوسرے شوہر کا نام بتائیں جو کہ غزوۂ خیبر میں مارا گیا؟
(A) کنانہ ابن الحقیق (B) جحش ابن ربیع
(C) عمرو ابن ربیع (D) عاص ابن ربیع

183. حضرت صفیہؓ کی والدہ کس قبیلے کے سردار کی بیٹی تھیں۔
(A) بنوقریظہ (B) بنوعاد
(C) بنوخزیمہ (D) بنوغطفان

184. غزوۂ خیبر کے بعد حضرت صفیہؓ کس مجاہد کے حصے میں مال غنیمت کے طور پر آئیں اور انہوں نے ان سے شادی کا فیصلہ کیا لیکن صحابہ کرامؓ نے اعتراض کیا کہ حضرت صفیہؓ چونکہ ایک سردار کی بیٹی اور ایک سردار کی نواسی بھی ہیں اس لیے ان کی شادی حضرت محمدؐ

AIWAZ ENQILAB.COM

سے ہونی چاہئے چنانچہ اس صحابی نے حضرت صفیہؓ کو چھوڑ کر کسی اور سے شادی کرنے کا فیصلہ کرلیا؟

(A) دحیہ کلبیؓ (B) عمر کلبیؓ
(C) ہارون کلبیؓ (D) رافع کلبیؓ

185. نبی پاکؐ کی کون سی زوجہ محترمہ حضرت ہارون علیہ السلام کی نسل سے تعلق رکھتی تھیں؟

(A) حضرت صفیہؓ (B) حضرت جویریہؓ
(C) حضرت میمونہؓ (D) حضرت حفصہؓ

186. حضرت صفیہؓ کی شادی کب آپؐ سے ہوئی؟

(A) 5 ہجری (B) 6 ہجری
(C) 7 ہجری (D) 8 ہجری

187. آپؐ کے وصال کے وقت حضرت صفیہؓ کی عمر کیا تھی؟

(A) 21 سال (B) 22 سال
(C) 23 سال (D) 24 سال

188. بوقت شادی حضرت صفیہؓ کی عمر مبارک کیا تھی جبکہ نبی اکرمؐ اس وقت ساٹھ سال کے تھے؟

(A) 20 سال (B) 17 سال
(C) 18 سال (D) 19 سال

189. کتنے سال حضرت صفیہؓ نے بیوگی کی زندگی گزاری؟

(A) 30 سال (B) 35 سال
(C) 39 سال (D) 42 سال

190. حضرت صفیہؓ کا انتقال کس عمر میں ہوا؟

(A) 50 سال (B) 60 سال
(C) 55 سال (D) 65 سال

191. حضرت صفیہؓ کس ہجری سال میں فوت ہوئیں؟

(A) 50 ہجری (B) 49 ہجری
(C) 48 ہجری (D) 47 ہجری

192. کس ام المومنین نے محاصرے کے دوران حضرت عثمانؓ کو خوراک و پانی پہنچانے کی کوشش کی تھی؟

(A) حضرت صفیہؓ (B) حضرت ام حبیبہؓ
(C) a اور b دونوں
(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

193. آپؐ کی گیارہویں زوجہ محترمہ تھیں۔

(A) حضرت ماریہؓ (B) حضرت صفیہؓ
(C) حضرت ام حبیبہؓ (D) حضرت میمونہؓ

194. نبی اکرمؐ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتائیں جن سے آپؐ نے عمرہ کے بعد حالت احرام میں شادی کی تھی؟

(A) حضرت صفیہؓ (B) حضرت میمونہؓ
(C) حضرت ام سلمہؓ (D) ماریہ قبطیہؓ

195. حضرت میمونہؓ نبی اکرمؐ کے کس چچا کی سالی تھیں؟

(A) ابوطالب (B) حضرت عباسؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

196. حضرت میمونہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

(A) لبریزہ (B) وردہ
(C) برہ (D) ابرہہ

197. حضرت جعفرؓ ابی طالب حضرت میمونہؓ کے کیا لگتے تھے؟

(A) بھائی (B) چچا
(C) ماموں (D) چچازاد بھائی

198. حضرت میمونہؓ اسلام کے کس بہت بڑے جنگجو کی خالہ بھی تھیں؟

(A) حضرت علیؓ (B) حضرت حمزہؓ
(C) حضرت خالد ابن ولیدؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

199. حضرت میمونہؓ کی بہن کا نام بتائیں جو کہ عبداللہ ابن عباسؓ کی والدہ تھیں؟

(A) ام الفضل (B) ام الغنی
(C) ام السبیل (D) ام الجعفر

200. کہاں پر نبی اکرمؐ نے حضرت میمونہؓ سے حالت احرام میں 7 ہجری میں نکاح کیا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) سرف (B) منیٰ
(C) صفا (D) مزدلفہ

201. حضرت میمونہؓ سے شادی کے وقت حضرت محمدؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 60 سال (B) 61 سال
(C) 62 سال (D) 63 سال

202. شادی کے وقت حضرت میمونہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 30 سال (B) 32 سال
(C) 34 سال (D) 36 سال

203. حضرت میمونہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتائیں؟
(A) مسعود ابن عمرو (B) حسن ابن عمرو
(C) عمار ابن عمرو (D) مسعد ابن عمرو

204. حضرت میمونہؓ کے دوسرے شوہر کا نام بتائیں جن کی وفات کے بعد حضرت میمونہؓ نے نبی اکرمؐ سے شادی کی؟
(A) عبدالرحمٰن ابن عبداللہ عزاء (B) عبداللہ ابن عبداللہ عزاء
(C) ابورحیم ابن عبداللہ عزاء (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

205. حضرت میمونہؓ کی کس بہن کی شادی حضرت ابوبکرؓ سے ہوئی تھی؟
(A) اسماء بنت عمیس (B) فاطمہ بنت عمیس
(C) زینب بنت عمیس (D) رملہ بنت عمیس

206. حضرت میمونہؓ کی کس بہن کی شادی حضرت حمزہؓ سے ہوئی؟
(A) ہالہ بنت عمیس (B) اسماءؓ بنت عمیس
(C) سلمہؓ بن عمیس (D) کوئی نہیں

207. حضرت میمونہؓ کی وفات کب اسی جگہ پر ہوئی جہاں پر ان کی شادی نبی اکرمؐ سے ہوئی تھی؟
(A) 51 ہجری (B) 52 ہجری
(C) 53 ہجری (D) 54 ہجری

208. آپؐ کی وفات کے بعد حضرت میمونہؓ کتنا عرصہ مدینہ میں رہیں؟
(A) 20 سال (B) 30 سال
(C) 40 سال (D) 50 سال

209. وفات کے وقت حضرت میمونہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 80 سال (B) 82 سال
(C) 85 سال (D) 90 سال

210. حضرت میمونہؓ کی صلوٰۃ جنازہ کس نے پڑھائی؟
(A) حضرت عبداللہ ابن جعفرؓ
(B) حضرت عبداللہ ابن طالبؓ
(C) حضرت عبداللہ ابن عباسؓ
(D) حضرت عبداللہ ابن حمزہؓ

211. کس ام المومنین کو آپؐ اچھائی کا نمونہ قرار دیتے تھے؟
(A) حضرت مسودہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت میمونہؓ (D) حضرت خدیجہؓ

212. آپؐ نے حضرت میمونہؓ کا نام میمونہ رکھا جس کا مطلب ہے۔
(A) برکت والی (B) رحمتوں والی
(C) نور والی (D) کوئی نہیں

213. حضرت میمونہؓ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟
(A) کیونکہ ان کی شادی کے وقت مسلمانوں کو کئی سالوں کی جلاوطنی کے بعد مکہ میں داخل ہونے کی اجازت ملی تھی
(B) ان کی شادی نبی پاکؐ سے اس وقت ہوئی جب مکہ فتح ہوا
(C) ان کی شادی نبی پاکؐ سے اس وقت ہوئی جب خیبر فتح ہوا
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

214. کہاں کے بادشاہ نے اسلام تو قبول نہ کیا لیکن بڑی عزت و احترام کے ساتھ پیش آیا اور واپسی پر ان کے ساتھ بہت سارے تحفوں کے ساتھ ماریہ قبطیہ بھی نبی اکرمؐ کی خدمت میں بھیجیں؟
(A) مصر (B) عراق
(C) یمن (D) حجاز

215. حضرت ماریہ قبطیہؓ کی شادی آپؐ سے کب ہوئی؟

AWAZ E NOQILAB.COM

(A) 8 ہجری (B) 9 ہجری
(C) 10 ہجری (D) 11 ہجری

216. کچھ روایات کے مطابق ماریہ قبطیہؓ آپ ﷺ کی لونڈی ہی رہیں۔ اگر نبی پاکؐ نے ان سے شادی کی تھی تو پھر مختلف روایات کے مطابق شادی کے وقت ماریہ قبطیہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
(A) 20 سال (B) 30 سال
(C) 40 سال (D) 50 سال

217. حضرت ماریہ قبطیہؓ دوسری ازواج مطہرات سے علیحدہ کس علاقے میں رہتی تھیں؟
(A) عالیہ (B) سلیم
(C) قینقاع (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

218. ماریہ قبطیہؓ نے نبی اکرمؐ کے ساتھ صرف تین سال گزارے اور وصال نبیؐ کے صرف.....
(A) 6 سال بعد وفات پا گئیں
(B) 7 سال بعد وفات پا گئیں
(C) 8 سال بعد وفات پا گئیں
(D) 9 سال بعد وفات پا گئیں

219. حضرت ماریہ قبطیہؓ کہاں دفن ہیں؟
(A) کوفہ میں (B) جنت البقیع میں
(C) مکہ میں (D) مصر میں

220. حضرت ماریہ قبطیہؓ کی صلوٰۃ جنازہ کس نے پڑھائی؟
(A) حضرت عمر (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت خالد ابن ولیدؓ

221. حضرت ماریہ قبطیہؓ کی اس بہن کا نام بتائیں جو کہ ماریہ قبطیہؓ کے ساتھ مصر سے آئیں تھیں اور ان کی شادی نبی اکرمؐ نے حضرت حسن ابن ثابتؓ سے کروادی تھی؟
(A) سیرین (B) درا
(C) سلمہ (D) قبطیہ

222. حضرت محمدؐ کی چار کنیزیں تھیں جن میں سے ایک کا نام ماریہ ایک کا نفیسہ ایک کا نام معلوم نہیں اور ایک کا.....
(A) سلمٰی تھا (B) فاطمہ تھا
(C) کبریٰ تھا (D) ریحانہ تھا

223. کچھ روایات کے مطابق نبی اکرمؐ نے اپنی کنیز ریحانہ سے کب شادی کر لی تھی؟
(A) 6 ہجری (B) 7 ہجری
(C) 8 ہجری (D) 9 ہجری

224. کب مسلمانوں نے بنوقریظہ پر فتح حاصل کی اور ریحانہ بطور مال غنیمت حاصل ہوئیں؟
(A) 5 ہجری (B) 6 ہجری
(C) 7 ہجری (D) 8 ہجری

225. ریحانہ کا تعلق کس یہودی قبیلہ سے تھا؟
(A) بنونضیر (B) بنوہاشم
(C) بنوقریظہ (D) بنوقینقاع

226. نبی پاکؐ کی وفات کے کتنے عرصے بعد حضرت ریحانہؓ کا انتقال ہوا؟
(A) 10 سال (B) 12 سال
(C) 14 سال (D) 16 سال

AWAZ E INQILAB.COM

جوابات

1. (C)	2. (A)	3. (D)	4. (C)	5. (A)	6. (A)	7. (A)	8. (A)
9. (C)	10. (A)	11. (A)	12. (A)	13. (B)	14. (A)	15. (D)	16. (D)
17. (A)	18. (B)	19. (A)	20. (C)	21. (A)	22. (D)	23. (C)	24. (C)
25. (C)	26. (C)	27. (B)	28. (C)	29. (B)	30. (A)	31. (D)	32. (A)
33. (A)	34. (D)	35. (D)	36. (C)	37. (B)	38. (C)	39. (D)	40. (B)
41. (C)	42. (D)	43. (C)	44. (B)	45. (D)	46. (C)	47. (C)	48. (C)
49. (D)	50. (C)	51. (A)	52. (A)	53. (D)	54. (C)	55. (A)	56. (D)
57. (C)	58. (C)	59. (A)	60. (C)	61. (B)	62. (A)	63. (D)	64. (C)
65. (A)	66. (C)	67. (C)	68. (A)	69. (B)	70. (C)	71. (B)	72. (A)
73. (C)	74. (C)	75. (D)	76. (C)	77. (A)	78. (A)	79. (C)	80. (B)
81. (A)	82. (C)	83. (C)	84. (B)	85. (C)	86 (B)	87. (D)	88. (D)
89. (C)	90. (D)	91. (B)	92. (C)	93. (A)	94. (A)	95. (B)	96. (C)
97. (B)	98. (D)	99. (D)	100. (A)	101. (B)	102. (B)	103. (B)	104. (C)
105. (C)	106. (C)	107. (C)	108. (C)	109. (C)	110. (D)	111. (A)	112. (C)
113. (C)	114. (A)	115. (B)	116. (A)	117. (C)	118. (A)	119. (B)	120. (B)
121. (D)	122. (A)	123. (B)	124. (D)	125. (A)	126. (A)	127. (C)	128. (A)
129. (C)	130. (C)	131. (C)	132. (C)	133. (D)	134. (D)	135. (D)	136. (A)
137. (B)	138. (A)	139. (B)	140. (B)	141. (D)	142. (D)	143. (A)	144. (A)
145. (D)	146. (A)	147. (B)	148. (B)	149. (B)	150. (D)	151. (A)	152. (C)
153. (A)	154. (D)	155. (C)	156. (D)	157. (A)	158. (C)	159. (D)	160. (C)
161. (C)	162. (C)	163. (D)	164. (A)	165. (A)	166. (D)	167. (A)	168. (A)
169. (C)	170. (A)	171. (C)	172. (B)	173. (A)	174. (B)	175. (A)	176. (B)
177. (D)	178. (A)	179. (C)	180. (B)	181. (A)	182. (A)	183. (A)	184. (A)
185. (A)	186. (C)	187. (A)	188. (B)	189. (C)	190. (B)	191. (A)	192. (C)
193. (D)	194. (B)	195. (B)	196. (C)	197. (D)	198. (C)	199. (A)	200. (A)
201. (A)	202. (D)	203. (D)	204. (C)	205. (A)	206. (C)	207. (A)	208. (C)
209. (A)	210. (C)	211. (D)	212. (B)	213. (A)	214. (A)	215. (A)	216. (A)
217. (A)	218. (A)	219. (A)	220. (A)	221. (A)	222. (D)	223. (A)	224. (B)
225. (C)	226. (A)						

AWAZE INQILAB.COM

www.KitaboSunnat.com

عترۃ النبیؐ/اولاد نبیؐ

1. حضور اکرمؐ کے کتنے بچے تھے؟
(A) 7 (B) 8
(C) 9 (D) 10

2. درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) نبی اکرمؐ کے تمام بچے حضرت خدیجہؓ سے تھے
(B) نبی اکرمؐ کے چھ بچے حضرت خدیجہؓ سے تھے اور ایک بچہ حضرت ماریہ قبطیہؓ سے تھا
(C) نبی اکرمؐ کے چار بچے حضرت خدیجہؓ سے تھے اور تین بچے عائشہؓ سے تھے
(D) نبی اکرمؐ کے چار بچے حضرت خدیجہؓ سے تھے اور تین بچے حضرت عائشہؓ سے اور ایک بچہ حضرت ماریہ قبطیہؓ سے تھا

3. کس زوجہ مطہرہ کے علاوہ نبی اکرمؐ کو کسی زوجہ مطہرہ سے اولاد حاصل نہ ہوئی؟
(A) حضرت خدیجہؓ (B) حضرت ماریہ قبطیہؓ
(C) a اور b دونوں
(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

4. حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہونے والے پہلے بچے کا نام بتائیں؟
(A) قاسم (B) عبداللہ
(C) عبدالرحمٰن (D) طیب

5. آپؐ کے بیٹے قاسم کی وجہ سے حضرت محمد ﷺ کی کنیت ابوالقاسم تھی۔ کس عمر میں حضرت قاسمؓ کا انتقال ہوا تھا؟
(A) ایک سال (B) 2 سال
(C) 3 سال (D) 4 سال

6. حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہونے والی نبی اکرمؐ کی پہلی بیٹی کا نام بتائیں۔
(A) حضرت فاطمہؓ (B) حضرت امامہؓ
(C) حضرت زینبؓ (D) حضرت کلثومؓ

7. حضرت زینبؓ بعثت سے کتنے سال پہلے پیدا ہوئیں؟
(A) 8 سال (B) 10 سال
(C) 11 سال (D) 13 سال

8. حضرت زینبؓ بنت محمد ﷺ کے شوہر کا نام بتائیں؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت ابوالعاصؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

9. حضرت زینبؓ بنت محمد ﷺ سے پیدا ہونے والی نبی اکرمؐ کی پہلی نواسی کا نام کیا ہے؟
(A) حضرت امامہؓ (B) حضرت کلثومؓ
(C) حضرت حمیراؓ (D) حضرت فاطمہؓ

10. حضرت زینبؓ سے پیدا ہونے والے نبی اکرمؐ کے نواسے کا نام بتائیں جو کہ نبی اکرمؐ کے اس وقت ساتھ تھے جب نبی اکرمؐ خانہ کعبہ کے بتوں کو توڑ رہے تھے؟
(A) حضرت علی ابن ابوالعاصؓ
(B) حضرت حمزہ ابن ابوالعاصؓ
(C) حضرت طلحہ ابن ابوالعاصؓ
(D) حضرت طاہر ابن ابوالعاصؓ

11. حضرت خدیجہؓ سے نبی اکرمؐ کی کون سی بیٹی بعثت سے سات سال اور ہجرت سے 19 سال پہلے پیدا ہوئی تھی؟

AWAZE INQILAB.COM

(A) حضرت ام کلثومؓ (B) حضرت رقیہؓ
(C) حضرت فاطمہؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

12. نبی اکرمؐ کی کس بیٹی کا انتقال فتح غزوۂ بدر والے دن ہوا؟
(A) حضرت رقیہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت ام کلثومؓ (D) کسی کا بھی نہیں

13. حضرت رقیہؓ سے پیدا ہونے والے نبی اکرمؐ کے نواسے کا نام بتائیں؟
(A) حضرت عبداللہؓ (B) حضرت عبدالرحمٰنؓ
(C) حضرت طلحہؓ (D) حضرت زبیرؓ

14. حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہونے والی نبی اکرمؐ کی بیٹی حضرت ام کلثومؓ.....
(A) بعثت سے 5 سال پہلے پیدا ہوئیں
(B) بعثت سے چار سال پہلے پیدا ہوئیں
(C) بعثت سے تین سال پہلے پیدا ہوئیں
(D) بعثت سے دو سال پہلے پیدا ہوئیں

15. حضرت کلثومؓ بنت محمد ﷺ کا انتقال کب ہوا؟
(A) شعبان 9 ہجری (B) شعبان 10 ہجری
(C) شعبان 11 ہجری (D) شعبان 12 ہجری

16. آپ کی بیٹی جن کا نکاح پہلے حضرت عثمانؓ سے ہوا۔
(A) حضرت زینبؓ (B) حضرت ام کلثومؓ
(C) حضرت رقیہؓ (D) کوئی نہیں

17. حضرت محمد ﷺ کی بیٹی حضرت رقیہؓ کی شادی حضرت عثمانؓ سے ہوئی۔ نبی اکرمؐ کی دوسری بیٹی کا نام بتائیں جن کی شادی حضرت رقیہؓ کی وفات کے بعد حضرت عثمانؓ سے ہوئی؟
(A) حضرت ام کلثومؓ (B) حضرت امامہؓ
(C) حضرت زینبؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

18. حضرت رقیہؓ کی موت کی وجہ کون سی بیماری بنی؟
(A) تپ دق (B) چیچک
(C) طاعون (D) کوئی بھی نہیں

19. حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہونے والی نبی اکرمؐ کی چوتھی اور سب سے چھوٹی بیٹی کا نام بتائیں؟
(A) حضرت زینبؓ (B) حضرت ام کلثومؓ
(C) حضرت رقیہؓ (D) حضرت فاطمہؓ

20. حضرت فاطمہؓ کی شادی حضرت علیؓ سے کب ہوئی؟
(A) 2 ہجری (B) 3 ہجری
(C) 4 ہجری (D) 5 ہجری

21. حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ سے پیدا ہونے والے نبی اکرمؐ کے نواسے کا نام بتائیں؟
(A) حضرت امام حسنؓ (B) حضرت امام حسینؓ
(C) a اور b دونوں
(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

22. حضرت محمد ﷺ کے کس نواسے کا لقب ''شَبّر'' (SHABBAR) تھا؟
(A) حضرت عبداللہؓ (B) حضرت امام حسنؓ
(C) حضرت امام حسینؓ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

23. شَبّر (SHABBAR) کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(A) خوبصورت (B) کامیاب
(C) بہادر (D) سیاستدان

24. حضرت علیؓ کے بعد کس نے اپنی خلافت کا اعلان کیا؟
(A) حضرت امام حسینؓ (B) حضرت امام حسنؓ
(C) حضرت امیر معاویہؓ (D) حضرت عبداللہؓ

25. کس سال کربلا کے المناک واقعہ میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت ہوئی؟
(A) 61 ہجری (B) 62 ہجری
(C) 63 ہجری (D) 64 ہجری

AWAZ E INQILAB.COM

26. کربلا کہاں واقع ہے؟

(A) دریائے دجلہ کے کنارے پر

(B) دریائے فرات کے کنارے پر

(C) دریائے نیل کے کنارے پر

(D) دریائے سندھ کے کنارے پر

27. حضرت امام حسینؓ کس تاریخ کو شہید ہوئے تھے؟

(A) 8 محرم (B) 9 محرم

(C) 10 محرم (D) 11 محرم

28. حضرت حسنؓ کتنے عرصے کیلئے خلیفہ رہے؟

(A) 14 مہینے (B) 15 مہینے

(C) 16 مہینے (D) 17 مہینے

29. حضرت امام حسنؓ کہاں دفن ہیں؟

(A) کوفہ (B) کربلا

(C) جنت البقیع (D) طاہرہ

30. حضرت خدیجہؓ سے پیدا ہونے والے نبی اکرمؐ کے آخری بچے کا نام بتائیں جو کہ بیٹا تھا؟

(A) حضرت عبداللہؓ (B) حضرت قاسمؓ

(C) حضرت ابراہیمؓ (D) حضرت طاہرؓ

31. حضور اکرمؐ کے بیٹے حضرت عبداللہؓ مکہ میں پیدا ہوئے اور بچپن میں ہی فوت ہو گئے تھے۔ ان کا لقب کیا تھا؟

(A) طاہر (B) طیب

(C) a اور b دونوں

(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

32. حضرت ماریہ قبطیہؓ سے پیدا ہونے والے آپؐ کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

(A) طاہر (B) قاسم

(C) عبداللہ (D) ابراہیم

33. ابراہیم بن محمدؐ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

(A) 18 ماہ (B) 20 ماہ

(C) 21 ماہ (D) 23 ماہ

34. حضرت ابراہیمؓ کب پیدا ہوئے تھے؟

(A) 8 ہجری (B) 9 ہجری

(C) 10 ہجری (D) 11 ہجری

35. ''ہماری آنکھیں پرنم ہیں اور ہمارے دل پریشان ہیں لیکن ہم صرف وہی کہیں گے جو کہ ہمارے اللہ کو خوش کرے۔'' یہ الفاظ نبی اکرمؐ نے کس کی وفات پر کہے تھے؟

(A) اپنے بیٹے حضرت ابراہیمؓ کی وفات پر

(B) اپنے بیٹے حضرت قاسمؓ کی وفات پر

(C) اپنی بیوی حضرت خدیجہؓ کی وفات پر

(D) اپنے چچا حضرت ابوطالب کی وفات پر

36. نبی اکرمؐ کے بیٹے حضرت ابراہیمؓ کی وفات پر کون سا واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے عربوں نے اس واقع کو خاص شخصیات کی وفات سے منسوب کیا لیکن نبی اکرمؐ نے عربوں کی اس ذہنیت کی نفی کر دی؟

(A) قحط (B) سیلاب

(C) زلزلہ (D) سورج گرہن

37. نبی اکرمؐ کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟

(A) 4 بیٹے اور 3 بیٹیاں (B) 4 بیٹیاں اور 3 بیٹے

(C) 5 بیٹیاں اور 2 بیٹے (D) 2 بیٹیاں اور 5 بیٹے

38. کس نے نبی اکرمؐ کے اکلوتے لے پالک بیٹے ہونے کی حیثیت سے ایک خاص مقام اور منفرد اعزاز حاصل کیا؟

(A) زید ابن حارثؓ (B) زید ابن اسدؓ

(C) زید ابن عمرؓ (D) زید ابن جعفرؓ

AWAZ-E-INQILAB.COM

39. درج ذیل میں سے کون سا بیان حضرت زید ابن حارثؓ سے متعلق درست ہے؟

(A) وہ ایک غلام کی حیثیت سے آئے اور نبی اکرمؐ نے ان کو آزاد کروا کر خانہ کعبہ میں اپنا منہ بولا بیٹا بنایا

(B) وہ زید ابن حارثؓ کے بجائے زیدؓ ابن محمد ﷺ کہلاتے تھے

(C) a اور b دونوں

(D) a اور b میں سے کوئی بھی نہیں

40. کس نے حضرت زیدؓ ابن محمد ﷺ کے بارے میں کہا تھا کہ ''اگر زید زندہ رہتے تو نبی اکرمؐ ان کو اپنا جانشین مقرر کرتے۔''؟

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمرؓ

(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت فاطمہؓ

جوابات

1. (A)	2. (B)	3. (C)	4. (A)	5. (B)	6. (C)	7. (B)	8. (C)	
9. (A)	10. (A)	11. (B)	12. (A)	13. (A)	14. (B)	15. (C)	16. (C)	
17. (A)	18. (B)	19. (D)	20. (A)	21. (C)	22. (B)	23. (A)	24. (B)	
25. (A)	26. (B)	27. (C)	28. (A)	29. (C)	30. (A)	31. (C)	32. (D)	
33. (A)	34. (A)	35. (A)	36. (D)	37. (B)	38. (A)	39. (C)	40. (C)	

HIGHLY RECOMMENDED BOOK

FOR PMS

ADVANCED LEARNERS'

English Grammar & Composition

By: M Imtiaz Shahid & Attiya Bano

Published by

Advanced Publishers

17-IInd Floor. Muslim Centre. Chatter Jee Road. Urdu Bazaar. Lahore.
Ph. 37360555, 35056955 (mailto: advancedpublisherspk@gmail.com)

AWAZ E INQILAB.COM

غزوات

غزوہ بدر سے غزوہ دومۃ الجندل تک

1. وہ جنگ جس میں نبی پاکؐ نے بذات خود حصہ لیا وہ کیا کہلاتی ہے؟
(A) سریہ (B) جنگ
(C) غزوہ (D) کوئی نہیں

2. نبی پاک کی زندگی کا پہلا غزوہ کون سا تھا؟
(A) بدر (B) احد
(C) خندق (D) ودان یا ابوا

3. غزوہ ودان کب لڑا گیا؟
(A) ایک ہجری (B) دو ہجری
(C) تین ہجری (D) چار ہجری

4. نبی پاکؐ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟
(A) 20 (B) 25
(C) 27 (D) 31

5. بدر کیا ہے؟
(A) گاؤں (B) وادی
(C) میدان (D) جزیرہ

6. مدینہ سے کتنے میل کے فاصلے پر بدر واقع ہے؟
(A) 80 میل (B) 90 میل
(C) 100 میل (D) 110 میل

7. جنگ بدر کس تاریخ کو لڑی گئی؟
(A) 18 رمضان (B) 17 رمضان
(C) 16 رمضان (D) 15 رمضان

8. جنگ بدر کس ہجری میں لڑی گئی؟
(A) 2 ہجری (B) 3 ہجری
(C) 4 ہجری (D) 5 ہجری

9. سریا عبداللہ بن جحش میں کس مشرک/کافر کا قتل بدر کی لڑائی کا اہم سبب بنا؟
(A) عمرو بن الحضرمی (B) ولید بن مغیرہ
(C) ابوسفیان (D) کرز بن جابر

10. بدر کے کیا معانی ہیں؟
(A) دیوار (B) کنواں
(C) کھیت (D) وادی

11. جنگ بدر میں مسلمانوں کی کل تعداد کتنی تھی؟
(A) 1000 (B) 500
(C) 415 (D) 313

12. جنگ بدر میں کتنے انصار و مہاجرین شامل تھے؟
(A) 81 انصار اور 232 مہاجرین
(B) 82 انصار اور 231 مہاجرین
(C) 83 انصار اور 230 مہاجرین
(D) 82 انصار اور 229 مہاجرین

13. جنگ بدر میں مسلم فوج میں قبیلہ خزرج کے کتنے مجاہد شامل تھے؟
(A) 40 (B) 45
(C) 52 (D) 61

14. جنگ بدر میں 170 مجاہدوں کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟
(A) عاد (B) اوس
(C) اسد (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

AWAZ E INQILAB.COM

15. جنگ بدر میں کتنے کفار شامل تھے؟
(A) 500 (B) 700
(C) 900 (D) 1000

16. جنگ بدر میں کفار کے پاس کتنے اونٹ تھے؟
(A) 100 (B) 300
(C) 500 (D) 700

17. جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ تھے؟
(A) 100 (B) 80
(C) 70 (D) 90

18. جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس گھوڑوں کی تعداد کیا تھی؟
(A) 2 (B) 8
(C) 10 (D) 15

19. جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس تلواروں کی تعداد کیا تھی؟
(A) 5 (B) 6
(C) 7 (D) 8

20. جنگ بدر کا جھنڈا کس ام المومنین کے دوپٹے سے تیار کیا گیا؟
(A) حضرت حفصہؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت عائشہؓ (D) حضرت ام حبیبہؓ

21. جنگ بدر میں کتنے کافر مارے گئے؟
(A) 100 (B) 80
(C) 70 (D) 60

22. جنگ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟
(A) 10 (B) 12
(C) 14 (D) 16

23. جنگ بدر میں کتنے انصار و مہاجرین شہید ہوئے؟
(A) 8 انصار اور 6 مہاجرین (B) 9 انصار اور 5 مہاجرین
(C) 10 انصار اور 4 مہاجرین (D) 11 انصار اور 3 مہاجرین

24. جنگ بدر میں وہ کون سے صحابہ تھے جو اگلی صفوں میں لڑے رہے تھے؟
(A) حضرت عبیدہؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) تمام

25. کون سے صحابی عمر میں سب سے زیادہ ہونے کے باوجود جنگ بدر میں اگلی صفوں میں لڑے تھے؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) حضرت عبیدہؓ
(C) حضرت سعدؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

26. جنگ بدر میں کون سے کفار اگلی صفوں میں لڑے؟
(A) عتبہ (B) ولید بن عتبہ
(C) شیبہ (D) تمام

27. جنگ بدر میں مسلمانوں کی فوج کا جھنڈا کس رنگ کا تھا؟
(A) سبز (B) سیاہ
(C) سفید (D) نیلا

28. جنگ بدر میں کتنے کافر قیدی بنا لئے گئے تھے؟
(A) 70 (B) 80
(C) 60 (D) 50

29. جنگ بدر کے متعلق ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(A) آنحضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ کو قیدی بنا لیا گیا
(B) آنحضورؐ کے داماد ابوالعاص کو قیدی بنا لیا گیا
(C) یہ دونوں بیان درست ہیں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

30. حضرت علیؓ کے اس مشرک بھائی کا نام بتائیں جسے جنگ بدر میں قیدی بنا لیا گیا تھا؟
(A) عقیل (B) عباس
(C) حمزہ (D) کوئی بھی نہیں

31. جنگ بدر میں کافروں کے کون سے لیڈر (پیشوا) مارے گئے؟
(A) شیبہ (B) ابوجہل
(C) عتبہ (D) تمام

32. کس کو نبی پاکؐ نے جنگ بدر میں مسلمانوں کا سرکردہ سپاہی مقرر کیا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت علیؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت ابوبکر صدیقؓ

33. بدر کے قریب جب قریش کو ابوسفیان کے قافلے کے بحفاظت نکل جانے کی خبر ملی تو کس نے کہا کہ مسلمانوں سے جنگ کی ضرورت نہیں؟
(A) بنوعدی کے سرداروں نے
(B) بنوزہرہ کے سرداروں نے
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

34. بنوعدی وزہرہ کی فوج میں کتنے افراد شامل تھے؟
(A) 20 (B) 30
(C) 40 (D) 50

35. ابوسفیان کے قافلے کی خبر کے بعد کس نے مسلمانوں سے جنگ کے لئے اصرار کیا؟
(A) ابوجہل (B) عتبہ ابن ربیعہ
(C) عتبہ ابن ولید (D) ان میں سے کوئی نہیں

36. جنگ بدر میں ابوجہل کس کے ہاتھوں مارا گیا؟
(A) معاذ (B) معوذ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

37. کس کے سات بیٹوں نے جنگ بدر میں حصہ لیا؟
(A) حضرت اسماءؓ (B) حضرت زینبؓ
(C) حضرت عفراؓ (D) حضرت امامہؓ

38. کس صحابی کی تین نسلوں نے جنگ بدر میں حصہ لیا تھا؟
(A) حضرت یزید ابن احنس سلمہ
(B) حضرت یزید ابن عبیدہؓ
(C) حضرت یزید ابن عکرمہ
(D) حضرت یزید ابن عتبہؓ

39. ابوجہل کے کس بیٹے نے تلوار کے حملے سے حضرت معاذؓ کا ہاتھ زخمی کر دیا تھا؟
(A) عتبہ (B) عکرمہ
(C) یزید (D) ان میں سے کوئی نہیں

40. عمیر بن ابی وقاص کون تھے؟
(A) جنگ بدر کے معمر ترین شہید
(B) جنگ بدر کے کم عمر شہید
(C) جنگ بدر کے پہلے شہید
(D) جنگ بدر کے آخری شہید

41. ابوجہل کا سر تن سے جدا کر کے کس نے آپ کی خدمت میں پیش کیا؟
(A) عبداللہ بن مسعودؓ (B) عبداللہ بن عروہؓ
(C) عبداللہ بن نعمانؓ (D) عبداللہ بن عزیزؓ

42. معوذ اور معاذ کی والدہ کا نام بتائیں؟
(A) حضرت سارہؓ (B) حضرت عفراءؓ
(C) حضرت حاجرہؓ (D) کوئی نہیں

43. جنگ بدر میں کس صحابی نے اپنے لٹکتے ہوئے ہاتھ کو علیحدہ کر کے لڑائی کی راہ میں رکاوٹ روکی؟
(A) حضرت معاذؓ (B) حضرت معوذؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت حمزہؓ

44. ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟
(A) جنگ بدر میں عتبہ بن ربیعہ کفار کی فوج کا سپہ سالار تھا
(B) ولید بن عتبہ جنگ بدر میں کفار کی فوج کا سپہ سالار تھا
(C) ابوسفیان جنگ بدر میں کفار کی فوج کا سپہ سالار تھا
(D) ان میں سے کوئی درست نہیں ہے

45. جنگ بدر میں عتبہ کو کس نے قتل کیا تھا؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت عبیدؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) حضرت حارثؓ

46. غزوہ بدر میں ولید ابن عتبہ اور شیبہ کو کس نے قتل کیا؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت حارثؓ
(C) حضرت حمزہؓ (D) حضرت عمرؓ

AWAZ E INQILAB.COM

جنگ بدر سے قبل قریش کے سرداروں نے کہا بیٹھ کر آپؐ کو قتل کرنے کی سازش کی؟

(A) دارالندوۃ میں (B) غار حرا میں
(C) مسجد ضرار میں (D) کوئی نہیں

48. دارالندوۃ میں بیٹھ کر نبی اکرم ﷺ کو قتل کرنے کے سازش میں شامل افراد میں سے کتنے جنگ بدر میں مارے گئے؟

(A) 5 (B) 7
(C) 8 (D) 11

49. آپؐ کو قتل کرنے کی سازش کرنے والوں میں کتنوں کو جنگ بدر میں قیدی بنالیا گیا؟

(A) 1 (B) 2
(C) 3 (D) 4

50. کیوں اہل قریش نے عوف ابن حارثؓ معوذ ابن عفراؓ اور عبداللہؓ ابن رواحہؓ سے لڑنے سے انکار کردیا؟

(A) کیونکہ وہ چھوٹے تھے (B) کیونکہ وہ بہت دلیر تھے
(C) کیونکہ وہ غیر قریش تھے (D) کوئی نہیں

51. قریش کی طرف سے کس نے معوذ ابن عفراؓ، عوف ابن حارثؓ اور عبداللہ ابن رواحہؓ سے لڑنے سے انکار کردیا؟

(A) عتبہ (B) شیبہ
(C) ولید (D) تمام

52. اہل قریش کے انکار کے بعد مسلمانوں کی طرف سے کون عتبہ شیبہ اور ولید کا مقابلہ کرنے آئے؟

(A) حضرت عبیدہ ابن حارثؓ (B) حضرت حمزہؓ
(C) حضرت علیؓ (D) تمام

53. اس صحابی کا نام بتائیں جنہوں نے اپنی بیوی کی بیماری کی وجہ سے جنگ بدر میں حصہ نہیں لیا؟

(A) حضرت عثمانؓ (B) حضرت عبیدہؓ
(C) حضرت حارثؓ (D) حصرت علیؓ

54. جنگ بدر کے مسلمان سپاہی ابوحذیفہؓ کون تھے؟

(A) عتبہ بن ربیعہ کے بھائی تھے
(B) عتبہ بن ربیعہ کے بیٹے تھے
(C) عتبہ بن ربیعہ کے چچازاد تھے
(D) عتبہ بن ربیعہ کے داماد تھے

55. بدر کی لڑائی میں کس صحابی کی تلوار ٹوٹنے پر آنحضورؐ نے انہیں درخت کی شاخ پکرائی جو لڑتے ہوئے تلوار میں تبدیل ہوگئی تھی؟

(A) حضرت علیؓ (B) حضرت معاذؓ
(C) حضرت عکاشہؓ بن محض (D) حضرت عمرؓ

56. اس تلوار کو کس نام سے پکارا جاتا ہے جو آنحضورؐ نے حضرت عکاشہ بن محض کو جنگ بدر میں لڑنے کیلئے دی تھی؟

(A) عکاشہ (B) عون
(C) ذوالفقار (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

57. جب آپؐ نے عمیر بن وھب کو اس کے خفیہ اداروں سے آگاہ کیا تو اس کا ردعمل کیا تھا؟

(A) بہت حیران ہوا (B) مسلمان ہوگیا
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

58. کس جنگ کے بعد عمیر بن وھب مکہ سے مدینہ آنحضور کو قتل کرنے کیلئے روانہ ہوا؟

(A) جنگ بدر (B) جنگ خندق
(C) جنگ احد (D) ان میں سے کوئی نہیں

59. جب آپؐ نے عمیر بن وھب کو اس کے خفیہ ارادوں سے آگاہ کیا تو اس کا ردعمل کیا تھا؟

(A) بہت حیران ہوا (B) مسلمان ہوگیا
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

60. اس کافر کا نام بتائیں جس نے مسجد حرام میں دوران نماز آنحضورؐ پر اونٹ کی نجاست ڈال دی تھی اور جنگ بدر میں قتل ہوگیا؟

(A) عتبہ بن ولید (B) عتبہ بن حارث
(C) عتبہ بن ابی معیط (D) عتبہ بن ابی امرو

AWAZ E INQILAB.COM

61. آنحضورؐ کی اس پھوپھی کا نام بتائیں جنہوں نے جنگ بدر سے پہلے خواب میں کفار مکہ کا عبرت ناک انجام دیکھا تھا؟
(A) حضرت اسماءؓ (B) حضرت سلمیٰؓ
(C) حضرت عاتکہؓ (D) حضرت ماریہؓ

62. حضرت عاتکہؓ نے کس شخص کو اپنے اس خواب کے بارے میں بتایا جس میں انہوں نے کافروں کا عبرت ناک انجام دیکھا؟
(A) حضرت علیؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت عباسؓ (D) حضرت عمرؓ

63. کس نے حضرت عاتکہؓ کے خواب کا سن کر کہا کہ اب بنی ہاشم کی عورتیں بھی نبوت کا کام سرانجام دینے لگی ہیں؟
(A) عتبہ (B) شیبہ
(C) ابوجہل (D) ولید

64. جب ابوجہل کا سر آنحضورؐ کے سامنے پیش کیا گیا تو آنحضور نے کون سی بات تین دفعہ دہرائی؟
(A) صرف اللہ ہی عبادت کے لائق ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں
(B) اللہ نے فتح کا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندوں کی مدد کی اور تمام گروہوں کو شکست دی
(C) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

65. جنگی قیدیوں کے متعلق یہ تجویز کس نے دی کہ ہر مسلمان اپنے کافر رشتہ داروں کو قتل کرے؟
(A) حضرت حارثؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت علیؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

66. جنگ بدر کے قیدیوں کیلئے فدیہ کی کتنی مقدار رکھی گئی؟
(A) 4 ہزار درہم (B) 5 ہزار درہم
(C) 6 ہزار درہم (D) 7 ہزار درہم

67. کس نے جنگ بدر کے قیدیوں کے لیے فدیہ کی تجویز دی جسے قبول کر لیا گیا؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

68. بدر کی لڑائی کے بعد مسلمانوں کو بطور مال غنیمت کیا حاصل ہوا؟
(A) 150 اونٹ (B) 10 گھوڑے
(C) ذوالفقار نامی ایک تلوار (D) تمام

69. جنگ بدر کے قیدیوں سے مسلمانوں کو کتنی رقم حاصل ہوئی؟
(A) 2 سے اڑھائی ہزار درہم
(B) 4 سے ساڑھے چار ہزار درہم
(C) 3 سے ساڑھے تین ہزار درہم
(D) 5 سے ساڑھے پانچ ہزار درہم

70. جنگ بدر میں جس جگہ سے آنحضورؐ نے اپنی فوج کی رہنمائی کی وہاں ایک مسجد تعمیر کی گئی اس مسجد کا کیا نام تھا؟
(A) مسجد بدر (B) مسجد نبوی
(C) مسجد عریش (D) ان میں سے کوئی نہیں

71. جنگ بدر کے.....
(A) غریب قیدیوں کو فدیہ سے مستثنیٰ قرار دیا گیا
(B) پڑھے لکھے قیدیوں کو مسلمان بچوں کو پڑھانے پر معمور کیا گیا
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

72. قرآن کریم میں جنگ بدر کو کس نام سے پکارا گیا ہے؟
(A) یوم الفرقان (B) یوم المستلم
(C) یوم الفتح (D) یوم النبی

73. جنگ بدر میں مسلمانوں کی طرف کون سی غیبی امداد اللہ کی طرف سے نازل ہوئی؟
(A) تیز بارش (B) زلزلہ
(C) من وسلویٰ (D) تیز آندھی

74. مدینہ کے بچوں نے دف بجا کر طلع البدر علینا کب پڑھا؟
(A) فتح بدر کے بعد (B) فتح احد کے بعد
(C) فتح احزاب کے بعد (D) فتح موتہ کے بعد

AWAZ E INQILAB.COM

75. اس لڑائی کا نام بتائیں جس میں شمولیت کرنے والوں کو اللہ نے بہترین انعامات سے نوازا؟
(A) بدر (B) احد
(C) خندق (D) حنین

76. جنگ بدر کتنی دفعہ لڑی گئی؟
(A) 3 (B) 4
(C) 5 (D) 6

77. کس شخصیت نے جنگ بدر میں 36 کفار کو ہلاک کر کے آنحضورؐ سے ابوتراب کا لقب پایا؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) حضرت ابوبکرؓ
(C) حضرت علیؓ (D) حضرت عبیدہ

78. عتبہ اور ابوجہل کے مرنے کے بعد جنگ بدر میں قریش کا سربراہ کون تھا؟
(A) ابوسفیان (B) ولید ابن مغیرہ
(C) ابوحذیفہ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

79. کس جنگ میں مسلمانوں کا نعرہ احد احد تھا؟
(A) احد (B) خندق
(C) حنین (D) بدر

80. سلیم ابن عمیر نے کس شخص کو اپنی شاعری سے اپنے قبیلے کو آنحضورؐ اور مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے پر قتل کیا؟
(A) ابوافک (B) اصمعہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

81. ابوافک کا تعلق کیسے قبیلے سے تھا؟
(A) بنوعاد (B) بنوسعد
(C) بنوعمرو ابن عوف (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

82. ''یہ عرب کے سردار ہی تھے جن پر (حضرت) محمدؐ نے غلبہ پالیا۔ ہمارے لئے تو (ایسی) زندگی سے موت بہتر ہے'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟
(A) کعب ابن اشرف (B) کعب ابن خذیفہ
(C) کعب ابن خالد (D) کعب ابن خذیفہ

83. کعب بن اشرف کو کس نے قتل کیا؟
(A) ابوخذیفہؓ (B) حضرت علیؓ
(C) ابونائلہؓ (D) حضرت عمرؓ

84. غزوہ بدر کے بعد مسلمانوں نے کتنے دنوں تک بنوقینقاع کی آمدورفت پر پابندی لگا کر ان کو ان کے علاقے میں محصور رکھا؟
(A) 15 دن (B) 16 دن
(C) 17 دن (D) 18 دن

85. بنوقینقاع کے قیدیوں کو آپؐ نے کیا سزا دی؟
(A) قتل کر دیا (B) مدینہ بدر کر دیا
(C) جزیہ وصول کیا (D) کوئی نہیں

86. کس کے مشورے پر آپؐ نے بنوقینقاع کو سزا کے طور پر مدینہ خالی کرنے کا حکم دیا؟
(A) عبداللہ بن ابی سلول (B) عبادہ بن صامتؓ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

87. بنوقینقاع کی لڑائی کب ہوئی؟
(A) 15 شوال 2 ہجری (B) 16 شوال 2 ہجری
(C) 17 شوال 2 ہجری (D) 18 شوال 2 ہجری

88. غزوہ قینقاع کے شروع ہونے کی وجہ کیا تھی؟
(A) معاہدہ کے مطابق یہودیوں نے جنگ بدر میں ساتھ نہ دیا
(B) یہودیوں نے مسلمانوں کو قتل کیا
(C) یہودیوں نے مسلمانوں کے راستے میں مشکلات کھڑی کیں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

89. غزوہ قینقاع کے بعد کتنے یہودیوں کو مدینہ چھوڑنے کا حکم ملا؟
(A) 700 (B) 750
(C) 800 (D) 900

90. غزوہ قینقاع کے قیدیوں سے متعلق کون سا بیان درست ہے؟
(A) انہوں نے پہلے وادی القریٰ میں رہائش اختیار کی
(B) آخر کار وہ ازریات میں رہائش پذیر ہوئے

AWAZ E INQILAB.COM

(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

91. ازریات کہاں واقع ہے؟
(A) مصر (B) عراق
(C) شام (D) فلسطین

92. کس نے رات کے اندھیرے میں العریض نامی ایک علاقے پر حملہ کیا؟
(A) ابوسفیان (B) ابوجہل
(C) ابوحذیفہ (D) عتبہ

93. ابوسفیان نے کتنے آدمیوں کے ساتھ العریض پر حملہ کیا؟
(A) 100 (B) 200
(C) 300 (D) 400

94. مدینہ میں العریض پر حملے کے بعد مسلمانوں نے کہاں تک اس کا پیچھا کیا؟
(A) قرقرۃ الکدر (B) مکہ
(C) العریض (D) سویق

95. ابوسفیان نے العریض (Al areed) پر حملہ کر کے کس مسلمان انصاری کو شہید کیا؟
(A) ابوحذیفہ (B) ابوسعد
(C) سعد ابن عمر (D) ان میں سے کوئی نہیں

96. ابوسفیان کے العریض پر حملے کو تاریخ میں کیا نام دیا جاتا ہے؟
(A) غزوہ السویق (B) غزوہ القینقاع
(C) غزوہ البدر ثانی (D) ان میں سے کوئی نہیں

97. عربی میں سویق ستو کو کہتے ہیں۔ غزوہ سویق کو اس نام سے کیوں پکارا جاتا ہے؟
(A) ابوسفیان نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے بعد مکہ واپس بھاگتے ہوئے راستے پر آٹا گرایا تھا
(B) اس غزوہ میں ابوسفیان کو آٹے کی قلت کا سامنا تھا
(C) ابوسفیان مسلمانوں کا خوردونوش کا سامان لے کر بھاگ گیا تھا
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

98. کس واقعہ کو ابوسفیان غزوہ بدر کی شکست کی تلافی سمجھتا تھا اور بار بار بیان کرتا تھا؟
(A) غزوہ قینقاع (B) غزوہ السویق
(C) غزوہ احد (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

99. غزوہ غطفان کب پیش آیا؟
(A) محرم 3 ہجری (B) محرم 4 ہجری
(C) محرم 5 ہجری (D) محرم 6 ہجری

100. غزوہ غطفان میں آنحضور کو تنہا دیکھ کر کس شخص نے آپؐ سے کہا تھا ''محمد تمہیں اب مجھ سے کون بچائے گا' جس پر آپؐ نے جواب دیا ''میرا اللہ'' یہ سن کر وہ شخص مسلمان ہو گیا؟
(A) داشورہ بن حارث (B) داشورہ بن عقیل
(C) داشورہ بن عمر (D) داشورہ بن رملہ

101. غزوہ غطفان کا دوسرا نام کیا؟
(A) غزوہ انمار (B) غزوہ ذی امر
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

102. السویق سے واپس جاتے ہوئے قریش کے گروہ کو مسلمانوں نے کے کس سربراہ نے لوٹا تھا؟
(A) زید ابن علی (B) زید ابن حذیفہ
(C) زید ابن مریصع (D) ان میں سے کوئی نہیں

103. مشرکین میں سے کس نے جنگ بدر میں شرکت نہ کی تھی لیکن اب نئی جنگ میں شمولیت کے لیے تڑپ رہے تھے؟
(A) بنو مصطلق کے لوگ (B) قریش کی عورتیں
(C) یہودی (D) کوئی نہیں

104. کس کے بھرپور اصرار پر کفار احد میں عورتوں کو ساتھ لے جانے پر رضامند ہو گئے؟
(A) ابوسفیان کی بیوی ہندہ
(B) ابوسفیان کی بیوی دلمہ

AWAZ E INQILAB.COM

(C) ابوسفیان کی بیوی صہیبہ
(D) ابوسفیان کی بیوی حبا

105. جنگ بدر میں مشرکین نے عورتوں کو کس مقام سے واپس لوٹا دیا تھا؟
(A) جحفہ (B) بدر
(C) سویق (D) قرقرۃ القدر

106. اس پہلی جنگ کا نام بتائیں جس میں مشرکین عورتوں نے بھی حصہ لیا؟
(A) جنگ بدر (B) جنگ سویق
(C) جنگ مصطلق (D) جنگ احد

107. جنگ احد میں قریش کی فوج کی تعداد کتنی تھی؟
2,000 (A) 3,000 (B)
4,000 (C) 5,000 (D)

108. جنگ احد میں قریش فوج کے کتنے لوگ زرہ بکتر میں ملبوس تھے؟
1000 (A) 700 (B)
500 (C) 255 (D)

109. جنگ احد میں قریش کی فوج کی تعداد کیا تھی؟
1000 (A) 2000 (B)
3000 (C) 4000 (D)

110. غزوہ احد میں کافروں کے پاس اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟
1000 (A) 2000 (B)
3000 (C) 4000 (D)

111. غزوہ احد میں مشرکین کے گھوڑوں کی تعداد کیا تھی؟
100 (A) 200 (B)
300 (C) 400 (D)

112. غزوہ احمد میں دشمن کی فوج میں 100 آدمیوں کے علاوہ تمام لوگ مکی تھے۔ یہ 100 آدمی کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟
(A) بنوعدی (B) بنوسعد
(C) ~~بنوثقیف~~ (D) ان میں کوئی بھی نہیں

113. آنحضورؐ کے کونسے چچا نے آپ کو جنگ احد سے پہلے کفار کے لشکر اور جنگی حرب کے بارے میں ایک خط کے ذریعے آگاہ کیا تھا؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) حضرت عباسؓ
(C) حضرت ابوطالب (D) کوئی بھی نہیں

114. آنحضورؐ کو اپنے چچا عباس کا خط غزوہ احد سے پہلے کس مقام پر موصول ہوا؟
(A) قباء (B) مدینہ
(C) کوفہ (D) بصرہ

115. کون سا بیان حضرت عباسؓ سے متعلق درست ہے؟
(A) انہوں نے جنگ بدر میں حصہ نہ لیا تھا
(B) جنگ احد سے قبل وہ مسلمان نہ ہوئے تھے
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

116. جنگ احد کے لئے اہل مکہ کا لشکر کس مقام سے چل کر مقام عقیق میں پہنچا؟
(A) دارالندوۃ (B) ابواء
(C) جحفہ (D) قبا

117. غزوہ احد میں مسلم فوج کی تعداد کیا تھی؟
800 (A) 900 (B)
1000 (C) 1200 (D)

118. جنگ احد میں کون سا منافق اپنے ساتھیوں کے ہمراہ مسلم فوج کو چھوڑ کر واپس لوٹ گیا تھا؟
(A) عبداللہ ابن وقاص (B) عبداللہ ابن ابی
(C) عبداللہ ابن عقیق (D) کوئی بھی نہیں

119. عبداللہ بن ابی اپنے کتنے ساتھیوں کے ہمراہ جنگ احد سے واپس لوٹ گیا؟
100 (A) 200 (B)
300 (C) 400 (D)

120. عبداللہ بن ابی کی میدان احد سے واپسی پر مسلمانوں کی فوج کی تعداد کیا رہ گئی؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) 500 (B) 600
(C) 700 (D) 800

121. جنگ احد میں آنحضورؐ کی فوج کے پاس صرف دو گھوڑے تھے۔جن میں سے ایک پر آنحضورؐ خود سوار تھے ۔دوسرے گھوڑے کا سوار کون تھا؟

(A) ابوعبداللہ (B) ابو بردہ
(C) ابورحمان (D) ابوقیس

122. جنگ احد میں نبی پاکؐ کی کس تجویز کو نوجوان سپاہی قبول کرنے کو تیار نہ تھے؟

(A) مسلمان مدینہ پر اپنا قبضہ برقرار رکھیں
(B) قریش کو مدینہ سے باہر رکھ کر اُن سے لڑیں
(C) دونوں
(D) کوئی نہیں

123. کس کے کہنے پر احد میں آپؐ نے مدینہ پر قبضہ برقرار رکھنے اور مدینہ سے باہر لڑائی کی تجویز کو قبول کیا تھا؟

(A) عبداللہ ابن ابی (B) عبداللہ ابن حسن
(C) عبداللہ ابن قیس (D) عبداللہ ابن سلول

124. ''نبی اس وقت تک اپنی زرہ بکتر تلوار ایک دفعہ پہننے کے بعد نہیں اتارتا جب تک خدا اسکے اور اسکے دشمن کے درمیان فیصلہ نہ کر دے'' آنحضورؐ نے یہ الفاظ کب کہے تھے؟ (P.c.s Judicial 2000)

(A) جنگ احد کے موقع پر (B) جنگ بدر کے موقع پر
(C) جنگ خندق کے موقع پر (D) جنگ موتہ کے موقع پر

125. غزوہ احد میں مسلم فوج کے سپہ سالار کون تھے؟

(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت ابوبکرؓ
(C) نبی پاکؐ (D) کوئی نہیں

126. غزوہ احد میں مسلمان مدینہ سے چل کر احد کے مقام کیطرف کہاں پہنچے؟

(A) کوفہ (B) شیخاں
(C) حجفہ (D) بصرہ

127. جنگ احد میں آنحضورؐ نے جبل العینین (جبل الرباط) کے مقام پر پچاس تیر انداز متعین کیے۔ ان تیر اندازوں کے رہنما کون تھے؟ (P.C.S. Judicial 2002)

(A) عبداللہ بن جبیرؓ (B) عبدالرحمٰن بن عوفؓ
(C) عبداللہ بن عمرؓ (D) اسد بن عبیدؓ

128. غزوہ احد میں قریش کی فوج کی قیادت کس نے کی؟

(A) عبدالعزیٰ طلحہ ابن ابوطلحہ
(B) عبدالعزیٰ طلحہ ابن ابوخذیفہ
(C) عبدالعزیٰ طلحہ ابن ابوعمر
(D) عبدالعزیٰ طلحہ ابن ابوجعفر

129. ہندہ کے علاوہ قریش کی فوج میں کتنی عورتیں سپاہیوں کے جذبات کو اکسانے کیلئے شامل تھیں؟

(A) 15 (B) 16
(C) 17 (D) 18

130. کس جنگ میں آپؐ نے اپنی تلوار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ''کون ہے جو اس کا حق ادا کرے؟

(A) بدر (B) احد
(C) خندق (D) موتہ

131. غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ نے اپنی شمشیر کس صحابی کو دی؟

(A) حضرت ابوخذیفہؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت ابودجانہؓ (D) حضرت علیؓ

132. اس کافر کا نام بتائیں جس نے جنگ احد میں لڑائی کا آغاز کیا؟

(A) ابوعامر اوسی (B) ابوعامر خلجی
(C) ابوعامر طوسی (D) ابوعامر ثوری

133. جنگ احد میں عبداللہ بن ابی کس مقام سے اپنے ساتھی واپس لے گیا؟

(A) قباء (B) شیخان
(C) حجفہ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

134. غزوہ احد میں قریش کی جمعیت نے کس کی کمان میں مسلمانوں پر

AWAZ E TANQILAB.COM

حملہ کیا لیکن مسلمانوں نے اس زور کی سنگ باری کی کہ حملہ آور قدم پیچھے ہٹانے پر مجبور ہو گئے؟

(A) طلحہ ابن ابوجہل (B) عکرمہ ابن ابوجہل
(C) زبیر ابن ابوجہل (D) طوسی ابن ابوجہل

135. سورۃ العمران میں کس مشہور غزوے کا ذکر آیا ہے؟

(A) غزوہ بدر (B) غزوہ احد
(C) غزوہ خندق (D) غزوہ خیبر

136. جنگ احد میں کس صحابی کی مغرور چال کو دیکھتے ہوئے آپؐ نے فرمایا ''یہ وہ چال ہے کہ اللہ اسے اس موقعہ کے سوا کسی مقام پر پسند نہیں کرتا''؟

(A) حضرت ابودجانہؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت ابوحذیفہؓ (D) حضرت علیؓ

137. جنگ احد میں کس صحابی کے سر پر ہر وقت سرخ پٹی بطور موت کے نشان کے بندھی ہوتی تھی؟

(A) حضرت علیؓ (B) حضرت عثمانؓ
(C) حضرت ابودجانہؓ (D) کوئی نہیں

138. احد میں مسلمانوں کی طرف سے تیراندازی میں پہل کس نے کی؟

(A) کزمان (B) عبداللہ
(C) قینقاع (D) ان میں سے کوئی نہیں

139. وحشی بن حرب نے کس کے کہنے پر حضرت حمزہؓ کو شہید کیا تھا؟

(A) ہندہ (B) عتبہ
(C) شیبہ (D) جابر

140. وحشی بن حرب کس کا غلام تھا؟

(A) جابر بن معطم (B) جابر بن احسن
(C) جابر بن ولید (D) جابر بن ہند

141. حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے کے بعد ہندہ نے وحشی بن حرب کو بطور انعام کیا دیا؟

(A) اپنے تمام زیورات (B) پانچ ہزار درہم
(C) سو اونٹ (D) ایک کھجوروں کا باغ

142. حضرت حمزہؓ کے ساتھ ان کے کون سے بھانجے جنگ احد میں شہید ہوئے؟

(A) عبداللہ بن جحشؓ (B) عبداللہ ابن حنظلہؓ
(C) عبداللہ بن حارثؓ (D) کوئی نہیں

143. وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے غزوہ احد میں غسل جنابت کے بغیر شرکت کی اور وہ غسیل ملائکہ کے طور پر مشہور تھے؟

(A) حضرت حنظلہ بن عمیرؓ (B) حضرت منظلہ بن عبیدہ
(C) حضرت حنظلہ بن حمزہ (D) حضرت حنظلہ بن عبداللہ

144. جبل الرباط پر متعین پچاس تیراندازوں میں سے کتنے اپنی جگہ چھوڑ گئے تھے؟

10 (A) 20 (B)
30 (C) 40 (D)

145. غزوہ احد میں جبل الرباط پر اپنی جگہ نہ چھوڑنے والے دس افراد پر کس شخص نے سو سپاہیوں کے ساتھ حملہ کیا؟

(A) خالد بن ولید (B) عکرمہ بن ابوجہل
(C) وحشی بن حرب (D) حارث بن حرب

146. خالد بن ولید کے حملہ کے بعد غزوہ احد میں جبل الرباط پر متعین تیر اندازوں میں سے کتنے تیرانداز زندہ رہے؟

1 (A) 2 (B)
3 (C) کوئی نہیں (D)

147. جنگ احد میں کس شخص نے اپنی موت کے وقت اسلام قبول کیا اور ایک بھی نماز ادا کئے بغیر شہادت کے رتبے سے سرفراز ہوئے؟

(A) حضرت عمیر بن حمزہؓ
(B) حضرت حنظلہ بن ثابتؓ
(C) حضرت حنظلہ بن حارثؓ
(D) حضرت حنظلہ بن عتبہؓ

148. کس صحابی کی مشابہت نبی پاکؐ سے بہت زیادہ تھی؟

(A) حضرت مصعب بن عمیرؓ
(B) حضرت عمیر بن حمزہؓ

AWAZ E INQILAB.COM

(C) حضرت حنظلہ بن ثابتؓ
(D) کوئی نہیں

149. کس لڑائی میں حضرت مصعب بن عمیر کی شہادت پر آنحضورؐ کے شہید ہونے کی افواہ فوج میں پھیل گئی تھی؟
(A) جنگ بدر (B) جنگ احد
(C) جنگ خندق (D) جنگ موتہ

150. جنگ احد میں آنحضورؐ کی شہادت کی خبر سن کر مسلمان فوج بکھر گئی آپؐ کے گرد صرف.....
(A) 10 صحابی رہ گئے (B) 13 صحابی رہ گئے
(C) 15 صحابی رہ گئے (D) 20 صحابی رہ گئے

151. جنگ احد میں کس صحابی نے آنحضورؐ سے اپنے کافر باپ کے خلاف لڑنے کی اجازت مانگی لیکن آپؐ نے اجازت نہ دی؟
(A) حضرت ابو دجانہؓ (B) حضرت ابو حنظلہؓ
(C) حضرت ابو ہریرہؓ (D) کوئی نہیں

152. غزوہ احد میں کس شخص نے آنحضورؐ کے چہرہ مبارک پر تلوار کے ساتھ حملہ کیا تھا؟
(A) عبداللہ بن کمیہ (B) عبداللہ بن جاسر
(C) عبداللہ بن جاشر (D) عبداللہ بن عمر

153. کس جنگ میں عتبہ بن ابی وقاص نے آپؐ کے چہرہ پر اتنی زور سے پتھر مارا کہ آپؐ کی خود کی دو کڑیاں جلد میں پیوست ہو گئیں؟
(A) بدر (B) احد
(C) خندق (D) ابوا

154. کس شخص نے جنگ احد میں آنحضورؐ کے چہرے میں پیوست کڑیاں اپنے دانتوں سے کھینچ کر نکالیں؟
(A) حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ
(B) حضرت ابو حذیفہؓ
(C) حضرت ابو بکرؓ (D) حضرت عمرؓ

155. کس جنگ میں آنحضورؐ کا ایک دانت مبارک یا اس کا ایک حصہ ٹوٹ گیا اور آپؐ کے ہونٹ اور چہرہ مبارک بھی زخمی ہو گئے؟
(A) احد (B) خندق
(C) حنین (D) موتہ

156. اے خدا میری قوم کو بخش دے وہ نہیں جانتے کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ آنحضورؐ نے یہ الفاظ کس موقع پر ادا کیے؟
(A) غزوہ بدر کے شروع ہونے پر
(B) غزوہ احد کے شروع ہونے پر
(C) غزوہ خندق کے شروع ہونے پر
(D) غزوہ موتہ کے شروع ہونے پر

157. غزوہ احد میں کتنے مشرکین ہلاک ہوئے؟
(A) 10 (B) 20
(C) 30 (D) 40

158. غزوہ احد میں کتنے مسلمان زخمی ہوئے؟
(A) 10 (B) 20
(C) 30 (D) 40

159. غزوہ احد میں میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟
(A) 60 (B) 65
(C) 70 (D) 80

160. غزوہ احد کے ستر شہداء میں کتنے انصار اور مہاجرین شامل تھے؟
(A) 10 مہاجر اور باقی انصار (B) 8 مہاجر اور باقی انصار
(C) چھ مہاجر اور باقی انصار (D) چار مہاجر اور باقی انصار

161. غزوہ احد کی شکست کی وجہ مال تھا' کس سورہ میں اللہ نے مال کی محبت سے منع فرمایا ہے؟
(A) آل عمران (B) الفلق
(C) البقرہ (D) التوبہ

162. غزوہ احد میں کتنی مسلمان عورتوں نے حصہ لیا؟
(A) 10 (B) 12
(C) 14 (D) 18

163. جنگ احد میں زخمیوں کو پانی کس نے پلایا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حضرت ام سلیطؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت ام سلیمؓ (D) تمام

164. جنگ احد میں آنحضورؐ کا دفاع کرتے ہوئے کس مسلمان خاتون کے جسم پر بارہ زخم آئے؟
(A) حضرت فاطمہؓ (B) حضرت عائشہؓ
(C) حضرت سودہؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

165. غزوہ احد کے کس صحابی کی نماز جنازہ ستر بار پڑھائی گئی؟
(A) حضرت حمزہؓ (B) حضرت حنظلہؓ
(C) حضرت عمیرؓ (D) حضرت عبداللہؓ

166. حضرت حمزہؓ کی نماز جنازہ کس نے ادا کی؟
(A) آنحضورؐ (B) حضرت ابوبکرؓ
(C) حضرت عمرؓ (D) حضرت علیؓ

167. غزوہ احد میں کس صحابی نے اپنی نوعمری کے باوجود اصرار کر کے آپؐ سے لڑائی میں حصہ کی اجازت لے لی تھی؟
(A) ثمرہؓ بن جندب (B) رافع بن خدیجؓ
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

168. احد کا پہاڑ مکہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟
(A) ایک کلومیٹر (B) 2 کلومیٹر
(C) 3 کلومیٹر (D) 4 کلومیٹر

169. جنگ احد کب لڑی گئی؟
(A) 7 ربیع الاول 3 ہجری (B) 8 ربیع الاول 3 ہجری
(C) 9 ربیع الاول 3 ہجری (D) 10 ربیع الاول 3 ہجری

170. غزوہ احد کا دوسرا نام کیا ہے؟
(A) فرقان (B) حمید
(C) رحمت (D) حکیم

171. جنگ احد میں کس نے حضرت حمزہؓ کی لاش کے اعضاء کاٹ کر ان کا جگر چبا لیا تھا؟
(A) ام حکیم (B) ہندہ
(C) بنت شیبہ (D) کوئی نہیں

172. اس جنگ کا نام کیا ہے جو بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئی تھی؟
(A) حنین (B) موتہ
(C) احد (D) تبوک

173. جنگ احد کے دوسرے دن آپؐ نے ابوسفیان کا تعاقب کرتے ہوئے کس مقام پر پہنچ کر قیام کیا؟
(A) سویق (B) الجندل
(C) حمراء الاسد (D) کوئی نہیں

174. جنگ احد سے واپسی پر ابوسفیان کی فوج کس جگہ پر موجود تھی؟
(A) سویق (B) روحا
(C) احد (D) کوئی نہیں

175. کس شخص نے غزوہ احد کے دوسرے دن ابوسفیان کو مسلمانوں کی طاقت کے متعلق مبالغہ آمیزی کر کے ابوسفیان کو بددل کر دیا؟
(A) معبد خزاعی (B) الاسد
(C) سعد بن زارا (D) سعد بن عبادہ

176. غزوہ احد کے دوسرے دن آنحضورؐ نے کس جنگ میں حصہ لینے کیلئے کوچ فرمایا؟
(A) غزوہ سویق (B) غزوہ احد
(C) غزوہ حمراء الاسد (D) ان میں سے کوئی نہیں

177. جنگ بدر کے بعد اہل قریش کیلئے مسلمانوں نے صرف شام کا راستہ بند کیا تھا لیکن جنگ احد کے بعد مسلمانوں کا اثر مشرق میں نجد اور شمال میں دومۃ الجندل تک پھیل گیا۔ دومۃ الجندل کس کو کہتے ہیں۔ (P.C.S. Executive 1999)
(A) قلعہ (B) کنواں
(C) پہاڑ
(D) نخلستان اور تجارتی قافلوں کی قیام گاہ

178. غزوہ احد کے دو ماہ بعد کس نے اپنے قبیلہ کے لوگوں کو اکسایا کہ وہ مدینہ پر حملہ کر کے آنحضورؐ کو ان کے گھر میں محصور کر دیں؟
(A) طلیحہ (B) سلمہ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

AWAZ ETAQILAB.COM

179. آپؐ نے کس کو طلیحہ اور سلمہ کی سازش کا مقابلہ کرنے کے لیے بنو اسد کی طرف روانہ کیا؟
(A) ابوسلمہ بن عبدالاسدؓ
(B) ابوسلمہ بن عبداللہؓ
(C) ابوسلمہ بن عبدالعاشرؓ
(D) کوئی نہیں

180. ابوسلمہ بن عبدالاسدؓ کے ساتھ بنو اسد جاتے ہوئے کتنے سپاہی تھے؟
(A) 100 (B) 150
(C) 200 (D) 250

181. حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسدؓ کے ساتھ ذیل میں کون سے صحابی بھی مسلمانوں کی فوج میں شامل تھے؟
(A) ابوعبیدہؓ (B) سعد بن ابی وقاصؓ
(C) اسید بن حضیرؓ (D) تمام

182. کس غزوہ کی فتح نے مسلمانوں کا جنگ احد میں کھویا ہوا وقار بحال کر دیا؟
(A) غزوہ بنی مرہ (B) غزوہ بنی مصطلیق
(C) غزوہ بنی اسد (D) کوئی نہیں

183. کون سے صحابی غزوہ اسد کے بعد وفات پا گئے کیونکہ جنگ احد میں ان کو لگنے والے زخموں کا منہ اس لڑائی میں صعوبت سفر کی وجہ سے کھل گیا تھا؟
(A) ابوسلمہؓ (B) ابی وقاصؓ
(C) ابوعبیدہؓ (D) خالد بن ولیدؓ

184. کس غزوہ کے بعد آپ کو خبر ملی کہ خالد ابن سفیان ہذلی مسلمانوں کے خلاف جنگ کی تیاری کر رہا ہے؟
(A) موتہ (B) خندق
(C) احد (D) حمرالاسد

185. خالد ابن سفیان ہذلی کی مسلمانوں کے خلاف جنگی تیاریوں کی صداقت معلوم کرنے کے لئے نبی اکرمؐ نے کسکو روانہ کیا؟
(A) حضرت عبداللہ بن حذیفہؓ
(B) حضرت عبداللہ ابن انیسؓ
(C) حضرت عمرؓ (D) حضرت علیؓ

186. خالد ابن سفیان کے قتل کا واقعہ کب رونما ہوا؟
(A) 600 عیسوی (B) 615 عیسوی
(C) 625 عیسوی (D) 630 عیسوی

187. خالد ابن سفیان ہذلی کے قتل کے بدلے میں کون سی جنگ ہوئی؟
(A) جنگ رجیع (B) جنگ مریسیع
(C) جنگ ایوا (D) جنگ ودان

188. خالد ہذلی کے قتل کے بدلے کے طور پر اس کے لوگوں نے آپؐ سے دھوکے سے اسلام کی تبلیغ کی خاطر کچھ لوگ مانگیں۔ آپؐ نے کتنے آدمی روانہ کیے؟
(A) 2 (B) 4
(C) 6 (D) 8

189. خالد ہذلی کے قبیلے کے لوگوں کے مطالبے پر جب یہ مسلمان رجیع کے مقام پر پہنچے تو دشمنوں نے انہیں دھوکہ دیتے ہوئے تلواروں کے ساتھ گھیر لیا۔ رجیع کا مقام کہاں واقع ہے؟
(A) کوفہ (B) بصرہ
(C) حجاز (D) مکہ

190. نجد کے لوگوں کی اسلامی تعلیم کے لیے آپؐ نے کس کو چالیس افراد کی معیت میں وہاں روانہ کیا؟
(A) ابوالبراءؓ (B) منذر بن عمروؓ
(C) دونوں (D) کوئی نہیں

191. نجد کے لوگوں کی تربیت کے لیے بھیجے گئے مسلمانوں نے کہاں پڑاؤ کیا؟
(A) برمعونہ (B) کوفہ
(C) الاسد (D) رجیع

192. برمعونہ میں نبی پاکؐ کے وفد نے کس کو قاصد بنا کر عامر ابن طفیل کے پاس بھیجا؟

AWAZ E INQILAB.COM

(A) حرام بن حرم (B) حرام بن ملحان
(C) حرام بن یلقان (D) حرام بن سفیان

193. عامر ابن طفیل نے نبی پاکؐ کے قاصد کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
(A) اس کی تعظیم کی (B) اسے واپس لوٹا دیا
(C) اُسے قتل کر دیا (D) کوئی نہیں

194. عامر ابن طفیل کے ہاتھوں حرام بن ملحانؓ کے قتل سے کون سی جنگ ہوئی؟
(A) جنگ بئر (B) جنگ معونہ
(C) جنگ بئر معونہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

195. بئر معونہ کی لڑائی میں تمام مسلمان شہید ہو گئے سوائے.....
(A) حضرت کعب بن زیدؓ کے جو کہ شدید زخمی ہوئے
(B) حضرت عمرو بن امیہؓ کے جن کو عامر ابن طفیل نے اپنا غلام بنالیا
(C) A اور B دونوں (D) A اور B

196. غزوہ احد کے بعد مسلمانوں نے کس یہودی قبیلے کا محاصرہ کیا؟
(A) بنواسد (B) بنونضیر
(C) بنوسعد (D) بنوعامر

197. آنحضور بنونضیر کے پاس ان دو اشخاص کے قصاص اور دیت لینے گئے جن کو بئر معونہ (Bir Maunah) کی لڑائی کے بعد اس وقت قتل کر دیا گیا جب وہ عامر بن طفیل کے قیدی تھے۔ اس عمل کے دوران کس یہودی نے آنحضورؐ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا؟۔ (P.C.S. Jud 2002)
(A) حیی بن اخطب (B) نضر بن حارث
(C) سلام بن مستکم (D) حیّین حارث

198. غزوہ بنونضیر کب واقع ہوا؟
(A) ربیع الاول 4 ہجری (B) ربیع الثانی 4 ہجری
(C) محرم 4 ہجری (D) صفر 4 ہجری

199. مسلمانوں نے غزوہ بنونضیر کی لڑائی کتنے دنوں تک لڑی؟
(A) 20 دن (B) 25 دن
(C) 30 دن (D) 35 دن

200. کس غزوہ کی شکست کے بعد یہودیوں کو مدینہ خالی کرنے کا حکم دیا گیا؟
(A) غزوہ بنومصطلق (B) غزوہ بدر
(C) غزوہ ودان (D) بنونضیر

201. غزوہ بنونضیر کے بعد یہودی کس کی قیادت میں مدینہ سے باہر آ گئے؟
(A) حیَ ابن ملحان (B) حیَ ابن اخطب
(C) حیَ ابن یلقان (D) کوئی نہیں

202. غزوہ بنونضیر کے بعد کچھ یہودی شام منتقل ہو گئے۔ باقی یہودی کس علاقے میں آباد ہوئے؟
(A) مصر (B) خیبر
(C) عراق (D) حجاز

203. کس غزوہ میں مسلمانوں کو مال غنیمت کے طور پر بہت زیادہ زمین ملی اور اس زمین کو مہاجرین میں تقسیم کر دیا گیا جس سے وہ خودمختار ہو گئے؟
(A) غزوہ سویق (B) غزوہ بنونضیر
(C) غزوہ احد (D) غزوہ بدر

204. کس غزوہ کے دوران شراب کو حرام قرار دینے کے خدائی احکامات نازل ہوئے؟
(A) غزوہ بنونضیر (B) غزوہ سویق
(C) غزوہ خندق (D) غزوہ موتہ

205. غزوہ بنونضیر میں کس نے اسلام قبول کیا؟
(A) یامین بن عمیر (B) ابوسعید بن وھب
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

206. کس غزوہ کے بعد ابوسفیان نے ایک سال بعد مسلمانوں سے دوبارہ لڑائی کا عہد کیا؟
(A) جنگ بدر (B) جنگ بنونضیر
(C) جنگ احد (D) جنگ احد

AWAZ E INQILAB.COM

207. غزوہ احد میں ابوسفیان کے عہد باعث کون سا غزوہ لڑا گیا؟

(A) ابوا (B) بدر ثانی
(C) ودان (D) مصطلق

208. غزوہ بدر ثانی سے ابوسفیان سفر کے دو دن بعد ہی واپس کیوں لوٹ گیا؟

(A) اس کے سپاہیوں نے لڑنے سے انکار کر دیا
(B) وہ بیمار ہو گیا
(C) اُس نے کہا کہ یہ سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے لڑائی کے لیے مناسب نہیں
(D) کوئی نہیں

209. غزوہ بدر ثانی کے لیے ابوسفیان کے پاس کتنے سپاہی تھے؟

(A) 1000 (B) 2000
(C) 3000 (D) 4000

210. غزوہ بدر ثانی کب ہوئی؟

(A) شعبان 4 ہجری (B) شعبان 5 ہجری
(C) شعبان 6 ہجری (D) شعبان 7 ہجری

211. غزوہ بدر ثانی (Minor) میں مسلمانوں کے پاس کتنے سپاہی تھے؟

(A) 1000 (B) 1500
(C) 2000 (D) 1800

212. آنحضور نے غزوہ بدر ثانی (Minor) کیلئے کتنے دن بدر میں قیام کیا اور پھر مدینہ واپس لوٹ گئے؟

(A) 15 دن (B) 12 دن
(C) 8 دن (D) 4 دن

213. کس غزوہ نے مسلمانوں کی جنگ احد کی شکست کے تاثر کو ختم کر دیا تھا؟

(A) غزوہ خندق (B) غزوہ بدر ثانی
(C) غزوہ موتہ (D) غزوہ خیبر

214. غزوہ بدر ثانی کے بعد آپ کو اطلاع ملی کہ ..... کے کچھ لوگ مسلمانوں سے لڑنے کی تیاری کر رہے ہیں؟

(A) بنی عاد (B) بنی غطفان
(C) بنی بکر (D) بنی ثمود

215. بنی غطفان کے لوگوں سے نمٹنے کے لیے آپؐ نے کتنے سپاہیوں کو ذات الرقاع روانہ کیا؟

(A) 100 (B) 200
(C) 300 (D) 400

216. ذات الرقاع میں مسلمانوں کی فوج کو دیکھ کر مخالفین بھاگ نکلے تاریخ میں یہ واقع _____

(A) غزوہ ذات الرقاع کے نام سے موسوم ہے
(B) غزوہ بنی غطفان کے نام سے موسوم ہے
(C) غزوہ دومۃ الجندل کے نام سے موسوم ہے
(D) کوئی نہیں

217. غزوہ ذات الرقاع کے کچھ دنوں بعد آنحضورؐ دشمنوں سے لڑائی کیلئے کس مقام کی طرف روانہ ہوئے؟

(A) دومۃ الجندل (B) خیبر
(C) خندق (D) سویق

218. غزوہ دومۃ الجندل کب لڑا گیا؟

(A) 5 ہجری (B) 4 ہجری
(C) 5 ہجری (D) 3 ہجری

219. اللہ اس وقت تک مسلمانوں کی مدد کرے گا جس وقت تک وہ نبی پاکؐ کی اطاعت کریں گے۔ کس جنگ کے بارے میں قرآن میں یہ کہا گیا ہے؟

(A) جنگ احد۔ (B) جنگ تبوک
(C) جنگ حنین (D) جنگ خندق

220. حضرت حمزہؓ نے کس جنگ میں اسلام کے دشمن عتبہ کا سر قلم کیا؟

(A) جنگ خندق۔ (B) جنگ بدر۔
(C) جنگ احد۔ (D) بئر معونہ کے واقعہ میں

AWAZ E INQILAB.COM

جوابات

1. (C)	2. (D)	3. (A)	4. (C)	5. (C)	6. (A)	7. (B)	8. (A)
9. (A)	10. (C)	11. (D)	12. (B)	13. (D)	14. (B)	15. (D)	16. (D)
17. (C)	18. (A)	19. (D)	20. (C)	21. (C)	22. (C)	23. (A)	24. (D)
25. (B)	26. (D)	27. (C)	28. (A)	29. (C)	30. (A)	31. (D)	32. (D)
33. (C)	34. (D)	35. (A)	36. (C)	37. (C)	38. (A)	39. (B)	40. (B)
41. (A)	42. (B)	43. (A)	44. (A)	45. (C)	46. (A)	47. (A)	48. (D)
49. (C)	50. (C)	51. (D)	52. (D)	53. (A)	54. (B)	55. (C)	56. (C)
57. (C)	58. (A)	59. (C)	60. (C)	61. (C)	62. (C)	63. (C)	64. (C)
65. (B)	66. (A)	67. (A)	68. (D)	69. (A)	70. (C)	71. (C)	72. (A)
73. (A)	74. (A)	75. (A)	76. (A)	77. (C)	78. (A)	79. (D)	80. (C)
81. (C)	82. (A)	83. (C)	84. (A)	85. (B)	86 (C)	87. (A)	88. (A)
89. (A)	90. (C)	91. (C)	92. (A)	93. (A)	94. (A)	95. (C)	96. (A)
97. (A)	98. (B)	99. (A)	100. (A)	101. (C)	102. (C)	103. (B)	104. (A)
105. (A)	106. (D)	107. (B)	108. (B)	109. (C)	110. (C)	111. (B)	112. (C)
113. (B)	114. (A)	115. (C)	116. (B)	117. (C)	118. (B)	119. (C)	120. (C)
121. (B)	122. (C)	123. (A)	124. (A)	125. (C)	126. (B)	127. (A)	128. (A)
129. (A)	130. (B)	131. (C)	132. (A)	133. (B)	134. (B)	135. (B)	136. (A)
137. (C)	138. (A)	139. (A)	140. (A)	141. (A)	142. (A)	143. (A)	144. (D)
145. (A)	146. (A)	147. (B)	148. (A)	149. (B)	150. (D)	151. (B)	152. (A)
153. (B)	154. (B)	155. (A)	156. (B)	157. (C)	158. (D)	159. (C)	160. (D)
161. (A)	162. (C)	163. (D)	164. (C)	165. (A)	166. (A)	167. (C)	168. (C)
169. (A)	170. (A)	171. (B)	172. (C)	173. (C)	174. (B)	175. (A)	176. (C)
177. (D)	178. (C)	179. (A)	180. (A)	181. (D)	182. (C)	183. (A)	184. (D)
185. (B)	186. (C)	187. (A)	188. (C)	189. (C)	190. (C)	191. (A)	192. (B)
193. (C)	194. (C)	195. (C)	196. (B)	197. (A)	198. (A)	199. (A)	200. (D)
201. (B)	202. (B)	203. (B)	204. (A)	205. (C)	206. (C)	207. (B)	208. (C)
209. (B)	210. (A)	211. (B)	212. (C)	213. (B)	214. (B)	215. (D)	216. (A)
217. (A)	218. (A)	219. (A)	220. (B)				

AWAZ E INQILAB.COM

غزوہ خندق سے صلح حدیبیہ تک

1. غزوہ بدر کے بعد غزوہ قینقاع رونما ہوا۔ غزوہ احد کے بعد 4 ہجری میں لڑے جانے والے غزوہ بنونضیر کے بعد کو سا غزوہ رونما ہوا؟ (P.C.S 2002)
(A) غزوہ خیبر (B) غزوہ خندق
(C) غزوہ طائف (D) غزوہ موتہ

2. کس نے غزوہ خندق کے دوران تمام عرب قبائل کے ساتھ مل کر مدینہ پر حملہ کیا؟ (P.C.S. Judicial 2002)
(A) بنونضیر (B) بنوقینقاع
(C) بنوقریظہ (D) قریش

3. غزوہ خندق کب رونما ہوا؟
(A) 4 ہجری (B) 5 ہجری
(C) 6 ہجری (D) 7 ہجری

4. کس نے قریش کے لوگوں کو اکسایا اور جنگ خندق ہوئی؟
(A) حیی ابن خطب (B) ابوسفیان
(C) عکرمہ بن ابوجہل (D) کوئی نہیں

5. غزوہ خندق میں قریش کے گھوڑوں کی تعداد تھی۔
(A) 100 (B) 200
(C) 300 (D) 400

6. غزوہ خندق میں قریش کے اونٹوں کی تعداد تھی۔
(A) 500 (B) 800
(C) 1000 (D) 1500

7. غزوہ خندق میں قریش کی کل فوج تھی۔
(A) 10000 (B) 8000
(C) 12000 (D) 9000

8. غزوہ خندق کو غزوہ احزاب بھی کہا جاتا ہے۔ احزاب کا مطلب کیا ہے؟
(A) فوج (B) اتحادی
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

9. درج ذیل میں سے کون سے لوگ حیئی بن اخطب کے گروہ میں شامل تھے؟
(A) سلام بن ابی حقیق اور کنانہ بن ابی حقیق
(B) حوضہ بن قیس اور ابوعمار (C) تمام
(D) ان میں سے کوئی نہیں

10. حیئی بن اخطب کی کوششوں سے کون سے قبائل نے مسلمانوں کے خلاف قریش کی مدد کی؟
(A) بنوغطفان، بنوقیس، بنومرہ (B) بنوانمج، بنوسلیم
(C) بنوسعد، بنواسد (D) تمام

11. غزوہ خندق میں کفار کی فوج کا سربراہ ابوسفیان تھا، اس کی فوج کی تعداد کتنی تھی؟ (P.C.S.Judicial 2002)
(A) 7000 (B) 8000
(C) 9000 (D) 10,000

12. غزوہ خندق میں قریش کی فوج کا پرچم کس شخص کو دیا گیا؟
(A) عثمان بن طلحہ (B) عمر بن طلحہ
(C) حذیفہ بن طلحہ (D) اسد بن طلحہ

13. غزوہ خندق میں مسلمانوں کی کل تعداد کتنی تھی؟
(A) 1000 (B) 2000
(C) 3000 (D) 4000

AWAZE INQILAB.COM

14. غزوہ خندق میں خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟
(A) حضرت سلمان فارسیؓ (B) حضرت اسداللہؓ
(C) حضرت عبیداللہؓ (D) حضرت عمرؓ

15. کس مشرک قبیلے کے ساتھ مسلمانوں کا دوستانہ معاہدہ تھا اور وہ منافقین کی توقعات کے برعکس جنگ خندق میں اس معاہدہ پر قائم رہے؟
(A) بنومصطلیق (B) بنونضیر
(C) بنوقریظہؓ (D) بنوتمیم

16. غزوہ خندق میں خندق کھودنے کے لئے آلات مسلمانوں نے کس قبیلے سے حاصل کئے تھے؟
(A) بنواسد (B) بنوقریظہ
(C) بنوسعد (D) بنوتمیم

17. غزوہ خندق میں اہل قریش نے خندق کی وجہ سے مجبوراً کہاں پڑاؤ ڈالا؟
(A) جہاں وادی رومہ کا پانی اکٹھا ہوتا تھا
(B) جہاں وادی بئر کا پانی اکٹھا ہوتا تھا
(C) جہاں وادی بدر کا پانی اکٹھا ہوتا تھا
(D) کوئی نہیں

18. غزوہ خندق میں اہل قریش کے اتحادی بنی غطفان اور اہل نجد نے کہاں پڑاؤ ڈالا تھا؟
(A) عریج (B) نعمی
(C) عریش (D) ان میں سے کوئی نہیں

19. غزوہ خندق میں آنحضورؐ کی فوج نے کس پہاڑی کے دامن میں پڑاؤ ڈالا؟
(A) سلع (B) احد
(C) عریش (D) عیل

20. علامہ شبلی نعمانی کی کتاب سیرت النبی کے مطابق کتنے دنوں میں خندق کھودی گئی تھی؟
(A) 10 (B) 12
(C) 14 (D) 20

21. غزوہ خندق میں خندق کی گہرائی تھی۔
(A) 10 فٹ (B) 12 فٹ
(C) 15 فٹ (D) 18 فٹ

22. غزوہ خندق میں خندق کی چوڑائی تھی۔
(A) 15 فٹ (B) 16 فٹ
(C) 17 فٹ (D) 18 فٹ

23. غزوہ خندق میں خندق کی لمبائی تھی۔
(A) 3 میل (B) $3\frac{1}{2}$ میل
(C) 4 میل (D) $4\frac{1}{2}$ میل

24. کس صحابی کے مطابق خندق بیس دنوں میں کھودی گئی؟
(A) موسیٰ بن عمیر (B) موسیٰ بن اوس
(C) موسیٰ بن عتبہ (D) موسیٰ بن عبیدہ

25. آنحضورؐ کے مشورہ کے مطابق خندق شیخاں سے لے کر کس مقام تک کھودی گئی؟
(A) سلع (B) عالہ
(C) احد (D) ان میں سے کوئی نہیں

26. خندق کی کھدائی کے دوران سب سے سخت پہاڑ کو آنحضورؐ نے تین ضربوں سے توڑا اس پہاڑ کے ٹوٹنے کے ساتھ آنحضورؐ نے کس فتح کی خوشخبری سنائی؟
(A) ایران (B) روم
(C) یمن (D) تمام

27. غزوہ خندق کے دوران مسلمان عورتوں اور بچوں کی نگرانی کیلئے کسے مامور کیا گیا؟
(A) حضرت حسان بن ثابتؓ
(B) حضرت عمر بن خطابؓ
(C) حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

AWAZ E INQILAB.COM

28. خندق کو آنحضورؐ کے مقرر کردہ رقبہ تک کھودا گیا۔ تاہم کچھ قبائل نے اپنی حفاظت کیلئے اس کی کھدائی کو کس مقام تک بڑھایا تھا؟

(A) قباء (B) عالہ
(C) سلع (D) ان میں سے کوئی نہیں

29. غزوہ خندق کے موقع پر کون سا واحد یہودی قبیلہ مدینہ میں آباد تھا؟

(A) بنوقریظہ (B) بنونضیر
(C) بنوقینقاع (D) بنوعاد

30. حیئ بن اخطب کے کہنے پر بنوقریظہ کے کس سربراہ نے مسلمانوں سے معاہدہ توڑ دیا؟

(A) کعب بن اسد (B) کعب ابن عاد
(C) کعب ابن حسن (D) ان میں سے کوئی نہیں

31. آنحضورؐ نے عبداللہ بن رواحہ اور خوات بن جبیر کے ساتھ کس شخص کو بھیجا تا کہ بنوقریظہؓ کی دھوکہ دہی کی خبر کی تصدیق کی جا سکے؟

(A) سعد ابن معاذؓ (B) سعد ابن عبادہؓ
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

32. کس شخص کے ہمراہ قریش کے کچھ گھڑ سواروں نے خندق کو کم چوڑائی والی جگہ سے پار کر کے سہل کے قریب اپنی پوزیشن سنبھال لی؟

(A) عمرو ابن عبدود (B) عکرمہ ابن ابوجہل
(C) ضرار ابن الخطاب (D) تمام

33. جنگ خندق میں سب سے پہلے کس نے مسلمانوں کو دو بدو لڑائی کے لیے للکارا؟

(A) عمرو ابن عبدود (B) عمار ابن عبدود
(C) عتبہ بن عبدود (D) شیبہ بن عبدود

34. مسلمانوں کی طرف سے کس نے عبدود کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے اسے قتل کر دیا تھا؟

(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت ابوعبیدہؓ
(C) حضرت علیؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

35. عمرو ابن عبدود کے قتل ہوتے ہی اس کے ساتھی میدان جنگ سے فرار ہو گئے کون خندق پار کرتے ہوئے اپنے گھوڑے سمیت اس میں گر کر ہلاک ہو گیا؟

(A) ضرار ابن الخطاب (B) نوفل
(C) عبدوود (D) ابن عبیدہ

36. بنوقریظہ کی دھوکہ دہی پر آنحضورؐ نے کتنے سپاہیوں کو غزوہ خندق میں بنوقریظہ کی مزاحمت روکنے پر مامور کیا؟

50 (A) 95 (B)
101 (C) 200 (D)

37. آنحضورؐ کی اس پھوپھی کا کیا نام تھا جو کہ جنگ خندق کے دوران حسان بن ثابتؓ کی حفاظت میں تھیں؟

(A) حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب
(B) حضرت زینب بنت عبدالمطلب
(C) حضرت خولہ بنت عبدالمطلب
(D) حضرت سودہ بنت عبدالمطلب

38. جنگ خندق میں کس عورت نے اپنے گھر کے گرد منڈلاتے ہوئے یہودی کو قتل کر دیا؟

(A) حضرت صفیہ نیت عبدالمطلب
(B) حضرت رقیہ بن عبدالمطلب
(C) حضرت حلیمہ نیت عبدالمطلب
(D) کوئی نہیں

39. غزوہ خندق کے متعلق کون سا بیان درست ہے؟

(A) آنحضورؐ نے حضرت سلمان فارسی کو اہل بیت قرار دیا۔
(B) آنحضورؐ نے حضرت زبیر بن عوامؓ کو اپنا ساتھی قرار دیا۔
(C) دونوں بیان درست ہیں۔
(D) ان میں سے کوئی درست نہیں۔

AWAZ E INQILAB.COM

40. غزوہ خندق میں کافروں نے مدینہ کا محاصرہ کتنے دنوں تک کیا؟ (P.C.S. J.2002)

(A) 30دن (B) 25دن

(C) 40دن (D) 20دن

41. کون سے قبیلے نے سب سے پہلے مدینہ کا محاصرہ جنگ خندق کے دوران ختم کیا؟

(A) بنوقینقاع (B) بنوقریظہ

(C) قریش (D) ان میں سے کوئی نہیں

42. غزوہ خندق میں منافق قبیلوں خاص طور پر قریش کا مدینہ کا محاصرہ ختم کرنے کی وجہ کیا تھی؟(P.C.S.J 2002)

(A) ماہ ذی الحج کے دوران حج کے انتظامات کرنے کی مصروفیات

(B) خوراک کی کمی اور سپاہیوں کی بیماری

(C) بنوقریظہ کی دھوکہ دہی

(D) تند و تیز ہوا اور بارش

43. غزوہ خندق کے بعد کس کے قبول اسلام پر آنحضورؐ نے فرمایا لوکہ آج مکہ نے اپنے بیٹے ہمارے حوالے کر دیئے''؟

(A) خالد ابن ولید (B) عثمان بن طلحہ

(C) عمرو بن العاص (D) تمام

44. غزوہ خندق میں دو مسلمان شہید ہوئے کتنے کافر قتل ہوئے؟

3(A) 4 (B)

5 (C) 6 (D)

45. غزوہ خندق کے بعد اسی سال دوسرا کون سا غزوہ پیش آیا؟

(A) غزوہ سویق (B) غزوہ بنوقریظہ

(C) غزوہ موتہ (D) غزوہ خیبر

46. کس غزوہ کے لیے آپؐ نے اعلان فرمایا کہ ''کوئی نیک مسلمان بنوقریظہ کے علاوہ کہیں بھی نماز ظہر ادا نہ کرے گا؟''

(A) غزوہ بنوقریظہ (B) غزوہ بنوغطفان

(C) غزوہ بنوسلیم (D) غزوہ بنونضیر

47. آنحضورؐ کس شخص کو پہلے ہی بنوقریظہ کے پاس بھیج چکے تھے اور اس کے بعد پھر بنوقریظہ کے محاصرہ کا حکم دیا؟

(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت علیؓ

(C) حضرت عثمانؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

48. بنوقریظہ اور قریش کے درمیان کشمکش پیدا کرنے والے اس صحابی کا نام بتائیں جو کہ پہلے یہودی تھے لیکن اب مسلمان ہو چکے تھے اور ان کا قبیلہ اس بات سے آگاہ نہ تھا؟

(A) نعیم ابن مسعودؓ (B) نعیم بن آزد

(C) نعیم بن عثمان (D) نعیم بن عتبہ

49. مسلمانوں نے کتنے دنوں تک بنوقریظہ کا محاصرہ کیے رکھا؟

(A) 20دن (B) 22دن

(C) 25دن (D) 30دن

50. محاصرہ بنوقریظہ میں محصور یہودیوں نے کس شخص کو اپنا منصف چنا؟

(A) حضرت ابولابان (B) حضرت سعد بن معاذؓ

(C) حضرت علیؓ (D) حضرت حذیفہؓ

51. یہودیوں کے منصف سعد بن معاذؓ نے کیا فیصلہ کیا تھا؟

(A) بنوقریظہ کے لڑنے والے آدمیوں کو قتل کر دیا جائے۔

(B) بنوقریظہ کی دولت مال غنیمت کے طور پر ضبط کر لی جائے۔

(C) بنوقریظہ کی عورتیں اور بچے قیدی بنا لئے جائیں۔

(D) تمام بیانات درست ہیں۔

52. بنوقریظہ کی لڑائی میں مردوں کے ساتھ ایک عورت بھی قتل ہوئی اس کے قتل کی کیا وجہ تھی؟

(A) اس نے حضرت خالد بن ثعلبہؓ کو شہید کیا۔

(B) اس نے حضرت خالد بن عتبہؓ کو شہید کیا۔

(C) اس نے حضرت خالد بن عبداللہؓ کو شہید کیا۔

(D) اس نے حضرت خالد بن رزاقؓ کو شہید کیا۔

53. غزوہ بنوقریظہ میں کتنے یہودی قتل ہوئے؟

200 (A) 300 (B)

400(C) 500 (D)

AWAZ-E-INQILAB.COM

54. غزوہ بنوقریظہ میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟
(A) ایک (B) دو
(C) تین (D) چار

55. غزوہ بنوقریظہ میں کس شخص کے متعلق آنحضورؐ نے فرمایا کہ ان کا مرتبہ دو شہداء کے برابر ہے؟
(A) حضرت خالد بن ثعلبہ (B) حضرت خالد بن سویدؓ
(C) حضرت خالد بن عتبہؓ (D) حضرت خالد بن رحمانؓ

56. ''میں آنحضورؐ کا دشمن ہونے پر شرمندہ نہیں ہوں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ جو خدا کو چھوڑتا ہے خدا اسے چھوڑ دیتا ہے اور وہی شکست کھاتے ہیں جنہیں خدا شکست دیتا ہے؟ یہ الفاظ کس یہودی نے قتل ہوتے وقت کہے؟
(A) حیئی بن اخطب (B) نعیم بن رزاق
(C) سلیم بن عتبہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

57. غزوہ خندق میں زخمی اور غزوہ بنوقریظہ بعد وفات پانے والے کس صحابی کی نماز جنازہ میں 70,000 فرشتوں نے شرکت کی؟
(A) حضرت سعد بن معاذؓ (B) حضرت خویلدؓ
(C) حضرت منذر بن حبابؓ (D) کوئی نہیں

58. حضرت سعد بن معاذ غزوہ خندق میں زخمی ہونے کے کتنے دن بعد وفات پا گئے؟
(A) 15 دن (B) 25 دن
(C) 30 دن (D) 35 دن

59. 5 ہجری میں رونما ہونے والے غزوات میں غزوہ دومۃ الجندل غزوہ خندق، غزوہ بنوقریظہ اور _____ شامل ہیں۔
(A) غزوہ بنومصطلق یا مریسیع (B) غزوہ حنین
(C) غزوہ موتہ
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

60. غزوہ خندق میں کتنی نمازیں قضا ہوئیں جنہیں بعد میں ادا کیا گیا؟
(A) 1 (B) 2
(C) 3 (D) 4

61. غزوہ بنوقریظہ کے بعد کون مکہ کے ایک قریبی علاقے سے مسلمانوں کی طرف لڑائی کی غرض سے بڑھ رہے تھے؟
(A) بنواسد (B) بنولحیان
(C) بنوقینقاع (D) ان میں سے کوئی نہیں

62. بنولحیان نے کس صحابی کو رجیع کے کنویں کے قریب قتل کر دیا تھا؟
(A) حضرت حبیب بن عدی
(B) حضرت حبیب بن اسد
(C) حضرت حبیب بن عتبہ
(D) حضرت حبیب بن عثمان

63. کس غزوہ کے لیے آپؐ دشمن سے رازداری کے تحت شام کا کہہ کر فوج شمال کی طرف روانہ کر دی؟
(A) غزوہ بنومصطلیق (B) غزوہ لحیان
(C) غزوہ مرہ (D) کوئی نہیں

64. نبی پاکؐ کے آنے کی اطلاع پا کر بنولحیان نے _____
(A) بھاگ کر جانے بچانے میں عافیت سمجھی
(B) راستہ پتھروں سے بھر دیا
(C) قریبی پہاڑوں میں پناہ لی
(D) کوئی نہیں

65. بنولحیان کس مقام پر خیمہ زن تھے؟
(A) غران (B) ار
(C) عریش (D) اران

66. آنحضورؐ نے کس کو بنولحیان کے تعاقب میں روانہ کیا لیکن ان کو لحیان کا سراغ نہ ملا اور مسلمان مدینہ واپس لوٹ آئے؟
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ
(C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

67. بنولحیان کے تعاقب میں حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ کتنے سواروں کا دستہ تھا؟
(A) 100 (B) 200
(C) 300 (D) 400

AWAZ E INQILAB.COM

68. غزوہ لحیان کے کچھ دنوں بعد کس شخص نے مدینہ کے نواح پر حملہ کر کے چرتے ہوئے اونٹوں کو پکڑ لیا ان کے چرواہے کو مار ڈالا اور اس کی بیوی کو ساتھ لے گئے؟

(A) موسیٰ بن اشعری (B) خالد بن احسن
(C) عینیہ ابن حصن فرازی (D) ان میں سے کوئی نہیں

69. کس صحابی نے عینیہ ابن حصن فرازی کو لوٹ مار اور ہنگامہ کرتے دیکھ کر مسلمانوں کو بلایا؟

(A) سلمہ ابن عمرو بن الاکوعؓ (B) عبداللہ بن عمرؓ
(C) حسن بن طفیلؓ (D) ان میں سے کوئی نہیں

70. آپؐ کے گھڑسواروں نے کہاں تک عینیہ ابن حصن کا تعاقب کیا اور اسی جگہ کے نام پر اس غزوہ کا نام ہے؟

(A) ذی قرد (B) لحیان
(C) قریٰ (D) رباط

71. مسلمانوں سے بچ نکل کر عینیہ ابن حصن کس کے پاس پہنچنے میں کامیاب ہو گیا؟

(A) بنو مریصع (B) بنو غطفان
(C) بنو مصطلق (D) کوئی نہیں

72. غزوہ بنی مصطلق / غزوہ مریسیع (Marease) کب لڑا گیا؟

(A) 3 ہجری (B) 4 ہجری
(C) 5 ہجری (D) 6 ہجری

73. غزوہ مریسیع میں کتنے مخالف آدمی مارے گئے؟

(A) 5 (B) 8
(C) 7 (D) 10

74. غزوہ مریسیع میں کتنے مخالف گرفتار ہوئے؟

(A) 100 (B) 250
(C) 450 (D) 600

75. قبیلے کے سربراہ کی اُس بیٹی کا نام بتائیں جو غزوہ مریسع میں قیدی ہو کر آئی آپؐ نے اس سے نکاح کیا؟

(A) سوہ بنت حارث (B) جویریہ بنت حارثؓ
(C) حوضہ بنت عمر (D) عائشہ بنت صدیقؓ

76. غزوہ مریسیع کے بعد کس نے آپؐ کے منافق عبداللہ بن ابی کو قتل کرنے کی اجازت مانگی لیکن نہ ملی؟

(A) حضرت عمرؓ (B) حضرت ابو دجانہؓ
(C) حضرت ابو عکاشہؓ (D) کوئی نہیں

77. عبداللہ بن ابی کے اس بیٹے کا نام بتائیں جس نے اپنے باپ کا سر کاٹنے کی خود اجازت اس خوف کی وجہ سے لی کہ کہیں باپ کی محبت میں اپنے باپ کے قاتل کو قتل نہ کر دے؟

(A) عبید اللہ (B) عبداللہ
(C) عبدالرحمان (D) سہیل

78. غزوہ مصطلق کے متعلق ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟

(A) اس غزوہ میں حضرت عائشہؓ سے متعلق واقعہ افک رونما ہوا۔
(B) اس غزوہ کے دوران تیمم کا حکم نازل ہوا
(C) دونوں درست ہیں۔
(D) ان میں سے کوئی نہیں

79. غزوہ ذی قرد کے دو ماہ بعد کون سا غزوہ رونما ہوا؟

(A) غزوہ سویق (B) غزوہ الجندل
(C) غزوہ بنو مصطلق / مریسیع (D) ان میں سے کوئی نہیں

80. غزوہ حدیبیہ کس ہجری سال رونما ہوا؟

(A) 6 ہجری (B) 7 ہجری
(C) 8 ہجری (D) 9 ہجری

81. حدیبیہ کس پہاڑ پر واقع ہے؟ (P.C.S Judicial2000)

(A) جبل نور (B) جبل حرا
(C) جبل ثویبی (D) جبل صفا

82. ہجرت کے کس سال آپؐ نے اپنے ساتھیوں کو اپنا خواب سنایا کہ وہ مکہ میں محفوظ اور غیر مسلح ہو کر داخل ہو رہے ہیں؟

(A) 5 ویں سال (B) 6 ویں سال
(C) 7 ویں سال (D) 8 ویں سال

AWAZ E INQILAB.COM

83. آنحضورؐ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اپنی جس اونٹنی پر سوار مکہ روانہ ہوئے اس کا نام کیا تھا؟
(A) قصویٰ (B) عرج
(C) ذوالفقار
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

84. براع بن عاذب کی روایت کے مطابق ہجرت کے بعد کعبہ کیطرف پہلے سفر میں آنحضورؐ کے ہمراہ کتنے ساتھی تھے؟
(A) 1000 (B) 2000
(C) 3000 (D) 1400

85. کس صحابی کی روایت کے مطابق حدیبیہ کے سفر میں آنحضورؐ کے ہمراہ 1500 ساتھی تھے؟
(A) جابر ابن حذیفہؓ (B) جابر ابن حمزہؓ
(C) جابر ابن عبداللہؓ (D) جابر ابن علیؓ

86. حدیبیہ کے سفر میں آنحضورؐ کے ہمراہ کتنے اونٹ تھے؟
(A) 50 (B) 60
(C) 70 (D) 80

87. حدیبیہ کے سفر میں آنحضورؐ کے ہمراہ کون سی ام المومنین تھیں؟
(A) حضرت جویریہؓ (B) حضرت سودہؓ
(C) حضرت ام سلمہؓ (D) کوئی نہیں

88. اہل قریش نے کس کی قیادت میں 200 سواروں کو آنحضورؐ اور ان کے ساتھیوں کو مکہ داخل ہونے سے روکنے کیلئے بھیجا؟
(A) خالد ابن الولید (B) عکرمہ ابن ابوجہل
(C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

89. حدیبیہ میں مسلمانوں کے پاس واحد ہتھیار کون سا تھا؟
(A) تلوار (B) تیر
(C) منجنیق
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

90. نبی پاکؐ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کس مقام سے عمرہ کی نیت سے احرام باندھ کر غفان پہنچے؟
(A) ذوالحلیفہ (B) ذی قرد
(C) غطفان (D) قریٰ

91. غسفان کے مقام پر آپ کو کس قبیلے کا فرد ملا جس سے آپؐ نے قریش سے متعلق دریافت کیا؟
(A) بنی کلاب (B) بنی کعب
(C) بنی ثعلبہ (D) بنی عدی

92. بنی کعب کے ایک شخص کی اطلاع کے مطابق اہل مکہ کے سالار نے اپنی فوج کے ساتھ کہاں پڑاؤ ڈالا؟
(A) غطفان (B) سویق
(C) کراع العمیم (D) جحفہ

93. کراع العمیم غسفان سے _____ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔
(A) 6 (B) 7
(C) 8 (D) 9

94. بنی کعب کے آدمی کی اطلاع پر آپؐ نے غسفان چھوڑ کر کہاں پڑاؤ ڈالا؟
(A) براع (B) حدیبیہ
(C) کراع العمیم (D) کوئی نہیں

95. حدیبیہ کہاں پر واقع ہے؟
(A) مکہ کے مشرق میں (B) مکہ کے مغرب میں
(C) مکہ کے جنوب میں (D) مکہ کے شمال میں

96. حدیبیہ میں سب سے پہلے اہل مکہ میں سے کون بنی خزاعہ کے چند ساتھیوں کے ساتھ لشکر اسلام کے پاس آیا؟
(A) بدیل ابن ورقہ (B) حذیفہ ابن ورقہ
(C) اسامہ ابن ورقہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

AWAZ E INQILAB.COM

97. حدیبیہ میں مسلمانوں سے مل کر بدیل ابن ورقہ _____
(A) مطمئن ہوگیا کہ مسلمان واقعی لڑائی کی غرض سے نہ آئے ہیں
(B) کو قتل کر دیا گیا
(C) اس پر متفق نہ ہوا کہ مسلمان صرف عمرہ کے لیے آئے ہیں
(D) کوئی نہیں

98. حدیبیہ میں مسلمانوں سے مطمئن بدیل ابن ورقہ.....
(A) قریش کو بھی مطمئن کرنے میں کامیاب ہوگیا
(B) قریش کو مطمئن نہ کر سکا
(C) راستے میں ہی دم توڑ گیا
(D) کوئی نہیں

99. ''اے گروہ قریش میں قیصر، کسریٰ اور نجاشی کے شاہی درباروں میں بازیابی کا شرف حاصل کر چکا ہوں لیکن بخدا! میں نے کسی فرمانروا کو اس قوم میں اتنا محترم اور معزز نہیں پایا جتنا کہ (حضرت) محمدؐ اپنی قوم میں ہیں۔'' یہ الفاظ قریش کے اس وفد کے سربراہ کے ہیں جو مسلمانوں سے حدیبیہ کے مقام پر بدیل ابن ورقہ کے بعد بات چیت کرنے آیا۔ اس سربراہ کا نام کیا تھا؟
(A) عروہ ابن مسعود ثقفی (B) عروہ ابن مسعود خزرجی
(C) عروہ ابن مسعود طوسی (D) عروہ ابن مسعود اوسی

100. آنحضورؐ کے اس قاصد کا کیا نام تھا جو غزوہ حدیبیہ میں قریش کو مسلمانوں کے اچھے ارادوں سے آگاہ کرنے کے لئے گئے لیکن قریش کے لوگوں نے اس کے اونٹ کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔
(A) خراش ابن حسان (B) خراش ابن امیہ
(C) خراش ابن عتبہ (D) خراش ابن عبداللہ

101. حدیبیہ کے زیر التواء مسئلہ کے دوران مکہ کے ادنی طبقہ کے کتنے لوگوں نے رات کے وقت مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔
(A) 80 (B) 85
(C) 100 (D) 115

102. آنحضورؐ کس شخص کو قریش کے ساتھ دوبارہ مذاکراتی کوششوں کیلئے بھیجنا چاہتے تھے لیکن اسی شخص کی تجویز پر حضرت عثمانؓ کو مسلمانوں کے نمائندہ کے طور پر بھیجا گیا؟
